www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | جمعرات 07 ربیع الاول 1446ھ 12 ستمبر 2024ء | صفحات 08 | شمارہ 75
PTCL 081-2827345 081-2827344 Email: mashriqqta2008@gmail.com | قیمت 30 روپے | رجسٹرڈ BC-m-13

DRAP Enlistment # 7-3873
ٹون سیاہ + ملٹی

ارسا ایکٹ میں ترمیم وفاق کا آئین و صوبائی خودمختاری پر وار، تسلیم نہیں کرینگے، بلوچستان اور سندھ کا اعلان

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت سندھ اور بلوچستان کے مابین آبی تقسیم کے امور سے متعلق محکمہ آبپاشی کا بین الصوبائی اجلاس، آبی مسائل اور ان کے حل کی تجاویز پیش کی گئیں

سندھ اسمبلی نے قرارداد کے ذریعے ترمیم کو مسترد کیا، بلوچستان اسمبلی بھی قرارداد کی حمایت کرے گی، پانی کے مسائل کو باہمی مشاورت سے معاملات کے حل کو یقینی بنانا چاہتے ہیں

سندھ بلوچستان کا بڑا بھائی ہے اور ہم دونوں ملکر اپنے مسائل حل کریں گے حکومت اٹھارویں ترمیم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایک نیا قانون ہم پر مسلط کرنا چاہتی ہے جسے مسترد کرتے ہیں

ارسا ایکٹ کا سیٹ اپ کہتا ہے کہ چاروں صوبوں سے چیئرمین باری باری تعینات ہوں گے، صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی، اور صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو کی میڈیا کو بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت سندھ اور بلوچستان کے مابین آبی تقسیم کے امور سے متعلق محکمہ آبپاشی کا بین الصوبائی اجلاس بدھ کے روز یہاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت منعقد ہوا ... میر صادق عمرانی، صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو، بلوچستان کابینہ اور ... کے صوبائی سیکریٹریز آبپاشی اور دیگر .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی، صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو نے وفاقی حکومت کی جانب سے ارسا ایکٹ میں ترمیم کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ اسمبلی نے ایک قرارداد کے ذریعے اس کو مسترد کیا ہے بلوچستان اسمبلی بھی اس قرارداد کی حمایت کرے گی اس کیونکہ سندھ اور بلوچستان کے پانی کے مسائل مشترک ہیں اور باہمی مشاورت سے معاملات کے حل کو یقینی بنانا چاہتے ہیں جب......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

اپوزیشن کا حصہ ہیں، حکومت میں شمولیت عوامی غیض و غضب کو دعوت دینا ہے، مولانا فضل الرحمن

آئین اور جمہوریت سے متصادم قانون سازی میں حکومت کسی اپوزیشن جماعت کی حمایت نہیں لے سکے گی، سربراہ جے یو آئی

عوام کا دیا اقتدار چاہیے لیکن آئندہ کسی کو مینڈیٹ چوری نہیں کرنے دیں گے سابق وفاقی وزیر محمد علی درانی سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (م ز) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے اعلان کیا ہے کہ جے یو آئی اپوزیشن کا حصہ ہے اور رہے گی۔ انہوں نے یہ بات سابق وفاقی وزیر محمد علی درانی سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر منگل اور بدھ کی درمیانی شب دیر تک ملاقات جاری رہی جس میں سیاسی امور اور مستقبل کی حکمت عملی کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوا......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آبپاشی سے متعلق بین الصوبائی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مقررہ مدت تک امراض قلب کے ہسپتال کا افتتاح نہ ہونے پر ذمہ داران کو معطل کر دیں گے، سرفراز بگٹی

15 جنوری 2025 کو بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا افتتاح ہر صورت ہونا چاہیے 15 دسمبر 2024 کو نئے ٹراما سینٹر کا افتتاح کریں گے

وزیراعلیٰ کی زیرصدارت اجلاس میں جدید ہسپتال اور نئے ٹراما سینٹر کی تعمیر کا فیصلہ، منصوبے پر تیزی سے پیش رفت کے لئے فنڈز کے فوری اجراء کی منظوری

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری بلوچستان کے عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کے لئے پرعزم ہیں، اجلاس سے وزیراعلیٰ کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سندھ میں قائم این آئی سی وی ڈی کی طرز پر بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی قائم ہوگا، 120 بیڈز پر مشتمل امراض قلب کے اس ہسپتال میں جدید طبی سہولیات ہر غریب و امیر......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی اور صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو پریس کانفرنس کر رہے ہیں، صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی اور اراکین صوبائی اسمبلی بھی موجود ہیں

گرفتار ارکان اسمبلی کے پروڈکشن آرڈر جاری، سیکورٹی اہلکاروں سمیت 10 معطل، تحقیقات کیلئے پارلیمانی کمیٹی قائم، سپیکر کا وزارت داخلہ کو ناپسندیدگی کا خط

تمام جماعتوں کا میثاق پارلیمنٹ پر اتفاق

قومی اسمبلی میں بلاول بھٹو کی تجویز قبول

کیا ہم بیٹھ کر چارٹر آف پارلیمنٹ سائن نہیں کر سکتے؟ جماعتیں اکٹھی بیٹھیں یا نہیں، ارکان کو تو ساتھ ہونا چاہیے، جو میں کر سکتا تھا وہ میں نے کیا، ہمیں لوگوں کے حقوق اور مسائل کی بات باہر جانے کی بجائے اس ایوان میں کرنی چاہیے

بلاول بھٹو زرداری، خواجہ آصف، اسحاق ڈار، بیرسٹر گوہر، مصطفیٰ کمال، محمود خان اچکزئی اور عاطف خان کے شکرگزار ہیں، ہمیں بھولنا چاہیے کہ ماضی میں کیا ہوتا رہا غلط چیزیں کسی چیز کو درست نہیں کر سکتیں، واقعہ کی تہہ تک جاؤں گا، سردار ایاز صادق

سارجنٹ ایٹ آرمز محمد اسحٰق اشرف کی چار ماہ تک ملازمت معطل، سیکیورٹی اسسٹنٹ قاص احمد کے علاوہ جونیئر سیکیورٹی اسسٹنٹ عبید اللہ، وحید صفدر اور محمد ہارون کو بھی ملازمت سے 4 ماہ کے لیے معطل کیا

بیرسٹر گوہر کی سربراہی میں پی ٹی آئی کے وفد کی پروڈکشن آرڈر کے اجراء کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات پی ٹی آئی کے گرفتار ارکان قومی اسمبلی کے پروڈکشن آرڈر جاری، اگلے اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت

جس دن میثاق جمہوریت ہوا اگلے دن افتخار چوہدری کی شکل میں سازش شروع ہوئی، مسائل کے حل کیلئے اختر مینگل کا یہاں ہونا ضروری ہے اسمبلی میں آنا نہ چھوڑیں جو لوگ اسمبلی میں نہیں دیکھنا چاہتے وہ تو خوش ہوں گے، بلاول بھٹو

اسلام آباد (م ز) پارلیمنٹ ہاؤس سے پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کی گرفتاری کے معاملے میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سارجنٹ ایٹ آرمز محمد اسحٰق اور 4 سیکیورٹی اہلکاروں کو معطل کر دیا۔ بدھ کو اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے سارجنٹ ایٹ......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

عمر ایوب، اسد قیصر، زرتاج گل و فیصل امین گنڈاپور کی راہداری ضمانت منظور

انتظامیہ نے جلسہ لیٹ کرنے پر پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف مقدمات درج کیے ہیں متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونا چاہتے ہیں، درخواست گزار

پہلی بار دیکھ رہا ہوں کہ ریاست ضمانت کی مخالفت نہیں کر رہی، جسٹس شکیل احمد، ریاست انصاف کے ساتھ کھڑی ہے، ایڈووکیٹ جنرل

پشاور (م ز) پشاور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، رکن قومی اسمبلی زرتاج گل اور وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے بھائی فیصل امین گنڈاپور کی راہداری ضمانت......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج ہوگا

اجلاس میں پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا ترمیمی مسودہ قانون پیش کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا ترمیمی مسودہ قانون پیش......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

گنڈاپور کی باتوں کو بہانہ بنا کر پارلیمنٹ پر حملہ آور ہونا ناقابل قبول ہے، محمود خان اچکزئی

نقاب پوش افراد پارلیمنٹ پر حملہ آور ہوں یہ ناقابل برداشت، آئین کی بالادستی کے لیے آپ جہاں تک جائیں گے ہم آپ کے ساتھ ہیں

بڑا اچھا ماحول ہے ایوان میں بڑی اچھی باتیں ہوئیں ریکارڈ پر آ گئی ہیں، لیکن جس انداز سے ہوئیں وہ ٹھیک نہیں، اجلاس میں گفتگو

پشاور (م ز) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور کی باتوں کو بہانہ بنا کر پارلیمنٹ پر حملہ آور ہونا ناقابل قبول ہے۔ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ نقاب پوش افراد پارلیمنٹ پر حملہ آور ہوں یہ ناقابل برداشت ہے، آئین کی بالادستی کے لیے آپ جہاں تک جائیں گے ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ انہوں......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کسی صورت اعلیٰ عدلیہ کے اختیارات میں کمی برداشت نہیں کرینگے، سینیٹر حامد خان

وزیراعظم کہہ رہے ہیں کہ وہ آئینی پیکیج لا رہے ہیں، یہ آئینی پیکیج خفیہ ہے، پریس کانفرنس

لاہور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اور سینیٹر حامد خان کا کہنا ہے کہ وکلاء کسی صورت سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے اختیارات میں......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر سندھ کامران ٹیسوری 12 ربیع الاول کے حوالے سے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں
گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل اور علمائے کرام بھی موجود ہیں

باجوڑ، فائرنگ سے پولیس اہلکار، ایک پولیو ورکر جاں بحق

باجوڑ (م ز) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ میں پولیو ٹیم پر فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار اور پولیو ورکر جاں بحق ہوگیا۔ فائرنگ کا واقعہ باجوڑ کے علاقے سلارزئی میں پیش آیا، پولیس نے بتایا کہ سلارزئی میں پولیو ٹیم پر......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

تھانہ شادمان جلاؤ گھیراؤ کیس: عمر ایوب اور اسد عمر کی عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب اور اسد عمر سمیت دیگر کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی۔ اے ٹی سی لاہور کے ڈیوٹی جج ارشد جاوید نے 9 مئی تھانہ شاد......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ہائی کورٹ میں آئی پی پیز کے خلاف درخواست دائر

عوام بل ادا کرنے سے قاصر ہیں، جن آئی پی پیز کو اضافی ادائیگیاں کی گئی ہیں، ان سے واپس لینے کی استدعا

پشاور (آن لائن) پشاور ہائی کورٹ میں آزاد پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) کے خلاف درخواست دائر کر دی گئی ہے۔ درخواست سرحد چیمبر آف کامرس اور......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت نے سپریم کورٹ سے ڈیمز فنڈز کی رقم مانگ لی

چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز فنڈز سے متعلق کیس کی سماعت کی

ہم نے ایک متفرق درخواست دائر کی ہے، ڈیمز فنڈز کے پیسے وفاق اور واپڈا کو دیے جائیں، ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمن

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سپریم کورٹ سے دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز فنڈز کی رقم مانگ لی۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز فنڈز سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمن نے کہا کہ ہم نے ایک متفرق درخواست دائر کی ہے، ڈیمز فنڈز کے پیسے وفاق اور واپڈا کو دیے جائیں، سپریم کورٹ کی نگرانی میں اسٹیٹ بینک نے اکاؤنٹ کھولا تھا۔ چیف جسٹس......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد لاہور، پشاور سمیت ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے

زلزلے کی شدت 5.7 ریکارڈ کی گئی اور مرکز ڈیرہ غازیخان کے قریب تھا

ملتان، فیصل آباد، میانوالی، بھکر، کمالیہ، خانیوال، اور جھنگ میں بھی جھٹکے محسوس کیے گئے

اسلام آباد، لاہور، ملتان، ڈیرہ غازیخان (بیورو رپورٹ) اسلام آباد لاہور، پشاور سمیت ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں، زلزلے کی شدت زلزلے کی شدت 5.7 ریکارڈ کی گئی اور مرکز ڈیرہ غازیخان کے قریب تھا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت، پنجاب اور خیبر پختونخوا کے کئی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ترجمان حکومت کی تربت بم دھماکے کی مذمت، تحقیقات کا حکم دے دیا

دھماکے میں 4 افراد زخمی ہوئے، جنہیں بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے تربت بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے تحقیقات کا حکم دے دیا۔ اپنے ایک بیان میں ترجمان حکومت......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کے مالی معاملات میں بڑی بے ضابطگیوں کا انکشاف

پیپرا قوانین کی خلاف ورزی کرکے 2 کروڑ 75 لاکھ کا ٹھیکہ دیدیا

آڈٹ حکام کی جواب نہ ملنے پر معاملے کی تحقیقات کیلئے انکوائری کرانے کی سفارش

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے کے مالی معاملات میں بڑی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، ایف آئی اے حکام نے پیپرا قوانین......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

قائداعظم کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی جتنی ضرورت آج ہے کبھی نہ تھی، محسن نقوی

ان کی جرات مندانہ قیادت کے بغیر آزاد وطن کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہ ہوتا، برسی پر پیغام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ آج قائداعظم کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی جتنی ضرورت ہے شاید پہلے کبھی نہ تھی۔ قائداعظم......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

نیپرا نے صارفین کیلئے بجلی مزید ایک روپے 74 پیسے مہنگی کر دی

بجلی اپریل تا جون کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مہنگی کی گئی ہے، باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری

صارفین پر اضافے کا 43 ارب 23 کروڑ روپے کا بوجھ پڑے گا، اضافے کی وصولی 3 ماہ میں کی جائے گی

اسلام آباد (م ز) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین کے لیے......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے چیمبر میں بلوچستان انٹیلیجنٹ تھنک ٹینک اوپس کے وفد ملاقات کر رہے ہیں

دعا بھٹو کی حلیم عادل شیخ سے خلع کی درخواست منظور

عدالت کا بچے کے اخراجات کی مد میں حلیم عادل شیخ کو 24 ہزار روپے ماہانہ دینے کا حکم

کراچی (آن لائن) سول جج جوڈیشل مجسٹریٹ کراچی غربی کی عدالت نے دعا بھٹو کی حلیم عادل شیخ سے خلع کی درخواست منظور کرلی۔ عدالت نے اپنے ریمارکس میں کہا ہے کہ فریقین کے درمیان مصالحت کی کوششیں ناکام ہو گئی ہیں۔ عدالت نے بچے کے اخراجات...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی مصروفیت کے باعث کابینہ کا اجلاس ملتوی کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ کا بدھ کو ہونے والا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کابینہ کا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی مصروفیات کے باعث ملتوی کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ اجلاس......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بہن کلثوم نواز کی وفات کا غم ہمارا پورا خاندان کبھی نہیں بھول سکتا ہے، وزیراعظم

آمریت کے خلاف ان کی قابل فخر اور یادگار تحریک سیاسی تاریخ کا روشن باب ہے، برسی پر پیغام

اسلام آباد (م ز) وزیراعظم شہباز شریف نے سابق خاتون اول اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف کی اہلیہ محترمہ کلثوم نواز کی چھٹی......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کے دوستوں کا زیادہ برا نہ مانیں، ان کا رہنما گرفتار ہے، مصطفیٰ کمال

پی ٹی آئی کے لوگوں کی مجبوریاں بھی ہیں، یہ فیصلہ کرنے کے مجاز نہیں ہیں، ایم کیو ایم پاکستان

اسلام آباد (م ز) متحدہ قومی موومنٹ (پاکستان) کے رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے دوستوں کا زیادہ برا نہ مانیں، ان کا رہنما گرفتار ہے۔ مصطفیٰ کمال نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب آپ لڑائی کر رہے ہیں......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان: دستی بم حملہ اور فائرنگ، 1 بچہ جاں بحق، 7 افراد زخمی، وزیراعلیٰ نے بم حملے کی رپورٹ طلب کر لی

تربت میں موٹر سائیکل سواروں نے دستی بم پھینکا جس کے نتیجے میں ظریف، ظفر، عدنان، اویس اور نصرت زخمی ہو گئے

دکی میں پرائیویٹ کلینک پر فائرنگ، لیڈی ڈاکٹر زخمی، کوہلو میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 بچہ جاں بحق دوسرا شخص زخمی

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے علاقے تربت میں دستی بم حملہ اور دکی و کوہلو میں فائرنگ کے واقعات میں 1 بچہ جاں بحق، 7 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تربت میں نیشنل بینک چوک پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے دستی بم پھینکا جو روڈ پر گر کر زور دار......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

لاپتہ ہو کر واپس آنیوالے فیضان سے تفتیش نہ ہونے پر عدالت برہم

ایک ویڈیو اپ لوڈ ہوئی تھی، پولیس، 4 روز ہوگئے آپ تفتیش نہیں کر سکے، جسٹس بابر ستار

اسلام آباد (م ز) اسلام آباد ہائی کورٹ نے لاپتہ ہو کر واپس آنے والے فیضان سے تفتیش نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا۔ لاپتہ فیضان کی بازیابی سے متعلق......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

مسلمان علیحدہ وطن کے قیام کیلئے قائداعظم کے مقروض ہیں، صدر زرداری

پوری قوم کو ان کی انتھک جدوجہد اور حق خود ارادیت کیلئے اس غیر متزلزل عزم پر فخر ہے جس نے لاکھوں مسلمانوں کی قسمت سنواری، وزیراعظم

ہم برصغیر کے مسلمان ایک علیحدہ وطن کے قیام کے لئے ان کی کوششوں کے انتہائی مقروض ہیں 76 ویں برسی کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (م ز) صدر مملکت اور وزیراعظم پاکستان نے قائداعظم محمد علی جناح کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ بابائے قوم کی 76 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ قائداعظم محمد علی جناح ایک دور اندیش رہنما تھے جنہوں......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

جعلی اکاؤنٹس کیس کے ملزم ڈاکٹر ڈنشا کو بیرون ملک جانے کی اجازت مل گئی

ملزم 2 ماہ میں وطن واپس آ کر پاسپورٹ ٹرائل کورٹ کو جمع کرانے کے پابند ہوں گے: سپریم کورٹ

اسلام آباد (م ز) سپریم کورٹ نے جعلی اکاؤنٹس کیس کے ملزم ڈاکٹر ڈنشا کو بیرون ملک جانے کی اجازت دیدی۔ جسٹس جمال مندوخیل کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، میر صادق سنجرانی کے خلاف انتخابی عذرداری خارج ہونے کے بعد اعجاز سنجرانی و دیگر وکٹری کا نشان بنا رہے ہیں

منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے پائلٹ پروگرام مکمل

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار

فنانشل مانیٹرنگ یونٹ کو موصول رپورٹس کی بروقت تحقیقات کی گئیں، رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) حکومت اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے پائلٹ پروگرام مکمل ہوگیا، ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا شہری اور آزاد انسان ہوں، آپ کو جواب دینا پڑے گا، نہیں دیں گے تو وزیرِ اعلیٰ کو نچی کروں گا: علی امین گنڈاپور

جزا اور سزا کا منصفانہ نظام نہ ہونے کی وجہ سے بار بار آئین شکنی کی گئی ہے، دو قانون، دو نظام اور دو پاکستان نہیں چل سکتے

ہم نے کسی سے انتقام نہیں لیا، اپنے حق، انصاف اور حقیقی آزادی کیلئے بات کرنا ترک نہیں کریں گے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (م ز) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ میں پاکستان کا شہری اور آزاد انسان ہوں......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، توہین رسالت کے الزام میں 1 شخص گرفتار، مشتعل ہجوم کا احتجاج، خروٹ آباد تھانے میں داخل

گرفتاری کے بعد مشتعل ہجوم نے خروٹ آباد تھانے پر دھاوا بول دیا، مرکزی دروازہ توڑ کر ملزم کو حوالے کرنے کا مطالبہ

نجی ہوٹل کے مالک عبدالعلی عرف لالا نے توہین رسالت کی، جس پر مشتعل افراد نے احتجاجاً مغربی بائی پاس روڈ بلاک کر دیا

اے سی اور پولیس حکام کے مظاہرین کیساتھ مذاکرات، ایس ایس پی آپریشنز، ضلعی انتظامی حکام پہنچ گئے، صورتحال کشیدہ رہی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پولیس نے خاتم النبیین رسول اللہ کی شان میں گستاخی کرنے والے ہوٹل مالک کو گرفتار کر کے......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ایوان سے گرفتاریوں کے معاملے پر سپیکر کے اختیارات ناکافی ہیں، پی ٹی آئی

اس وقت ملک میں آئینی حکومت نہیں ہے، یہ حکومت جعلی مینڈیٹ پر قائم ہے، اسد قیصر

گرفتاریوں کے معاملے پر انٹیلی جنس اداروں کے ڈائریکٹرز کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے، عمر ایوب

اسلام آباد (آن لائن) تحریک انصاف نے سپیکر قومی اسمبلی کے اقدامات پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت ملک میں آئینی حکومت......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی اراکین قومی اسمبلی نے جسمانی ریمانڈ کا فیصلہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا

اسلام آباد (م ز) پاکستان تحریک انصاف کے اراکین قومی اسمبلی شیخ وقاص اکرم، زین قریشی، شیر افضل اور شعیب شاہین نے 8 روزہ جسمانی ریمانڈ کے انسداد دہشت گردی عدالت کے فیصلے کو اسلام آباد ہائی......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

رحیم یار خان میں کاروکاری کے معاملے پر دو گروپوں میں تصادم، پانچ افراد ہلاک

رحیم یار خان (این این آئی) ضلع رحیم یار خان کے تھانہ ماچھکہ میں کچے کے علاقے میں کاروکاری کے معاملے پر دو گروپوں میں ہونے والے تصادم میں کم از کم پانچ افراد ہلاک ہو گئے۔ رحیم یار خان کے تھانہ ماچھکہ کی......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، تحریک لبیک پاکستان کے تحت توہین رسالت کے واقعہ کے خلاف مظاہرہ کیا جا رہا ہے

این اے 171 ضمنی الیکشن، انتخابی مہم کا وقت ختم، پولنگ (آج) ہوگی

پیپلز پارٹی کے مخدوم طاہر رشید الدین اور تحریک انصاف کے امیدوار حسان مصطفیٰ ایڈووکیٹ کے درمیان مقابلہ

رحیم یار خان (این این آئی) این اے 171 رحیم یار خان 3 میں ضمنی الیکشن کیلئے انتخابی مہم کا وقت ختم ہوگیا جس کے بعد پولنگ آج (12 ستمبر) کو ہوگی۔ حلقہ این اے 171 رحیم یار خان 3 میں ضمنی الیکشن میں 7 امیدوار حصہ لے رہے ہیں جبکہ پاکستان پیپلز......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

مینہ مجید بلوچ وزیراعلیٰ کی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مقرر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن مینہ مجید بلوچ کو وزیراعلیٰ کی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مقرر کر دیا گیا۔ بدھ کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار کی بطور نائب وزیراعظم تقرری کیخلاف استدعا فوری سماعت کیلئے منظور

پرویز الٰہی بھی تو ڈپٹی وزیراعظم رہ چکے؟ عدالت، ان کا نوٹیفکیشن مختلف تھا، وکیل

پرویز الٰہی کی تقرری کا نوٹیفکیشن اور ہائی کورٹس کے فیصلے کی نقول پیش کی جائیں، چیف جسٹس سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے وفاقی وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بطور نائب وزیراعظم تقرری کے خلاف استدعا فوری سماعت کے لیے منظور کر لی۔ اسحاق ڈار کی بطور نائب وزیراعظم تقرری کے خلاف درخواست پر سندھ ہائی کورٹ میں سماعت ہوئی۔ عدالت نے فریقین سے 2 ہفتوں میں جواب طلب کر لیا۔ چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ نے......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

نام نہاد جمہوری حکومت میں کالے قوانین بنائے جا رہے ہیں، شاہد خاقان عباسی

جمہوری حکومتوں میں ایسے مظالم دیکھنے کو نہیں ملتے، جو کچھ ہو رہا ہے مارشل لا کے بدترین دور میں بھی نہیں ہوا

جلسہ والے دن انٹرنیٹ سست، ہر سڑک پر کنٹینرز لگے ہوئے تھے، یہ کون سی جمہوریت ہے کہ حکومت خود محصور ہو کر رہ گئی، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (م ز) چیئرمین عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملک کی بدقسمتی ہے کہ آج ایک نام نہاد جمہوری حکومت کے ہوتے ہوئے کالے قوانین بنائے جا رہے ہیں جو مارشل لا کے بدترین دور میں بھی نہیں تھے۔ بدھ کو یہاں پریس کانفرنس......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سرکاری امور کی پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گستاخ رسول نے عالم اسلام کی جذبات کو ٹھیس پہنچائی ہے، محمد طاہر توحیدی

گستاخ رسول کو سر عام پھانسی دی جائے بصورت دیگر بدامنی و انتشار کی ذمہ داری انتظامیہ ہوگی

...انتظامیہ ہوگی انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے ورکرز مرکزی صوبائی و ضلعی جماعت کے فیصلوں کے منتظر رہیں۔ مرکزی صوبائی و ضلعی قائدین جو بھی لائحہ عمل دینگے ہر قسم کی قربانی دینے سے دریغ نہیں کریں گے انہوں نے مزید کہا کہ ناموس رسالت ناموس صحابہ اور شعائر اسلام کی دفاع اور تحفظ کے لئے زندگیاں قربان کریں گے

المدارس یونٹ قلی چلتن ریکسانی ہزارگنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی سرپرست اعلیٰ مولانا راز محمد حسنی مولانا شیخ عبدالحق سینئر نائب امیر مولانا محمد صادق نائب اول مولانا عبدالمنان سعادت نائب امیر دوئم مولانا نصیب اللہ حقانی نائب سوئم مولانا مفتی حسین احمد ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا مفتی دین محمد جنرل سیکرٹری اول مولانا امین اللہ امین ڈپٹی...

قائداعظم محمد علی جناح کی سیاسی بصیرت اور ولولہ انگیز قیادت کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، چوہدری نعیم کریم

کوئٹہ (آن لائن) سینئر مرکزی رہنما مسلم لیگ (ن) چوہدری نعیم کریم کا قائداعظم محمد علی جناح کی 76 ویں برسی پر پیغام، چوہدری نعیم کریم نے کہا قائداعظم محمد علی جناح کی سیاسی بصیرت اور ولولہ انگیز قیادت کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، انتھک جدوجہد، غیر متزلزل عزم، بلند حوصلہ اور ایمانداری قائداعظم کی شخصیت کو ممتاز کرتے ہیں، قائداعظم کی جرات مندانہ قیادت کے بغیر آزاد وطن کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہ ہوتا، قائداعظم کا یہ احسان تاقیامت نہیں اتار سکتے کہ آج ہم بحیثیت قوم آزاد وطن میں سانس لے رہے ہیں، آج قائداعظم کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی جتنی ضرورت ہے شاید پہلے کبھی نہ تھی، قائد کے پاکستان میں کسی کو لسانی، طبقاتی اور گروہی بنیادوں پر فوقیت حاصل نہیں، قائداعظم کے فرمودات پر چلنے میں ہی پاکستان کی ترقی کا راز مضمر ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی اور پارلیمانی سیکرٹری مینا مجید ملاقات کر رہے ہیں

سول سیکرٹریٹ ملازمین کے مطالبات منظور کئے جائیں، مولانا محمد شفیق دولتزئی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ سول سیکرٹریٹ بلوچستان کے ملازمین اپنے جائز مطالبات منظور ہونے پر کئی عرصے سے ہڑتال پر ہیں جن کے باعث عوام کے مسائل حل نہ ہونے پر سخت مشکلات کا سامنا ہے جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان کے ہر قسم کے مراعات حاصل ہیں تو لہٰذا یہ ہم اشخاص اس اہم مسئلہ پر خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں ان کے بلوچستانی عوامی سول سیکرٹریٹ کے ملازمین کے ہڑتال سے لا تعلق ہے جو کہ انتہائی قابل مذمت اقدام ہے انہوں نے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے اپیل ہے کہ سول سیکرٹریٹ کے ملازمین کے تمام جائز مطالبات فوراً تسلیم کریں ہڑتال ختم کرنے کے لئے موثر اقدامات کریں۔ انہیں سول سیکرٹریٹ کے ملازمین کے ہڑتال سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔

ختم نبوت کی توہین کی ہر سازش ناکام بنائیں گے، تحریک لبیک کوئٹہ

قائدین اور ورکرز نے ہمیشہ دین کی سربلندی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) تحریک لبیک پاکستان کوئٹہ ڈویژن کے امیر طارق محمود عباسی، ناظم اعلیٰ حاجی محمد ظریف، علامہ ذوالفقار علی طارق، علامہ محمد اشرف رضوی، ڈاکٹر ظاہر لانگو تحریک لبیک اسلام کوئٹہ کے امیر قاری عمران، وسیم خان، علامہ گوہر خان ہنگورئی، علامہ عبدالحمید امجدی صوبائی ترجمان فہیم سلطانی کی قیادت میں کوئٹہ میں گستاخ کی رسول ﷺ کی شان میں گستاخی کے خلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کوئٹہ میں مغربی بائی پاس پر ایک شخص کی جانب سے ختم نبوت کے تقدس کی گستاخی کی گئی جس کی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ تحریک لبیک پاکستان نے ہمیشہ دین کی سربلندی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے اور کرتی رہے گی، کسی کو بھی اسلام مخالف اقدام کی اجازت نہیں دیں گے، دین اسلام روز روشن کی طرح ایک چمکتا ہوا مذہب ہے، وصف ختم نبوت پر پہرہ دینا اور ناموس رسالت ﷺ کا دفاع کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے، تمام جماعتیں چاہے وہ سیاسی ہوں یا مذہبی ہوں ہم سب کی کوششوں کو سراہتے ہیں ہر اس ادارے اور مکتبہ فکر کا جس نے اس کاوش میں اپنا کردار ادا کیا ان کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ دیگر علماء نے کہا کہ یہ واقعہ ہمارے ایمان اور عقیدے پر حملہ ہے اور ہم اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ انصاف کے تمام تقاضے پورے کیے جائیں گے اور ایسے واقعات کی دوبارہ تکرار نہیں ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحریک لبیک پاکستان ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے لیے تیار ہے اور اس بات کی خواہاں ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے مکمل انصاف کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سیکرٹری خزانہ بابر خان کیساتھ ڈسٹرکٹس اکاؤنٹ آفیسر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان کا انقلابی فلسفہ پاکستان کو متحد رکھ سکتا ہے، رحیم کاکڑ

اس وقت وطن عزیز کو باعمل صالح سیاسی قیادت کی ضرورت ہے، میر وائیس

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سید اقبال شاہ ایڈووکیٹ میر وائیس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ امین آغا ارشد اچکزئی توقیر بھٹی ضیاالحق نے کہا ہے کہ تحریک انصاف ملک اور فیڈریشن کی واحد جماعت ہے جو کہ ملک کے چاروں صوبوں کشمیر گلگت بلتستان میں یکساں مقبول جماعت ہے اور پاکستان کو متحد بھی عمران خان کا انقلابی فلسفہ رکھ سکتا ہے آج 75 سالوں سے پاکستان پر حکومت کرنے والے ڈکٹیٹروں اور موروثی نام نہاد سیاسی جماعتوں نے جو حال کیا ہے وہ سب آج 25 کروڑ عوام کے سامنے ہے ملک کے ہر کونے میں امن وامان کا مسئلہ ہے کے پی کے اور بلوچستان میں دہشتگردی اپنے عروج پر ہے سندھ میں کچے کے ڈاکو جو کچھ کر رہے ہیں اسکے سامنے حکومت بے بس ہو چکی ہے صرف مخصوص کے پی کے اور بلوچستان میں فوج کو استعمال میں لایا جا رہا ہے اور سندھ میں تمام دہشتگرد ڈاکو اغوا برائے تاوان والے کچے کے ڈاکوؤں کے سامنے بے بس ہیں اس وقت وطن عزیز کو باعمل صالح سیاسی قیادت جو کہ بلکل نئی قیادت پر مشتمل ہوں بقایا موجودہ کرپشن ٹولوں سے اب یہ ملک چلنے والا نہیں ہے

کوئٹہ، اپیکا آرکیالوجی اینڈ میوزیم یونٹ کے اجلاس کی صدارت صدر حاجی نعمان کر رہے ہیں

کم عمری کی شادیاں بچوں کی تعلیم اور ترقی کو متاثر کر رہی ہیں، ڈاکٹر بشیر

کم عمر شادیوں کے نتیجے میں زچگی اور بچوں کی اموات میں اضافہ ہو رہا ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) کم عمری کی شادیاں بچوں اور بچیوں کی ذہنی اور جسمانی صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہو رہی ہیں۔ کم عمری میں شادی کرنے سے نہ صرف بچوں اور نوجوانوں کی تعلیم اور ترقی متاثر ہوتی ہے بلکہ اس کے نتیجے میں زچگی اور بچوں کی اموات کی شرح میں بھی اضافہ دیکھنے کو ملتا ہے ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے ڈاکٹر بشیر احمد نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ کم عمر لڑکیوں کی جسمانی نشوونما ابھی مکمل نہیں ہوتی اور ایسے حالات میں ماں بننا ان کے جسم کے لیے شدید نقصاندہ ثابت ہو سکتا ہے۔ کم عمر ماؤں کے لیے دوران حمل پیچیدگیاں زیادہ ہوتی ہیں جن میں خون کی کمی، کم وزن بچوں کی پیدائش اور ولادت کے دوران اموات شامل ہیں۔ کم عمری میں ماؤں کے لئے صحت کی پیچیدگیوں کی وجہ سے ان کی زندگی کو بھی خطرہ ہوتا ہے اور اکثر اوقات ایسی مائیں صحت مند نہیں رہ پاتیں، جس سے ان کے بچوں کی زندگی بھی متاثر ہوتی ہے۔ اس قسم کی شادیوں کے نتیجے میں بچیاں کم عمر میں ہی خاندان کی ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھانے پر مجبور ہو جاتی ہیں، جو ان کی نفسیاتی صحت کو متاثر کرتا ہے

ناظم آئی جے ٹی بہادر خان کاکڑ آج پریس کانفرنس کریں گے

کوئٹہ (آئی این پی) ناظم اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان بہادر خان کاکڑ کی قیادت میں طلباء برادری کے قائدین آج جمعرات 12 ستمبر شام 5 بجے کوئٹہ طلباء مسائل، مشکلات اور آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے کوئٹہ پریس کلب میں اہم مشترکہ پریس کانفرنس کریں گے۔

اوستہ محمد، دوران ڈکیتی ایک شخص زخمی

اوستہ محمد (آن لائن) دوران ڈکیتی ایک شخص زخمی تفصیلات کے مطابق سٹی تھانہ کے حدود الرحمان ہوٹل کے قریب تین ڈاکوؤں نے غلام یاسین رند سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مذاحمت پر گولی مار کر غلام یاسین کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوع پہنچ کر زخمی کو اسپتال میں طبی امداد کے بعد لاڑکانہ ریفر کر دیا۔

کوئٹہ، سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی چیئرمین بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک اویس جدون بسٹ گروپ فوٹو

گستاخ کے خلاف 295 سی کی ایف آئی آر درج کی جائے، ذوالفقار طارق

رسول اللہ کی زندگی ہمارے لئے مشعل راہ ہے، شان رسول میں گستاخی پر خاموش نہیں رہ سکتے

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت وجماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے تحریک لبیک پاکستان صوبائی ترجمان فہیم احمد رضوی حاجی ظریف رضوی و دیگر کا آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں آمد تحریک لبیک کے زیر اہتمام ہونے والے جمعہ کے روز تاجدار ختم نبوت ریلی کی دعوت دی اس موقعے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جبل نور کے قریب شان اقدس میں گستاخی کرنے والے شخص کے خلاف فل فور 295 سی کے تحت ایف آئی آر درج کیا جائے انتظامیہ ہمیں طفل تسلیاں نہ دے بلکہ عملی کارروائی کر کے دکھائے شان اقدس میں ہم کوئی بات برداشت نہیں کر سکتے ہمارا سب کچھ آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دین اسلام کے لیے وقف اور ہم ہر قربانی دینے کے لیے تیار ہیں ملعون کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے تمام حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں

ربیع الاول کا مہینہ برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے، ماسٹر امیر محمد

مسلمانوں کو حضور کی سیرت اور سنتوں پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) ربیع الاول کے مقدس مہینہ برکتوں کا مہینہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام جہانوں کے لیے رحمت اللعالمین بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف مسلمانوں ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے ایک مثالی نمونہ پیش کیا۔ آپ نے انسانیت کو بھائی چارے، محبت اور اتحاد کا پیغام دیا۔ رسول کی تعلیمات میں امت کے اتحاد کا درس ملتا ہے ان خیالات کا اظہار بارکزئی فلاحی تنظیم پاکستان (رجسٹرڈ) کے جنرل سیکرٹری ماسٹر امیر محمد نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو آپس کے تفرقوں اور نفرتوں سے سختی سے منع فرمایا۔ آپ نے فرمایا کہ مومن ایک دوسرے کے لیے بھائی کی مانند ہیں اور ایک جسم کے مختلف اعضاء کی طرح آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔ جب ایک عضو کو تکلیف ہوتی ہے تو پورا جسم اس کا احساس کرتا ہے۔ اسی طرح مسلمانوں کو بھی ایک دوسرے کی تکلیف میں شریک ہونا چاہیے اور آپس میں اتحاد و اتفاق قائم رکھنا چاہیے۔ ربیع الاول کا مہینہ مسلمانوں کے لیے بڑی برکتوں والا مہینہ ہے۔ اس مہینے میں مسلمانوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ کا مطالعہ کرنا چاہیے اور آپ کی سنتوں پر عمل کرنا چاہیے۔ آپ کی زندگی کا ہر پہلو ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ آج کے دور میں مسلمانوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے آپس میں اتحاد و اتفاق قائم کرنا انتہائی ضروری ہے۔ آج دنیا میں مسلمان مختلف فرقوں اور گروہوں میں بٹے ہوئے ہیں اور ایک دوسرے کے خلاف لڑ رہے ہیں۔ یہ صورتحال بہت بڑا خطرہ ہے۔

قائداعظم کی انتھک جہد پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، فرید افغان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر مرکزی رہنما فرید افغان ایڈووکیٹ کا 11 ستمبر آج بانی پاکستان بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی 76 ویں برسی کے موقع پر پیغام میں انہوں نے کہا ہے، پوری قوم سے دعائے مغفرت کی استدعا ہے، اللہ پاک عظیم رہنما کو جنت الفردوس میں اعلیٰ وارفع مقام عطا فرمائے۔ اور بحیثیت قوم ہمیں خود احتسابی کرتے ہوئے یہ سوچنے کی ضرورت ہے کیا ہم نے جن قربانیوں کے ثمر کے طور پر یہ مملکت خداداد ہمیں ملی اس کے وقار اور اسے ان کی جدوجہد ان کے ارشادات، انکی جمہوریت پسندی کی سوچ، اور انکے افکار کے مطابق خو کو ڈھال لیا ہے۔ اور اگر ہم ضمیر کے قیدی ہیں تو ہمیں اپنے ضمیر کے مطابق ہر مکتبہ فکر چاہے کسی بھی شعبے سے ہمارا تعلق ہے ہمیں ایک ہی جواب ملے گا کہ جس سوچ ولولے اور فکر کے مطابق قائد کا پاکستان وجود میں آیا اس کی آبیاری کرنے میں بحیثیت قوم ہم ابھی تک ناکام رہے ہیں اور ہمیں ہر سطح پر اپنی اصلاح اور جہد مسلسل کرنے کی ضرورت ہے۔

محکمہ صحت کی تنظیموں کا اجلاس وائی ڈی اے کی میزبانی میں منعقد ہوا

ایم ٹی اے، پی ایم اے، ہیلتھ منیجمنٹ کیڈر، پیرامیڈیکس، نرسز، لیڈی رہنماؤں کی شرکت

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی میزبانی میں ایک انتہائی اہم اجلاس پی جی ایم آئی سول ہسپتال میں منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت سے منسلک تمام اہم تنظیموں نے بھرپور شرکت کی۔ اس اجلاس میں بولان میڈیکل ٹیچرز ایسوسی ایشن، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن، ہیلتھ منیجمنٹ کیڈر بلوچستان، آل پاکستان پیرامیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن، آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن، آل پاکستان پیرامیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن 2076، ینگ نرسز ایسوسی ایشن، آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، پاکستان فارماسسٹ ایسوسی ایشن، ینگ نرسز ایسوسی ایشن نظریاتی، ہیلتھ منیجمنٹ کیڈر، ینگ پروگریسو فارماسسٹ بلوچستان، ینگ فارماسسٹ ایسوسی ایشن، بلوچستان فزیوتھراپی ایسوسی ایشن، ای پی آئی ایمپلائز بلوچستان اور ٹیکنیکل پروگرام ایمپلائز یونین بلوچستان کے مرکزی عہدیدار شامل تھے۔ اجلاس ڈاکٹر چنگیز نکی، ڈاکٹر سید ظہور شاہ، ڈاکٹر الیاس بلوچ اور ڈاکٹر طارق مری کی چیئرمین شپ میں منعقد ہوئی، جہاں حکومت بلوچستان کی عوام دشمن پالیسیوں کو یکسر مسترد کیا گیا۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان اور دیگر تمام تنظیمیں حکومت بلوچستان کو متنبہ کرتی ہیں کہ ہم تمام صحت کی تنظیمیں ایک پیج پر ہیں، اور اگر حکومت نے اپنے عوام دشمن فیصلے واپس نہ لیے تو سخت ترین احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی۔ یہ فیصلہ کیا گیا کہ احتجاجی تحریک ہر سطح پر جاری رہے گی اور اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھا جائے گا جب تک حکومت اپنے فیصلے واپس نہیں لیتی۔

ختم نبوت کی حفاظت کے لیے ہر قربانی کے لیے تیار ہیں، موسیٰ بلوچ

گستاخ شان رسالت کے مرتکب ملعون کی بروقت گرفتاری پر پولیس کو خراج تحسین

کوئٹہ (اے این این) سنگت موسیٰ بلوچ اپنے اخباری بیان میں کہا کہ کوئٹہ میں آج شان رسالت کے بارگاہ اقدس گستاخی ناقابل برداشت ہے اور بلوچستان میں حالیہ دنوں میں ہونے والی گستاخانہ حرکتیں ہمارے ایمان اور ثقافت کے لیے شدید تشویش کا باعث ہیں ہم اس بات کا خیر مقدم کرتے ہیں کہ پولیس نے بروقت کارروائی کی لیکن ہم حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس واقعے کی مکمل تحقیقات کی جائیں تاکہ پس پردہ سازشوں کو بے نقاب کیا جا سکے۔ بلوچستان میں اس نوعیت کے واقعات کا بار بار ہونا ہماری تاریخ میں پہلی بار دیکھا جا رہا ہے، جو کہ علاقے کے امن وامان کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے۔ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ختم نبوت کی حفاظت ہمارے ایمان کا بنیادی جزو ہے اور اس کی پاسبانی کے لیے ہم ہر وقت تیار ہیں۔ یہ کسی مذہب یا گروہ کا مسئلہ نہیں بلکہ ہماری اصل ایمان کی علامت ہے۔ ہم قومیت کے نام پر لڑائی کے حامی نہیں، لیکن ختم نبوت کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن و سکون کی خواہش کی ہے، مگر مذہبی منافرت کو ہوا دی جا رہی ہے۔ ہم تمام متعلقہ اداروں اور عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ امن وامان کے قیام کے لیے مل کر کام کریں اور کسی بھی قسم کی مذہبی اور ثقافتی اختلافات کو ہوا نہ دیں۔ خداوند کریم سے دعا ہے کہ وہ بلوچستان میں امن وامان برقرار رکھے اور کسی بھی قسم کی نفرت کی سیاست کو ختم کرے۔

13 ستمبر کو بلوچستان کے تمام اضلاع میں مظاہرے ہونگے، تحریک تحفظ آئین

اتحادی جماعتیں احتجاج کی تیاری اور جمہوریت پسند عوام سے مظاہروں شمولیت کی اپیل

کوئٹہ (پ ر) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ مرکزی قائدین کے فیصلے کی روشنی میں پارلیمنٹ پر حملے، تقدس کی پامالی، اراکین قومی اسمبلی کی گرفتاریوں کے خلاف بروز جمعہ 13 ستمبر 2024 ملک گیر احتجاج کے سلسلے میں کوئٹہ سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع میں احتجاجی مظاہرے ہونگے۔ اتحاد میں شامل تمام سیاسی جمہوری جماعتیں احتجاجی مظاہروں کی تیاری، انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے فوری طور پر ہر ضلع میں اجلاس کے انعقاد کو یقینی بنائیں۔ بیان میں تمام کارکنوں کو احتجاجی مظاہروں، جلسوں کی بھرپور تیاری کی ہدایت کی جاتی ہے اور تمام عوام دوست، جمہوریت پسند عوام سے احتجاجی مظاہروں میں شرکت کی اپیل کی جاتی ہے۔

شیرانی میں لیویز اہلکاروں کے ڈاکٹر پر حملے کی مذمت کرتے ہیں، وائی ڈی اے

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ شیرانی میں ڈاکٹر پر لیویز اہلکاروں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں ڈپٹی کمشنر کا جانبدارانہ رویہ اور قانونی کارروائی سے انکار ان کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری واقعہ کا نوٹس لے، آئندہ 48 گھنٹوں میں ملوث شرپسند عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں نہ لائی گئی تو صوبہ بھر میں احتجاج کی کال دیں گے جس کی ذمہ داری ڈپٹی کمشنر پر عائد ہوگی، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ڈسٹرکٹ شیرانی میں چیک پوسٹ پر لیویز اہلکاروں کی جانب سے ایک ڈاکٹر پر کیے گئے وحشیانہ اور غیر انسانی حملے کی پرزور مذمت کرتی ہے۔ یہ حملہ صرف ایک فرد پر نہیں، بلکہ پورے طبی برادری اور قانون کی حکمرانی پر حملہ ہے۔ اس واقعے میں ملوث اہلکاروں کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ضلع شیرانی کی انتظامیہ لیویز اہلکاروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے میں مسلسل تاخیر کر رہی ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے قبائلی رسم ورواج کے تحت مسئلے کو غیر قانونی اور غیر آئینی طریقے سے حل کرنے کی کوشش اس کی ناکامی اور نااہلی کی نشاندہی کرتی ہے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان واضح کرتی ہے کہ اگر آئندہ 48 گھنٹوں میں ایف آئی آر درج نہ کی گئی اور انصاف فراہم نہ کیا گیا، تو ہم صوبے بھر میں سخت ترین احتجاج کریں گے۔ اس احتجاج کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی نقصان اور مشکلات کی تمام تر ذمہ داری ڈپٹی کمشنر شیرانی اور حکومت بلوچستان پر عائد ہوگی۔ حکام سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ اس سنگین واقعے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے فوری طور پر لیویز اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی کو یقینی بنائیں اور طبی ماہرین کے تحفظ اور وقار کو یقینی بنائیں

لاپتہ ساجد شاہوانی کو فوری بازیاب کیا جائے، نیشنل پارٹی

ساجد شاہوانی قانون کے طالب علم ہے اور لا کالج میں زیر تعلیم ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کوئٹہ کے ضلعی ترجمان نے جاری بیان میں کہا کہ نیشنل پارٹی سپنی بیگ کے کونسلر ادا غلام رسول کے بیٹے ساجد شاہوانی کو ریاستی اداروں کے اہلکاروں نے گھر سے اٹھا کر لاپتہ کر دیا۔ ساجد شاہوانی قانون کے طالب علم ہے اور لا کالج میں زیر تعلیم ہے۔ ساجد شاہوانی کے جبری گمشدگی کی رپورٹ متعلقہ تھانے میں بھی درج کی گئی لیکن تھانے کی طرف کسی قسم کی پیش رفت نہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ملکی آئین کسی بھی شخص کو ماورائے آئین گرفتار کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ ساجد شاہوانی بھی اس ملک کا شہری ہے اور وہ قانون کی ڈگری حاصل کرنے والا قانون کی حکمرانی و احترام کو ملحوظ خاطر رکھتا ہے۔ ایسے طالب علم کو لاپتہ کر کے کیا پیغام دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پارٹی رہنما ادا غلام رسول کی بیٹے ساجد شاہوانی کو فوری بازیاب کیا جائے اور گھر والوں کو سکون فراہم کیا جائے۔

صدر اپیکا معدنیات یونٹ سیف اللہ کاکڑ کی علی اصغر منگلزئی کو مبارک باد

نومنتخب صدر اپنی کابینہ کے ساتھ ہمارے حقوق کیلئے، عملی جدوجہد جاری رکھے گے

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے نومنتخب صدر علی اصغر منگلزئی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، صدر اپیکا معدنیات یونٹ

کوئٹہ (آن لائن) اپیکا معدنیات یونٹ کے صدر سیف اللہ کاکڑ، جنرل سیکرٹری حاجی محمد رمضان سمالانی نے آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے نومنتخب صدر میر علی اصغر منگلزئی کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ میر علی اصغر منگلزئی کی کامیابی بلوچستان کے ملازمین کی صبر آزما جدوجہد کا نتیجہ ہے، جس پر ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں اپیکا کے قائدین ہمیشہ ملازمین کے حقوق کیلئے میدان عمل میں غیر متزلزل ارادوں کے ساتھ کھڑے رہے ہیں انہوں نے ہی کی بدولت آج ملازمین اپنے حقوق کیلئے سیاسی شعور، ٹھوس دلائل کے ساتھ سوشل میڈیا و دیگر فورم میں عقلاً قابل اطمینان تصور کئے جا رہے ہیں، جن کا سہرا ادا محمد بلوچ، رحمت اللہ زہری، میر علی اصغر منگلزئی کے سر جاتا ہے اپیکا معدنیات یونٹ اپنے قائدین کی ہر کال پر لبیک کہتے ہوئے ہر میدان میں ساتھ رہے گی ہم امید کرتے ہیں کہ نومنتخب صدر اپنے کابینہ کے ساتھ ملازمین کے حقوق کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی نورزئی بوائز سکول موتی رام روڈ کے پرنسپل اے این ناصر کو اعلیٰ کارکردگی پر سوینئر دے رہے ہیں، سیکرٹری تعلیم صالح ناصر بھی موجود ہیں

پولیو ورکرز کے معاوضے میں اضافہ کیا جائے، لالہ یوسف خلجی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ پولیو ورکرز اپنی جان خطرے میں ڈال کر بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کیلئے گھر گھر جا کر قطرے پلاتے ہیں اسکے بدلے انہیں معمولی معاوضہ دیا جاتا ہے جو قابل افسوس ہے صوبائی حکومت اور متعلقہ ادارے پولیو ورکرز کے معاوضے میں فوری طور پر اضافے کو یقینی بنائیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان امن جرگے کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے پولیو ورکرز کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ دنیا بھر سے پولیو وائرس ختم ہو چکا ہے جبکہ پاکستان، افغانستان میں ابھی تک پولیو وائرس کا خاتمہ نہیں ہو سکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو شدید گرمی اور سردی میں اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلاتے ہیں۔

بی ایم سی میں کیتھ لیب چھ کروڑ روپے کی خطیر رقم سے فعال کردی گئی

لیب تین برسوں سے مشنری خرابی کی وجہ سے بند تھی، ایم ایس ڈاکٹر افضل

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ صحت بلوچستان کا ایک اور اعزاز بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کوئٹہ میں عرصہ تین سال سے زائد غیر فعال کیتھ لیب عوام کے لئے مکمل طور پر فعال ہو گیا ہے، تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان، وزیر صحت بلوچستان سردارزادہ میر فیصل خان جمالی کے ہیلتھ وژن کے تحت امراض قلب میں مبتلا عوام کے لیے حکومتی تحفہ، بی ایم سی ہسپتال کوئٹہ میں کیتھ لیب چھ کروڑ روپے کی خطیر رقم سے مرمت کے بعد عوام کے لیے اب مکمل طور پر فعال کر کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر افضل زرکون نے باقاعدہ طور پر افتتاح کر دیا ہے، افتتاحی تقریب میں ہیڈ آف کارڈیالوجی ڈاکٹر ہمانعیم ترین نے بتایا کہ عرصہ تین سال سے بی ایم سی ہسپتال میں تعصیب کیتھ لیب فنی خرابی کے باعث غیر فعال ہو گیا تھا، محکمہ صحت بلوچستان کے تعاون سے چھ کروڑ روپے کی لاگت سے فلپس کمپنی کے تعاون سے مشین کو فعال بنایا گیا اور اگلے تین سال تک مشین کی دیکھ بھال فلپس کمپنی سے ایگریمنٹ کیا گیا ہے اب بلوچستان کے عوام پانچ ہزار کے معمولی فیس ادا کر کے انجیوگرافی اور انجیو پلاسٹی کرا سکیں گے، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر افضل زرکون نے کہا کہ صوبے کے سب سے بڑے ہسپتال میں کیتھ لیب کی سہولت کسی نعمت سے کم نہیں۔ افتتاحی تقریب میں کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ کے ڈاکٹر عبدالباری، ڈاکٹر قربان فیصل، ڈاکٹر قادر بخش بلوچ، نرسنگ سپرنٹنڈنٹ عنایت اللہ پانیزئی اور دیگر موجود تھے۔

بی سی کو قابل اعتماد پیشہ ورانہ خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، اے آئی جی، بی سی

مسائل فوری طور پر ایکشن کے لیے ہیڈ آفس کو بھجوائے جائیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل آئی جی بی سی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بی سی کو قابل اعتماد، موثر اور پیشہ ورانہ خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ اگر کسی زون کمانڈر کی کوئی رائے ہے تو رہنمائی کی جائے تاکہ کوئی کمی نہ رہے۔ نوجوانوں کی حاضری اور رول کال کو یقینی بنایا جائے اور جوانوں کے تمام مسائل فوری طور پر ایکشن کے لیے ہیڈ آفس کو بھجوائے جائیں۔ جائز مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ رول کال کی ویڈیو بنائی اور روزانہ کی بنیاد پر ہیڈ آفس بھیجی۔ سزا کو یقینی بنانے کے لیے ماہانہ بائیو میٹرک حاضری کی رپورٹ ہیڈ آفس بھیجی جائے۔ نیز جو بھی مسائل اب تک حل نہیں ہوئے ان کی تفصیلات ہیڈ آفس کو ارسال کریں تاکہ ان مسائل کی وجوہات جانا جا سکے اور ان کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا سکے۔

شان پیغمبر میں گستاخی کی شدید مذمت کرتے ہیں، حافظ امین اللہ

گستاخ رسول کو سر عام پھانسی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ایسی حرکت نہ کریں

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت طلباء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ امین اللہ جنرل سیکرٹری عزیز الحق درویش مولوی نصیب خان محمد نعیم معصوم محمد ادریس محمد طاہر سعید قاری ہدایت اللہ حافظ سمیع اللہ روزی محمد حافظ اللہ نظر و دیگر نے جبل نور میں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے شان میں گستاخی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان گستاخ رسول کو سر عام پھانسی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ایسا جرات نہ کرے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ جیسے دین دار شہر میں اس طرح واقعہ ہونا لمحہ فکریہ ہے۔ جمعیت طلباء اسلام نظریاتی کے صدر حافظ امین اللہ نے کوئٹہ کے علاقے جبل نور میں ایک شخص کی جانب سے مبینہ ویڈیو کلپ کے ذریعے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بدترین گستاخی پر شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے مزید کہا کہ مذکورہ شخص کو فوری طور پر اسلامی دفعات کے تحت سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ پولیس اسٹیشن توہین کا نوٹس لے کر اور اس حوالے سے موثر قانونی کارروائی کی جائے تاکہ مشتعل عوام قانون کو ہاتھ میں لے کر خود فیصلہ نہ کر بیٹھیں۔ انہوں نے کہا کہ آئے روز ہمارے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی اور قرآن کریم کی شان میں گستاخیاں ہوتی ہے اس کی سب سے بڑی وجہ گستاخوں کو سزائیں نہیں ہو رہی ہے جمعیت طلباء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے صدر نے کہا کہ ہر مسلمان آئے روز اپنے نبی کی شان میں گستاخی برداشت نہیں کر سکتے کہ جن کا ایمان ہے ان کی جان آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہے۔ انہوں نے گستاخانہ رویہ اختیار کرنے والوں کو انتباہ کرتے ہوئے کہا کہ ہر مسلمان غازی علم دین شہید بن جائے گا تو پھر انہیں چھپنے کی جگہ نہ ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے بروقت احتجاج کے باعث اگرچہ گستاخ کی گرفتاری عمل میں لائی گئی مگر اس سلسلے میں جمعیت طلباء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ نے مذکورہ شخص کو سر عام پھانسی دینے کی بھی مطالبہ کرتی ہے تاکہ مسلم کنٹریز میں آئندہ اس قسم کی گستاخیاں نہ ہو جائے یہ لابرداشت عمل ہے اور مسلمانوں کے ریڈ لائن ہے اس کو کراس کرنے والے کسی معافی کے مستحق نہیں ہیں۔

پشتون اولس 11 اکتوبر کے جرگے میں شرکت یقینی بنائیں

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے گزشتہ روز اپنی رہائش گاہ افغان ہاؤس غازی قلعہ میں نوجوانوں کے ایک جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون افغان قوم کی بقا اور تشخص آج پہلے سے زیادہ خطرے سے دوچار ہیں عوام پی ٹی ایم کی طرف سے 11 اکتوبر کو بلائی گئی پشتون عدالتی جرگے میں شرکت یقینی بنائے تاکہ پشتون قوم پر مسلط ناکردہ گناہوں کی پاداش میں آئے روز قتل عام اور ظلم جبر کا تدارک ہو کر ان کے مستقبل کا فیصلہ متفقہ طور پر ہو سکے پشتون قوم کی بدحالی استحصال اور غلامی کی موجودہ حالت میں بعض سیاسی جماعتوں خان ونواب سردار اور ملک کی خود پسند متعصبانہ رویے کا عمل دخل ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ متعصبانہ طرز سیاست پشتون افغان قوم میں نفاق کا سبب بنتی جارہی ہے۔ دوسری طرف عقائد و نظریات کی غلط تشریح سے دنیا آگے اور ہم پیچھے کی طرف چل رہے ہیں بعض تنگ نظر اور محدود سوچ رکھنے والی سیاسی تنظیموں میں کارکن کو نظریے اور منشور کی نہیں بلکہ شخصیت پرستی کا درس دیا جا رہا ہے جس کی وجہ موروثی و خاندانی جاگیرداریت کو تقویت ملتی ہے ہر قومی ایشو پر بے اتفاقی کی وجہ سے پشتون قوم استحصال کا شکار ہے بعض مفاد پرست عناصر قومی ایشوز پر عوامی اتفاق رائے کے بجائے ذاتی اور شخصی فیصلوں سے سیاسی فوائد تو عارضی طور پر حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں لیکن قوم تذبذب اور مایوسی کا شکار ہو کر بدترین ابہام میں مبتلا رہتی ہے ہم ایک آزاد قوم کے بے بنیاد داویلا میں مبتلا ہو کر اپنے ہی ملک میں تارکین وطن کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ اور ملک میں قوم و مسلک مذہب و مختلف عقائد کے بنیاد پر انارکی و خانہ جنگی پھیلتی رہے گی

کوئٹہ، ہوپ بلوچستان وڈاٹا سائنس ورک کے زیر اہتمام ہوسٹل آؤٹ کے عنوان پر منعقدہ تربیتی ورکشاپ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

بلوچستان گلوبل وارمنگ سے سب زیادہ متاثر ہونے والا خطہ ہے، اسلم بزدار

رواں سال میں 60 لاکھ سے زائد پودے لگانے کا ہدف پورا کیا جائے گا، چیف کنزرویٹر جنگلات

کوئٹہ (یو این اے) چیف کنزرویٹر جنگلات (نارتھ) بلوچستان اسلم بزدار نے کہا ہے کہ بلوچستان گلوبل وارمنگ سے سب زیادہ متاثر ہونے والا خطہ ہے، ماحولیاتی تبدیلی کے باعث امسال گرمی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، حکومت بلوچستان جنگلات کی بقا کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے، ٹین بلین ٹریز سونامی پروجیکٹ کے سلسلے میں پلانٹیشن کا سلسلہ جاری ہے، اس وقت محکمہ جنگلات کی نرسریوں میں ایک کروڑ سے زائد پودے اور درخت موجود ہیں، رواں سال میں 60 لاکھ سے زائد پودے لگانے کا ہدف پورا کیا جائے گا، ماحولیاتی آلودگی کے خاتمہ کے لیے درختوں کا لگانا ناگزیر ہے، انٹرنیشنل اسٹینڈرڈ کے مطابق میگا پروجیکٹس میں پانچ فیصد درخت لگانا ضروری ہے، بلوچستان کے چند اضلاع میں ریچ فار رسیت پروجیکٹ پر کام ہو رہا ہے، انسانی بقا جنگلات کے تحفظ ہی میں مضمر ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے خبر رساں ادارہ یو این اے سے بات چیت میں کیا انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے گرین پاکستان ٹین بلین ٹریز سونامی پروجیکٹ میں مزید سال 2025 تک توسیع کی گئی ہے تاکہ ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا بہتر انداز میں مقابلہ کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ ٹین بلین ٹریز پروجیکٹ کے تحت بلوچستان میں دو کروڑ سے زائد درخت اور پودے لگائے گئے ہیں جبکہ محکمہ جنگلات کی جانب سے اس وقت ہماری نرسریوں میں ایک کروڑ کے قریب پودے نرسری اسٹیج پر موجود ہیں اسی طرح محکمہ جنگلات کے اشتراک سے صوبے کے مختلف تعلیمی اور تکنیکی انسٹیٹیوٹ سمیت مختلف سرکاری دفاتر میں پلانٹیشن کی مہم کا سلسلہ جاری ہے جبکہ ہائر ایجوکیشن کے اداروں کیڈٹ کالجز، بلوچستان ریذیڈنشل کالجز سمیت دیگر اداروں اور پروگریسو فارمرز، کمیونٹی کو مفت پودے فراہم کر رہے ہیں تاکہ سبز بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنایا جا سکے

وفاقی حکومت کی کاروبار دشمنی پالیسی قابل مذمت ہے، عبدالہادی

کوئٹہ (آئی این پی) تاجران چائنہ اینڈ دبئی منڈی کے صدر عبدالہادی اور جنرل سیکرٹری محمد آغا نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے ہاتھوں بلوچستان کے عوام کا معاشی قتل عام بدستور جاری ہیں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب سے مرکز میں (ن) لیگ کی حکومت بنی ہے تب سے بلوچستان میں روزگار ختم ہو گیا ہے پہلے مرحلے میں پاک افغان بارڈر پاسپورٹ کے نام پر بند کر دیا گیا ایک سال ہو چکا کہ چمن کے عوام پر کاروبار کے دروازے بند ہیں دوسری جانب گزشتہ چھ سات مہینوں سے تفتان بارڈر اور کوئٹہ این ایل سی میں ہزاروں کنٹینر کھڑے ہیں کوئی بھی کنٹینر کسٹم والے کلیئر نہیں کر رہے ہیں کروڑوں روپے ایک کنٹینر پر ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے۔ ایک کنٹینر میں دو کروڑ روپے کا سامان ہوتا ہیں اور کسٹم اور دیگر ادارے دو کروڑ روپے سے زیادہ ٹیکس وصول کر رہے ہیں۔ کسٹم والے کنٹینر کلیئر نہیں کر رہے ہیں تمام کنٹینر پر لاکھوں روپے ڈیمرج آ رہا ہے یہ کہاں کا انصاف ہیں؟ تاجران کہاں جائے؟ کس کو اپنا فریاد سنائے منتخب نمائندے اسمبلیوں میں ایک دوسرے سے لڑ رہے ہیں یہ منتخب نمائندے عوام کو کیا ریلیف دیں گے تمام سیاسی پارٹیوں سے گزارش ہیں کہ تاجروں کا یہ مسئلہ حل اور تاجروں کا معاشی قتل عام بند کیا جائے اگر پرانے طریقے پر ہمارا مسئلہ حل نہیں ہوا تو ہم پورے صوبے میں احتجاجی مظاہروں کا اعلان کریں گے۔

کوئٹہ، مجلس وحدت مسلمین کے مرکزی رہنما علامہ مقصود علی ڈومکی پریس کلب کے سامنے لگے بلوچستان کنزیومر سوسائٹی بچے برائے فروخت احتجاجی کیمپ میں اظہار خیال کر رہے ہیں

گستاخ کو فوری طور پر اسلامی دفعات کے تحت سزا دی جائے، مولانا عبدالباقی

ویڈیو بنانے والے شخص کو بھی فوری طور پر گرفتار کیا جائے، تحصیل نانا صاحب کے امیر کا بیان

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام تحصیل نانا صاحب کے امیر مولانا عبدالباقی دمڑ جنرل سیکرٹری مفتی محمود احمد دیگر کابینہ اراکین نے کوئٹہ کے علاقے جبل نور میں ایک شخص کی جانب سے مبینہ ویڈیو کلپ کے ذریعے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بدترین گستاخی پر شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے مذکورہ شخص کو فوری طور پر اسلامی دفعات کے تحت سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ پولیس اسٹیشن توہین کا نوٹس لے کر اور اس حوالے سے موثر قانونی کارروائی کی جائے تاکہ مشتعل عوام قانون کو ہاتھ میں لے کر خود فیصلہ نہ کر بیٹھیں۔ انہوں نے کہا کہ گستاخ کا ویڈیو بنانے والے شخص کو بھی فوری طور پر گرفتار کیا جائے کہ تحفظ ختم نبوت گولڈن جوبلی کانفرنس کے بعد اس قسم کی گستاخی کے پیچھے محرکات کا کھوج لگایا جا سکے۔ جمعیت علماء اسلام تحصیل نانا صاحب کے امیر مولانا عبدالباقی دمڑ نے کہا کہ مسلمان آئے روز اپنے نبی کی شان میں گستاخی برداشت نہیں کر سکتے کہ جن کا ایمان ہے ان کی جان آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہے۔ انہوں نے گستاخانہ رویہ اختیار کرنے والوں کو انتباہ کرتے ہوئے کہا کہ ہر مسلمان غازی علم دین شہید بن جائے گا تو پھر انہیں چھپنے کی جگہ نہ ملے گی

صوبائی محتسب نے سیکرٹری سکولز کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کردیا

سیکرٹری نے محتسب کی ہدایات پر یقین دہانی کے باوجود جواب جمع نہیں کرایا تھا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ نے سیکرٹری تعلیم بلوچستان محمد صالح ناصر کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کر دیا۔ یاد رہے کہ صوبائی محتسب نے سکولز کے خلاف مختلف شکایات پر میرٹ کے مطابق فیصلے سناتے ہوئے احکامات جاری کئے لیکن محکمہ تعلیم نے ان پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا۔ جس پر صوبائی محتسب نے بارہا سیکرٹری سکولز کو احکامات پر عمل کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایات جاری کی۔ لیکن سیکرٹری سکولز کی طرف سے یقین دہانی کرانے کے باوجود کوئی خاطر خواہ جواب موصول نہیں ہو سکا۔ اور اس سلسلے میں چیف سیکرٹری بلوچستان کو بھی آگاہ کر دیا گیا۔ لیکن اسکے باوجود سیکرٹری سکولز نے کوئی کارروائی نہیں کی اور نہ عمل درآمد کے حوالے سے کوئی رپورٹ پیش کیا۔ بعد ازاں صوبائی محتسب نے سیکرٹری تعلیم بلوچستان کے نامناسب رویہ پر ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے انہیں توہین عدالت کا نوٹس جاری کر کے 24 ستمبر کو عمل درآمد رپورٹ کے ساتھ پیش ہونے کا حکم جاری کر دیا۔

جمعیت نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالستار چشتی سے کابل کے تاجر حاجی عبداللہ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہے ہیں

طالبہ کا اعزاز

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پنجاب کالج سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کی طالبہ ایمان کامران نے بی کام پارٹ ون کے سالانہ امتحان میں نمایاں پوزیشن حاصل کی ہے۔ ایمان کامران کالج کی ہونہار طالبہ ہیں اور ابتداء ہی سے پوزیشن ہولڈر ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی نے 9 ستمبر کو انٹر بی کام پارٹ ون سالانہ امتحان 2024 کے اعلان کیا تھا۔

کوئٹہ، بیوٹمز میں علماء و مشائخ کنونشن کا انعقاد

شرکاء کا مسلم امہ کے اتحاد کے لئے کام کرنے کا عہد

کنونشن میں اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی مہمان خصوصی شریک ہوئے

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں ہونے والی علماء و مشائخ کنونشن میں شرکاء نے مسلم امہ کے اتحاد کے لیے کام کرنے کا عہد کیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں بیوٹمز یونیورسٹی کے مارخور آڈیٹوریم میں آل بلوچستان علماء و مشائخ کنونشن کا انعقاد ہوا۔ علماء و مشائخ کنونشن میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ کنونشن میں مولانا محمد طیب، مولانا عبدالغفور، پیر محمد فرید الدین، مولانا محمد اسماعیل، ابوالخیر زبیر بریلوی اور علامہ شبیر حسن میثمی سمیت بلوچستان کے نامور علماء کرام نے شرکت کی۔ دیگر شرکاء میں صوبائی وزیر صادق عمرانی، ممبران صوبائی اسمبلی مینا مجید اور عبدالمجید بادینی، اور وزیر اعلیٰ کے مشیر حاجی نسیم الرحمان بھی شامل تھے۔ شرکاء نے وطن عزیز میں امن قائم کرنے میں کردار ادا کرنے کا اعادہ کیا اور قیام امن اور پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے پر اتفاق کیا۔ کنونشن میں مسلم امہ کے اتحاد کے لیے کام کرنے کا عہد کیا گیا اور اس بات پر اتفاق ہوا کہ ملک کے جملہ مسائل کا حل صرف قرآن وسنت میں ہے۔ شرکاء نے ناموس رسالت اور ناموس صحابہ کے خلاف دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنانے کی اپیل کرتے ہوئے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعلق اجتماعات کا انعقاد کرنے پر اتفاق کیا۔ کنونشن میں بین الصوبائی اتحاد اور بھائی چارے کے فروغ پر زور دیا گیا۔

محمد اسلم ولد محمد صدیق کا لوکل سرٹیفکیٹ اپنی درخواست پر منسوخ کر دیا گیا

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کے ایک حکمنامے کے مطابق محمد اسلم ولد محمد صدیق سکنہ تحصیل بوریت لورالائی کا لوکل سرٹیفکیٹ انکی اپنی درخواست پر منسوخ کر دیا گیا ہے۔

جانداد خان سمالانی کی اہلیہ انتقال کرگئی

مل (نامہ نگار) جانداد خان سمالانی کی اہلیہ انتقال کرگئی مرحومہ مراد بخش سمالانی کی والدہ حاجی اللہ بخش سمالانی، خیر بخش سمالانی کی بھابی محمد حیات جمالدینی، بیبی خان سمالانی، محمد ابراہیم جمالدینی، محمد بلال گورگیج، محمد صادق سمالانی، عبدالخلیل سمالانی کی ساس نور بخش سمالانی، الٰہی بخش سمالانی کی چچازاد بہن ماسٹر علی مردان سمالانی، تاج محمد فقیرزئی کی ماسی تھی فاتحہ خوانی کلی گورگیج مل میں جاری ہے۔

حاجی محمد یوسف خان خلجی ان کی اہلیہ کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی آج ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) کل بروز جمعرات 12 ستمبر 2024 کو مرحوم حاجی محمد یوسف خان خلجی اور ان کی اہلیہ مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی نماز ظہر سے پہلے ہوگی اور اجتماعی دعائے مغفرت بعد نماز ظہر، جامعہ پیر محمد خان اللہ، روڈ پر ہوگی، اور خیرات تقسیم کی جائے گی تمام عزیزوں و اقارب اور دوستوں سے قرآن خوانی اجتماعی دعا اور خیرات میں شرکت کی گزارش ہے۔

محکمہ مائنز اینڈ منرلز ملازمین کی جمعہ خان بابر انسپکٹر آف مائنز کی وفات پر تعزیت

کوئٹہ (پ ر) محکمہ مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے تمام ملازمین کی جانب سے ہم جمعہ خان بابر انسپکٹر آف مائنز بلوچستان مرحوم کے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے

جوائنٹ روڈ تجاوزات خلاف کارروائی سامان کو ضبط کیا گیا

میٹروپولیٹن انسداد تجاوزات سیل انچارج علی رضا درانی نے کارروائی کی نگرانی کی

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ محمد حمزہ شفقات کے احکامات پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے انسداد تجاوزات سیل کے انچارج علی رضا درانی عملے کے ہمراہ جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ہوٹلوں سے باہر رکھے گئے سامان کو ضبط کیا اور ہوٹل مالکان کو ہدایات جاری کیں کہ آئندہ ہوٹل کی حدود سے باہر ٹیبل، کرسیاں رکھنے پر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، جبکہ جوائنٹ روڈ پر ٹریفک کی روانی اور پیدل چلنے والے شہریوں کی راہ میں رکاوٹ کا باعث بننے والے ریڑھی بانوں کو ہٹا کر ان کے لئے متعین کردہ مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے لہٰذا تمام ریڑھی بان مقررہ جگہوں پر کھڑی رہیں اور سڑک پر کھڑے ہونے سے گریز کریں۔

کوئٹہ، کنزیومر سوسائٹی کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

ہائی کورٹ کے حکم پر کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر بوسیدہ بسوں کے خلاف کارروائی

سیکرٹری آر ٹی اے کی نگرانی میں ٹریفک پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 7 بسیں بند کردی

کوئٹہ (خ ن) ہائی کورٹ بلوچستان کے حکم اور کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات کی ہدایت پر کوئٹہ شہر میں ناکارہ، پرانی اور منسوخ شدہ بسوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی اس حوالے سے سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ منظور احمد کی سربراہی میں آر ٹی اے کوئٹہ اور ٹریفک پولیس کے عملے نے سریاب چوک اور دیگر علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے 7 ناکارہ اور کینسل شدہ بسیں بند کر دیے گئے جبکہ اس موقع پر متعدد بسوں کی کنڈیشن کا معائنہ کیا گیا اس موقع پر سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ منظور احمد کا کہنا ہے کہ ہائی کورٹ بلوچستان کے حکم اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی ہدایت پر شہر میں ناکارہ، خستہ حال، پرانی اور جن کے پرمٹ منسوخ کئے جا چکے ہیں ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی اس کارروائی کا مقصد شہر میں پبلک نقل وحمل کو بہتر بنانا، مسافروں کے لیے موجود سہولت کو یقینی بنانا اور آلودگی اور ٹریفک کی بھیڑ کو کم کرنا ہے۔ دوسری جانب خستہ حال، ناکارہ اور خراب کنڈیشن پر متعدد بسوں کے روٹ پرمٹ کینسل کئے گئے ہیں اس کے باوجود بسیں روٹ پر چل رہی ہیں ان کے خلاف کارروائی ضروری تھی۔ انہوں نے کہا کہ ناکارہ بسوں کو ضبط کرنے اور بس مالکان کو جرمانہ کیا جائے گا تاکہ وہ اپنی بسوں کی مرمت، دیکھ بھال اور جدید میں روٹ پر چلائیں۔ پرانی اور خستہ حال بسوں کے روٹ پرمٹ منسوخ کئے گئے ہیں۔

کوئٹہ، شاہ و کشاہ روڈ پر سڑک کنارے کچرے کی بدبو سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد


موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) جمعہ داد مندوخیل ڈپٹی کمشنر کے عہدے کا چارج سنبھال کر اپنے فرائض منصبی پر کام شروع کر دیا

پنشن رولز میں اہم ترامیم فیملی پنشن 10 سال تک محدود

رضا کارانہ ریٹائرمنٹ پر جرمانہ ہوگا

شریک حیات کی وفات یا اہل نہ ہونے پر باقی ماندہ اہل فیملی ممبرز کو پنشن کی مدت کو 10 سال تک محدود کردیا گیا، اسپیشل فیملی پنشن میں بھی ترمیم کر دی گئی

متوفی پنشنر کا بچہ معذور ہو تو اسے تاحیات پنشن ملے گی، اہل بچے کی صورت میں عمومی فیملی پنشن 10 سال تک یا بچے کی عمر 21 سال ہونے تک ملے گی

اسلام آباد(م ڈ) وفاقی حکومت کے ملازمین کیلئے اہم خبر ہے کہ فنانس ڈویژن نے پے اینڈ پنشن کمیشن 2020 کی سفارش پر وفاقی ملازمین کے پنشن رولز میں تین اہم ترامیم کردی ہیں آفس میمورنڈم کے مطابق شریک حیات کی وفات یا اہل نہ ہونے کی صورت میں باقی ماندہ اہل فیملی ممبرز کو پنشن کی مدت کو زیادہ سے زیادہ 10 سال تک محدود کردیا گیا، اگر متوفی پنشنر کا بچہ معذور ہو تو اسے تاحیات پنشن ملے گی، اہل بچے کی صورت میں عمومی فیملی پنشن 10 سال تک یا بچے کی عمر 21 سال ہونے تک ملے گی اسپیشل فیملی پنشن میں کی گئی ترمیم کے تحت پنشن وصول کرنے والی شریک حیات کی وفات یا اہل نہ رہنے کی صورت میں فیملی ممبرز کو 25 سال تک پنشن ملے گی، اگر پنشنر کا بچہ یا بچی معذور ہو تو یہ پنشن تاحیات ہوگی، آرمڈ فورسز اور سول آرمڈ فورسز کے تمام رینکس کیلئے پہلے سے موجود پنشنرز کیلئے پنشن کی شرح میں 50 فیصد کا اضافہ کیا گیا یہ پنشن اہل وارثوں کو ٹرانسفر کی جاسکے گی، تیسری ترمیم کے تحت رضا کارانہ ریٹائرمنٹ لینے والے ملازمین کو پینالٹی لگے گی، نئی ترمیم کے مطابق اگر کوئی ملازم 25 سال سروس کے بعد رضا کارانہ طور پر ریٹائرمنٹ لے گا تو اسے پنشن میں کٹوتی کا سامنا کرنا پڑے گا، پنشن کی کٹوتی 3 فیصد کی شرح سے ہوگی جس کا اطلاق ریٹائرمنٹ کی تاریخ سے ہوگا اس تاریخ سے 60 سال کی عمر تک کی باقی رہ جانے والی سروس پر ماہانہ گراس پنشن پر 3 فیصد کٹوتی کی جائے گی، اس تخفیف کی بالائی حد 20 فیصد مقرر کی گئی ہے ان ترامیم کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے، تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کو ان ترامیم پر عملدرآمد کیلئے او ایم بھیج دیا گیا ہے۔

عوام نے ادارہ شماریات کے مہنگائی کم ہونے کے دعوے کو جھوٹا قرار دیدیا

چیزوں کی قیمتیں تو کم ہوئی ہی نہیں، دال ماش اب 400 روپے کلو میں فروخت کی جا رہی ہے، شہری

دال مونگ 380 روپے، گھی 480، چاول 340، مرغی گوشت 700 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے

اسلام آباد(م ڈ) ادارہ شماریات کی جانب سے 9 ماہ میں مہنگائی کی شرح 33 فیصد سے کم ہو کر 9 فیصد کے دعوے کو عوام نے جھٹلا دیا۔ شہری کہتے ہیں کہ چیزوں کی قیمتیں تو کم ہوئی ہی نہیں، سب کی سب مہنگی ہیں، بڑھتی ہوئی مہنگائی نے ہر طبقے خصوصاً متوسط اور غریب طبقے کو شدید متاثر کیا ہوا ہے، جس کی وجہ بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں عدم استحکام ہے اور اسی وجہ سے مہنگائی رکنے کا نام نہیں لے رہی 260 روپے کلو میں ملنے والی دال ماش اب 400 روپے کلو میں فروخت کی جا رہی ہے 290 کی دال مونگ 380 روپے، 450 روپے کلو والا گھی 480 روپے 280 روپے کلو والے چاول 340 روپے کلو 340 روپے والی کیچپ کی بوتل 380 روپے اور 75 روپے میں ملنے والا دودھ کا ڈبہ 95 روپے کا ہوگیا ہے۔ اس کے علاوہ مرغی کا گوشت 700 روپے اور گائے کا گوشت 1200 روپے تک پہنچ گیا ہے۔ اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ اپنی جگہ لیکن ایسے میں ادویات ہوں، درسی کتب یا کپڑے جوتے، ہر چیز کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے جب کہ کنسٹرکشن کے کام میں استعمال ہونے والی سیمنٹ، بجری اور سریے سمیت ہر چیز میں اضافے سے کنسٹرکشن انڈسٹری بھی متاثر ہے۔ تاجر کہتے ہیں کہ حکومتی ٹیکسز کا بوجھ بالآخر عام آدمی پر ہی پڑتا ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ماہ اگست میں مہنگائی کی شرح 9.6 فیصد یعنی سنگل ڈیجٹ پر آنے کے اعداد و شمار اپنی جگہ لیکن ہر ماہ اگر یہی سنگل ڈیجٹ مہنگائی کا تناسب بھی رہا تو عام آدمی کی قوت خرید دم توڑ جائے گی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت ٹیکسز میں کمی کرکے بڑھتی ہوئی مہنگائی کو روکنے کے لیے اقدامات اٹھا کر عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات اٹھائے۔

ٹرمپ اور ہیرس کے درمیان پہلا صدارتی مباحثہ، ایک دوسرے پر الزامات

ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکیوں کو بدترین بے روزگاری سے دوچار کیا ہے، کملا ہیرس

ہیرس نے جو بائیڈن کے معاشی پلان کی کاپی کی ہے، ان کے پاس معیشت کی بہتری کے لیے کوئی پلان نہیں، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) ریپبلکن صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ اور ڈیموکریٹک امیدوار کملا ہیرس کے درمیان پہلا صدارتی مباحثہ جاری ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق مباحثے سے قبل ری پبلکن پارٹی کے صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ اور ڈیموکریٹک امیدوار کملا ہیرس نے اسٹیج پر ایک دوسرے کے ساتھ ہاتھ ملایا۔ فلاڈیلفیا میں جاری مباحثے میں دونوں جماعتوں کے صدارتی امیدوار ایک دوسرے کو سخت تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ ڈیموکریٹک پارٹی کی صدارتی امیدوار کملا ہیرس نے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ مڈل کلاس طبقے کی بہتری کے لیے آواز اٹھائی ہے، ڈونلڈ ٹرمپ کے دور میں واپس نہیں جانا چاہتے۔ کملا ہیرس نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے دور میں ہر طرف افراتفری تھی، امریکی چاہتے ہیں کہ ملک کو متحد کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ری پبلکن امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ کے پاس کوئی پلان نہیں، امریکی ورک فورس کو سپورٹ کرنے کے لیے ہم نے کام کیا اور ڈونلڈ ٹرمپ کے دور میں پھیلائے گئے گند کو صاف کیا۔

پی آئی اے کی نجکاری، کمپنیوں کا ملازمین کو 3 سال تک نہ نکالنے کی شرط میں نرمی کا مطالبہ

نجکاری میں شامل کمپنیوں نے ایئرلائن سے متعلق اثاثہ جات، طیاروں اور ہیومن ریسورس کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال مکمل کرلی

پی آئی اے کی نجکاری کیلئے بولی آئندہ ماہ اکتوبر میں طلب کی جائے گی، پی آئی اے ملازمین کی قابلیت دیکھ کر فیصلہ خود کریں گے

اسلام آباد (م ڈ) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کی نجکاری کا عمل حتمی مراحل میں داخل ہوگیا ذرائع کے مطابق نجکاری میں شامل کمپنیوں نے ایئرلائن سے متعلق اثاثہ جات، طیاروں اور ہیومن ریسورس کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال مکمل کرلی ذرائع نے بتایا کہ پی آئی اے کی نجکاری کیلئے بولی آئندہ ماہ اکتوبر میں طلب کی جائے گی ذرائع کے مطابق کمپنیوں نے حکومت سے درخواست کی ہے کہ پی آئی اے ملازمین کو 3 سال تک نہ نکالنے کی شرط پر نرمی کی جائے ذرائع کا بتانا ہے کہ کمپنیوں کا موقف ہے کہ پی آئی اے ملازمین کی قابلیت، تجربہ دیکھ کر فیصلہ خود کریں گے ذرائع کا کہنا ہے کہ کمپنیوں نے حکومت سے برطانیہ اور یورپ کے بند روٹس کی بحالی کا مطالبہ کردیا، پروازوں کی بحالی کیلئے ڈی جی سی اے اے اور وزیر خارجہ نے برطانوی اور یورپی حکام سے بات کی ہے اور امید ہے جلد پی آئی اے کی برطانیہ اور یورپی ملکوں کیلئے پروازیں بحال ہوجائیں گی۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر خزانہ میر محمد شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

آئی ایم ایف نے اسپیشل اکنامک زونز کے قیام پر پابندی لگا دی

شرط کے مطابق حکومت اب کوئی نیا خصوصی اکنامک زون یا ایکسپورٹ پراسیسنگ زون قائم نہیں کرے گی اور نہ ہی پہلے سے قائم زونز کو ان کی مدت پوری ہونے کے بعد مزید کوئی مراعات دے سکے گی

اس شرط کا اطلاق وفاقی اور چاروں صوبائی حکومتوں پر ہوگا، تاہم کے پی کے نے شرط پر عمل کرنے سے انکار کردیا یہ شرط ملکی معاشی پالیسیوں پر آئی ایم ایف کی گرفت کو ظاہر کرتی ہے، حکومتی ذرائع

اسلام آباد(م ڈ) حکومت نے آئی ایم ایف کی ایک بڑی شرط تسلیم کرلی ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کی شرط کے مطابق حکومت اب کوئی نیا خصوصی اکنامک زون یا ایکسپورٹ پراسیسنگ زون قائم نہیں کرے گی اور نہ ہی پہلے سے قائم زونز کو ان کی مدت پوری ہونے کے بعد مزید کوئی مراعات دے آئی ایم ایف کی اس شرط سے پاکستان اسٹیل مل کی زمین پر ایکسپورٹ پراسیسنگ زون بنانے کے حکومتی منصوبے کو نقصان پہنچے گا، حکومتی ذرائع نے بتایا کہ اس شرط کا اطلاق وفاقی اور چاروں صوبائی حکومتوں پر ہوگا، تاہم کے پی کے نے اس شرط پر عمل کرنے سے انکار کردیا یہ شرط ملکی معاشی پالیسیوں پر آئی ایم ایف کی گرفت کو ظاہر کرتی ہے، اس سے نہ صرف ملک کی معاشی ترقی متاثر ہوگی، بلکہ اکنامک زونز میں چینی صنعتوں کو لانے کی کوششوں کو بھی نقصان پہنچے واضح رہے کہ حکومت آئی ایم ایف کی شرط پر 1.8 ہزار ارب روپے کے بھاری ٹیکس لگانے، بجلی کی قیمتوں میں 51 فیصد اضافہ کرنے سمیت متعدد دیگر شرائط پوری کرنے کے باوجود تاحال آئی ایم ایف سے 7 ارب ڈالر کا بیل آؤٹ پیکج حاصل کرنے میں ناکام مشیر خزانہ کے پی کے مزمل اسلم نے اسپیشل اکنامک زونز کے قیام پر پابندی کی شرط کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ صنعتوں کا پھیلاؤ صوبائی معاملہ ہے، اور کے پی کے جیسے پسماندہ صوبے میں ترقی کیلئے صنعتی زونز کا قیام ازحد ضروری ہے آئی ایم ایف اس معاملے پر ہمیں ڈکٹیٹ نہیں کرسکتا، وہ ایکسپریس ٹریبیون سے گفتگو کررہے تھے، واضح رہے کہ گزشتہ مالی سال کے دوران حکومت نے اسپیشل اکنامک زونز کو 7 ارب روپے کی مراعات دی تھیں۔

سرکاری اہلکاران فرائض منصبی نہایت خوش اسلوبی کیساتھ سرانجام دیں' ڈی سی موسیٰ خیل

عوام کے مسائل حل کرنے میں سستی یا غفلت کا مظاہرہ ہرگز نہ کیا جائے' کیپٹن (ر) جمعہ داد مندوخیل

موسیٰ خیل (خ ن) موسیٰ خیل کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض منصبی ادا کرنا شروع کر دیئے ڈپٹی کمشنر نے تعارفی اجلاس میں تمام ماتحت عملے کو ہدایات دیں کہ اپنے فرائض منصبی نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ سرانجام دیں عوام کے مسائل حل کرنے میں کسی بھی قسم کی سستی یا کوتاہی کا مظاہرہ ہرگز نہ کریں کیونکہ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے اس لئے ہم سب کو چاہیے کہ وہ اپنی تمام تر توانائیاں عوام کی مشکلات میں کمی لانے کیلئے صرف کریں، ڈپٹی کمشنر جمعہ داد خان مندوخیل نے مزید کہا کہ میرا عزم ہے کہ ڈسٹرکٹ موسیٰ خیل میں امن و امان بحال، منشیات اور اینٹی سمگلنگ جیسے ناسور کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کریں، جس کے لئے ہم سب کو مل کر ساتھ چلنا ہوگا۔

ایک سال میں 80 سے زائد سرکاری ملازمین کو تربیت دی گئی آئی ٹی سی ژوب

آئی ٹی سی نے NAVTTC کے لیے انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام کو شروع کرنے کی رسمی کارروائیاں بھی مکمل کر لی ہیں

اسکولوں اور کالجوں کے 800 سے زائد طلباء کو آفس آٹومیشن اور دیگر آئی ٹی کورسز فراہم کیے گئے ہیں، ڈی سی کو بریفنگ

ژوب (خ ن) ڈپٹی کمشنر ژوب محبوب احمد کا آئی ٹی ٹریننگ سینٹر ژوب کا دورہ آج ڈپٹی کمشنر ژوب محبوب احمد نے آئی ٹی ٹریننگ سینٹر ژوب کا دورہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ژوب نے سنٹر سٹاف اور سنٹر میں کلاسز لینے والے طلباء سے ملاقات کی موجودہ سنٹر ضلعی انتظامیہ، آئی ٹی سنٹر سربراہ کی کوششوں سے فعال کیا گیا ہے اس ادارے میں ایک سال کے اندر 80 سے زائد سرکاری ملازمین کو تربیت دی گئی ہے اسکولوں اور کالجوں کے 800 سے زائد طلباء کو آفس آٹومیشن اور دیگر آئی ٹی کورسز فراہم کیے گئے ہیں رجسٹریشن آئی ٹی ٹریننگ سنٹر ژوب ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ، کوئٹہ میں رجسٹرڈ ہے یہ 6 ماہ کا CIT (سرٹیفکیٹ ان انفارمیشن ٹیکنالوجی) ایک سالہ DIT (ڈپلومہ ان انفارمیشن ٹیکنالوجی میں) کورسز فراہم کر رہا ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی میں کورسز مزید برآں، آئی ٹی ٹریننگ سنٹر ژوب نے نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) کے لیے وزیراعظم کے خصوصی اقدام برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام کو شروع کرنے کے لیے رسمی کارروائیاں بھی مکمل کر لی ہیں مزید یہ کہ آئی ٹی ٹریننگ سینٹر ژوب کوئٹہ کے بعد بلوچستان کا پہلا ادارہ ہے جہاں DigiBizz فری لانسنگ اور انٹرپرینیورشپ پروگرام ہے۔

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر منیر احمد کاکڑ پولیو مہم کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں

چمن میں نادرا کے ایک اور دفتر کا قیام عمل میں لایا گیا ہے' ڈپٹی کمشنر

عوام کو سہولیات اور حقوق پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے' کیپٹن (ر) راجہ اطہر عباس

چمن (خ ن) ڈی سی چمن کیپٹن (ر) راجہ اطہر عباس نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ عوام کی سہولت کی خاطر چمن شہر کالج روڈ پر نادرا کے دوسرے دفتر کا قیام پاسپورٹ دفتر کے ساتھ منسلک بلڈنگ میں عمل میں لایا گیا ہے لہذا شناختی کارڈ بنانے کی خواہش مند حضرات نادرا کے اس دفتر میں اپنے مکمل کاغذات کے ساتھ درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں ڈی سی چمن نے کہا ہے کہ سپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق کی خصوصی دلچسپی سے چمن کے عوام کے تمام مسائل اور مشکلات کے حل کے حوالے سے ممکنہ اقدامات اٹھائے جارہے ہیں ڈی سی چمن نے کہا کہ ٹاسک فورس کمیٹی کا سربراہ ہونے کی حیثیت سے میں اور انتظامیہ، چمن کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنی تمام پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تمام مسائل اور مشکلات اور ان کے جائز حقوق اور حل طلب امور نمٹانے جانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت کو چمن کے عوام کے مسائل اور مجبوریوں کا ادراک ہے اور ان شاء اللہ بہت جلد چمن کی عوام کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کئے جائیں گے۔

اسرائیلی فوج نے چھ قیدیوں کی لاشوں والی سرنگ کی ویڈیو جاری کردی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے ایک ویڈیو کلپ جاری کیا ہے، جس میں غزہ کی پٹی میں واقع اس سرنگ کو دکھایا گیا ہے جس کے اندر چند روز پہلے 6 قیدیوں کی لاشیں ملی تھیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ویڈیو میں ایک زیر زمین تنگ اور گہری راہ داری نظر آرہی جس میں بیت الخلا اور ہوا کے گزر کا کوئی انتظام نہیں۔ وڈیو کلپ میں تاریک سرنگ کے فرش پر خون، اسلحے کی گولیاں اور شطرنج کا کھیل پڑا ہوا نظر آ رہا ہے۔ یہ سرنگ ایک فولادی دروازے کے ذریعے بند ہے۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان ڈینیل ہیگاری کے مطابق یہ وڈیو کلپ قیدیوں کے گھرانوں کو دکھایا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ان لوگوں کے لیے یہ دیکھنا بہت مشکل تھا کہ ان کے پیاروں نے کس طرح ان حالات میں وقت گزارا۔

ژوب' میونسپل کمیٹی چیئرمین کی کاوشوں سے شہر میں صفائی کا عمل تیزی سے جاری

شہر کو ٹریفک سے جام ہونے سے بچانے کیلئے اقدامات کی اشد ضرورت ہے' عوامی حلقے

ژوب (یو این اے) میونسپل کمیٹی چیئرمین شاہ بران کاکڑ وائس چیئرمین داد خان مندوخیل اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی جہانگیر مندوخیل کی انتھک جدوجہد اور سینٹری اسٹاف کی کمی کے باوجود شہری صفائی کیلئے بہترین اقدامات اٹھا رہے ہیں، لاکھوں آبادی کا ژوب شہر میں صفائی ستھرائی، تجاوزات، پلاسٹک تھیلوں کی بھرمار، ڈیلی بنیادوں پر نالیوں کی صفائی اور اسٹاف کی کمی کے باوجود میونسپل کمیٹی جدوجہد میں مصروف ہے، بائی پاس روڈ کچا ہونے کے باعث ہیوی گاڑیوں کی بستی میں داخلے سے مین روڈ پر ٹریفک جام ہوتا ہے، اس مسئلے کے حل کیلئے اڈوں کی منتقلی بمقام نیو اڈہ کریڈٹ بھی میونسپل کمیٹی کو جاتا ہے دکانداروں و شہریوں کو چاہیئے کہ وہ میونسپل کمیٹی عملے کا بھرپور ساتھ دیں شہر ہمارا سب کا ہے، ایک تجویز بجانب چیئرمین کو کہ وہ مین بازار کے دوکانداروں کو اس بات کا پابند بنائیں کہ شام کے وقت دوکانوں کی صفائی کے وقت پلاسٹک کے تھیلوں کو نالیوں میں پھینکنے کی بجائے جلا دیں تاکہ نالیاں بند نہ ہو۔

روس کو بیلسٹک میزائل کی باتیں اسرائیلی اتحادیوں کا پراپیگنڈا ہے، ایران

ایران پر مزید پابندیاں لگانے کا بہانہ تراشنے کیلئے پراپیگنڈا کیا جارہا ہے، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایران نے میڈیا میں آنے والی ان خبروں کی تردید کی ہے کہ ایران نے یوکرین کے خلاف استعمال کے لیے روس کو بیلسٹک میزائل فراہم کیے ہیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ نے ایسی سب اطلاعات کو جھوٹا پراپیگنڈا قرار دیتے ہوئے کہا یہ پراپیگنڈہ اس لیے کیا جا رہا ہے کہ مغربی طاقتیں اسرائیل کے لیے اپنی مدد اور اسرائیل کو دیے گئے اسلحے پر پردہ ڈال سکیں اور الٹا ایران پر مزید پابندیاں لگانے کا بہانہ تراش سکیں۔ ایران کے بیان میں کہا گیا کہ اس طرح کی پراپیگنڈہ نیوز کی اشاعت بعض ملکوں کی طرف سے بھدے پراپیگنڈے کی مثال ہے۔ حالانکہ اسرائیل کو وہ خود مسلسل بھاری اسلحہ دے رہیں۔ درحقیقت وہ اپنے اسرائیل کو دیے ہوئے اسلحے پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان ناصر کنعانی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر لکھا ہے 'یہ اسرائیل کو فلسطینیوں کی نسل کشی کے لیے غیرقانونی طور پر اسلحہ فراہمی کو چھپانا چاہتے ہیں۔

سینیگال میں تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے سے 26 افراد ہلاک

مچھلی کے شکار کیلئے استعمال ہونے والی کشتی تارکین وطن کو اسپین کے کناری جزیرے کی طرف روانہ ہوئی تھی، رپورٹ

ڈاکار (این این آئی) سینیگال میں تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے سے 26 افراد ہلاک اور کشتی پر سوار متعدد افراد لاپتا ہوگئے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق حادثے کا شکار ہونے والی کشتی سینیگال کے دارالحکومت سے 80 کلومیٹر دور امبور شہر سے 100 سے زائد مسافروں کو لیکر روانہ ہوئی تاہم صرف 4 کلومیٹر آگے جا کر ڈوب گئی۔ رپورٹ کے مطابق مچھلی کے شکار کیلئے استعمال ہونے والی کشتی تارکین وطن کو اسپین کے کناری جزیرے کی طرف روانہ ہوئی تھی، کشتی پر سوار مسافروں میں اکثریت نوجوانوں کی تھی جو بہتر مستقبل کی تلاش میں غیرقانونی طریقے سے اسپین میں داخل ہونے کے خواہشمند تھے۔ حکام کے مطابق کشتی پر سوار 100 افراد میں سے 26 ہلاک ہوگئے ہیں، جبکہ 4 افراد کو بچا لیا گیا ہے، لاپتا افراد کی تلاش کیلئے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔

امریکہ کے اقدامات ہتھیاروں کی دوڑ تیز کرنے کا باعث ہیں، روسی صدر

روس کو تمام سمتوں میں کسی بھی ممکنہ فوجی جارحیت کو پسپا کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے، پیوتین

ماسکو (این این آئی) روس کے صدر ولادیمیر پوتین نے کہا ہے کہ امریکہ کے اقدامات ہتھیاروں کی دوڑ کو ہوا دینے کا باعث بنتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکی اپنے میزائلوں کو ایشیا پیسفک کے علاقے میں نقل و حمل اور تعینات کرنے کی تربیت دے رہے ہیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق پوتین کا یہ بیان ان کی اوشین 2024 مشقوں میں ویڈیو کے ذریعے شرکت کے دوران سامنے آیا، جو گذشتہ تین دہائیوں میں سب سے بڑی روسی بحری مشقیں ہیں۔ روسی صدر نے کہا کہ ان کا ملک بحری فوجی بیڑے کو مضبوط بنانے کا ارادہ رکھتا ہے، جس میں اس کے اسٹریٹجک جوہری پرزے بھی شامل ہیں۔ روسی صدر نے اعلان کیا کہ واشنگٹن فوجی برتری حاصل کرنا چاہتا ہے اور اس طرح طاقت کے موجودہ توازن کو توڑنا اور ہتھیاروں کی دوڑ کو ہوا دینا چاہتا ہے۔ صدر ولادی میر پوتین نے کہا کہ امریکہ اپنے جارحانہ اقدامات کے ذریعے ایک ٹھوس فوجی فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اس طرح ایشیا پیسفک کے خطے میں طاقت کے موجودہ توازن کو توڑ رہا ہے۔ بحری مشقوں کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے پوتین نے زور دیا کہ روس کو تمام سمتوں میں کسی بھی ممکنہ فوجی جارحیت کو پسپا کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ روس کو صورت حال کی کسی بھی ممکنہ پیش رفت کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ ہماری مسلح افواج کو روس کی خودمختاری اور قومی مفادات کے قابل اعتماد تحفظ کو یقینی بنانا چاہیے

دمشق میں سعودی عرب کا سفارتخانہ 12 سال بعد دوبارہ کھل گیا

دمشق (این این آئی) شام کے دارالحکومت دمشق میں سعودی عرب کا سفارتخانہ 12 سال بعد دوبارہ کھل گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دمشق میں سعودی سفارتخانہ کھلنے کی تقریب میں شامی حکومتی عہدیداروں، سفارتکاروں اور اسکالرز نے شرکت کی۔ ریاض سے سعودی وزارت خارجہ کے مطابق سعودی سفارتخانہ کھلنا شام اور سعودی عرب تعلقات کی تاریخ کا اہم دن ہے۔

اسرائیلی فوج نے غزہ کے المواصی کیمپ حملے میں امریکی بم استعمال کیے، عرب میڈیا

طاقتور بموں کے استعمال سے شہدا کی باقیات تک پگھل گئیں، درجنوں خیموں میں آگ لگ گئی، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے غزہ کے المواصی کیمپ حملے میں امریکی بم استعمال کیے جانے کا انکشاف سامنے آگیا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج نے محفوظ علاقہ قرار دیے گئے المواصی کیمپ پر وحشیانہ حملہ کیا، بے گھر فلسطینیوں پر دو ہزار پاؤنڈ وزنی بم برسائے۔ بمباری سے 40 سے زیادہ فلسطینی شہید ہوئے، طاقتور بموں کے استعمال سے شہدا کی باقیات تک پگھل گئیں، درجنوں خیموں میں آگ لگ گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بم گرنے کی جگہوں پر 30 سے 50 فٹ گہرے گڑھے پڑ گئے۔ غزہ پر 7 اکتوبر 2023 کے بعد گزشتہ 11 ماہ سے جاری حملوں میں فلسطینی شہدا کی تعداد 41 ہزار سے تجاوز کرچکی ہے۔

برطانیہ، طلبہ کو سڑک پار کرتے وقت موبائل فون استعمال سے روکنے کی مہم

لندن (این این آئی) برطانیہ میں طلبہ کو سڑک پار کرتے وقت موبائل فون کے استعمال سے روکنے کی مہم شروع کردی گئی۔ غیرملکی میڈیا نے بتایا کہ انشورنس کمپنی سروے کے مطابق برطانیہ میں 12 سے 15 برس کے 95 فیصد بچوں کے پاس موبائل فون ہیں۔

برطانیہ نے اردنی شہریوں کے لیے ای ویزہ سروس بند کردی

اب کسی بھی اردنی شہری کو سفارت خانے سے ٹرانزٹ ویزا بھی حاصل کرنا ہوگا

لندن (این این آئی) برطانوی حکومت نے الیکٹرانک ویزا سروس منسوخ کردی ہے جس سے اردنی شہری چند ماہ قبل مستفید ہونا شروع ہوئے تھے۔ اب کوئی بھی اردنی شہری برطانیہ آنے کے خواہشمند کو روایتی طریقے سے سفارت خانے کے ذریعے ویزا کے لیے درخواست دینا ہوگی، جس میں زیادہ وقت لگتا ہے اور زیادہ مہنگا پڑتا ہے، جبکہ برطانوی حکومت کی جانب سے خلیج تعاون کونسل کے رکن ممالک کے شہریوں کے لیے الیکٹرانک ویزہ سروس بدستور برقرار ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ نظام گذشتہ فروری کے آخر میں نافذ ہوا تھا۔ تقریباً چھ ماہ قبل اردن میں اس سروس کو فعال کیا گیا تھا۔ خلیجی اور اردن کے شہری چند گھنٹوں کے اندر اندر ای ٹی اے نامی الیکٹرانک ٹریول ویزہ حاصل کرنے کے قابل ہو گئے۔ برطانیہ کے سفر کا خواہش مند کوئی بھی اردنی شہری اب اس سروس سے مستفید نہیں ہوسکتا، اسے اب سفارت خانے کے ذریعے ویزا کے لیے درخواست دینا ہوگی۔ نئے فیصلے کے تحت برطانوی ہوائی اڈوں کے ذریعے تیسری منزل کا سفر کرنے والے کسی بھی اردنی شہری کو سفارت خانے سے ٹرانزٹ ویزا بھی حاصل کرنا ہوگا

برطانیہ نے ایران کے لیے تمام فضائی سروسز کی بندش شروع کردی

برطانیہ کی طرف سے یہ فیصلہ فوری طور پر ایران کو سبق سکھانے کے لیے کیا گیا، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانیہ نے یوکرین کے خلاف روس کو بیلسٹک میزائل دیے جانے کے واقعے کے ردعمل میں تمام براہ راست پروازوں کی بندش شروع کردی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق برطانیہ کی طرف سے یہ فیصلہ فوری طور پر ایران کو سبق سکھانے کے لیے کیا گیا ہے۔ حکام اسے ایران کے خلاف پابندیوں کی نئی سیریز سے تعبیر کرتے ہیں۔ برطانیہ نے اس بارے میں بتایا کہ وہ اپنے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر یہ فیصلہ کررہے ہیں کہ ایران کے لیے ہر طرح کی دو طرفہ فضائی خدمات بند کردی جائیں گی۔ اس کے نتیجے میں ایرانی پروازوں کا براہ راست برطانیہ پہنچنا بھی ناممکن ہوجائے گا۔ خیال رہے تہران اور لندن کے درمیان ہفتے میں تین براہ راست مسافر پروازوں کی آمد و رفت ہوتی ہے۔ برطانیہ کی طرف سے ایران کے خلاف نئی پابندیوں کا آغاز امریکہ سے بھی پہلے سامنے آگیا ہے۔ تاکہ ان پابندیوں کے ذریعے ایران کو اس امریکی سزا دی جاسکے

بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے میں غفلت نہ کی جائے ڈی سی نصیر آباد

انکاری والدین کے متعلق ہمیں آگاہی فراہم کی جائے تاکہ ضلعی انتظامیہ ان کے خلاف سخت ایکشن لے

کمیونیٹیز حکومت کے ساتھ مل کر پاکستان سے پولیو کے خاتمے کی مہم میں اپنا حصہ ڈالیں، دورہ کے موقع پر گفتگو

نصیرآباد (خ ن) پولیو مہم کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد کاکڑ نے مختلف علاقوں میں پولیو مہم کا جائزہ لیا اور پولیو مہم کے موقع پر اپنے فرائض سرانجام دینے والی ٹیموں سے ملاقات کی ٹیموں نے قطرے پلانے اور دیگر امور کے حوالے سے انہیں آگاہی فراہم کی دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر منیر احمد کاکڑ نے بچوں کی فنگر مارکنگ چیک کی جبکہ ڈور ٹو ڈور وال چاکنگ کا بھی جائزہ لیا انہوں نے احکامات دیئے کہ تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوائے جائیں کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے نہ رہ جائے ریفیوزل پر خصوصی توجہ دی جائے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری والدین کے متعلق ہمیں آگاہی فراہم کی جائے تاکہ ضلعی انتظامیہ ان کے خلاف سخت ایکشن لے والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کو مد نظر رکھ کر اقدامات کریں اور گھر کے دروازے پر دستک دینے والی ٹیموں کے ساتھ اپنے تعاون کو یقینی بنائیں تاکہ ان کے بچوں کے مستقبل کو سنوارا جاسکے حکومت کی جانب سے پولیو کی وبا کے خاتمے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جارہے ہیں اب ضروری ہے کہ تمام کمیونٹی حکومت کے ساتھ مل کر اپنا حصہ ڈالیں تاکہ پاکستان کو اس خطرناک وبا سے محفوظ رکھا جاسکے۔

سنجاوی، ڈپٹی کمشنر لیاقت علی کاکڑ انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں مانیٹرنگ آفسران اور زونل سپروائزر کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انسداد پولیو مہم کی کامیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا کچھی انتظامیہ

والدین بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوا کر حب الوطنی کا ثبوت دیں، ڈی سی

ڈی سی اور اسسٹنٹ کمشنرز گاؤں گاؤں جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی مہم کی نگرانی کر رہے ہیں

کچھی (خ ن) ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ کی پولیو کے خلاف جدوجہد و کاوشیں جاری ہیں ضلع بھر کے اسسٹنٹ کمشنرز کو احکامات جاری کیے گئے ہیں کہ پولیو مہم کی کامیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے جس کے تحت تمام اسسٹنٹ کمشنر مصروف عمل ہیں یہی نہیں بلکہ خود بھی پولیو کی قومی مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے مختلف مقامات پر جاری انسداد پولیو مہم کے دورہ سے ملاقات و درپیش مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کر رہے ہیں گاؤں میں خود جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے حوالے سے معلومات حاصل کر رہے ہیں اور خود بھی بچوں کی فنگر مارکنگ کو چیک کر رہے ہیں اور اس حوالے سے انہوں نے پولیو ٹیموں کے ورکرز کو سختی سے ہدایات دیں ہیں کہ کوئی بھی بچہ اس مہم سے رہ نہ جائے ہر اس بچے تک پہنچنے کی کوشش کی جائے جس کو پولیو سے محفوظ رکھنے کیلئے قطرے پلانے کی ضرورت ہو اس میں سستی یا پھر غفلت کا مظاہرہ ہرگز نہیں ہونا چاہیے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ نے عوام پر بھی زور دیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے حکومت کی جانب سے فراہم کردہ سہولیات سے بھرپور انداز میں مستفید ہوں اور اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر حب الوطنی کا ثبوت دیں اور حکومت کی جانب سے پولیو کے خاتمے کیلئے شروع کی گئی جدوجہد میں شامل ہو کر اپنا مثبت کردار ادا کریں۔

نصیرآباد، کمشنر نصیرآباد معین الرحمن خان سے سابق صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، مولانا فضل الرحمن کو جمعیت کراچی کے مہتمم مولانا کلیم اللہ ترین قالین کا تحفہ دے رہے ہیں

زیارت میں انسداد پولیو مہم کامیابی سے جاری ہے' ڈپٹی کمشنر

پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرانا ہم سب کی ذمہ داری ہے' لیاقت علی کاکڑ کا اجلاس سے خطاب

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت لیاقت علی کاکڑ کی زیر صدارت اے سی سنجاوی کے دفتر میں ضلع زیارت میں جاری انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں مانیٹرنگ افسران اور زونل سپروائزر کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی شیر شاہ، ڈی ایچ او زیارت ڈاکٹر شاہ اللہ، ڈی ایچ او ڈاکٹر شہباز خان، محکمہ صحت کے مانیٹر افسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلع زیارت میں جاری انسداد پولیو مہم کا جائزہ لیا گیا اور ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی گئی ڈپٹی کمشنر لیاقت علی کاکڑ نے کہا کہ ضلع زیارت میں انسداد پولیو مہم کامیابی سے جاری ہے تمام پولیو ٹیموں کو سخت سیکورٹی دی گئی ہے انسداد پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرانا ہم سب کی ذمہ داری ہے انہوں نے پولیو ورکرز پر زور دیا کہ وہ گھر گھر جا کر پانچ سال تک کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلائے تاکہ کوئی بھی بچہ انسداد پولیو کے قطروں سے محروم نہ رہ جائے، انسداد پولیو مہم ایک قومی مہم ہے۔

گوتم اڈانی نے بنگلہ دیش سے بجلی کے 80 کروڑ ڈالر کے واجبات مانگ لیے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی تاجر اور ایشیا کے دوسرے امیر ترین شخص گوتم اڈانی نے بنگلہ دیش سے بجلی کے 80 کروڑ ڈالر کے واجبات مانگ لیے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گوتم اڈانی کی جانب سے بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے سربراہ ڈاکٹر یونس کو خط لکھا گیا جس میں انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بنگلہ دیش پاور ڈیولپمنٹ بورڈ کی طرف واجب الادا 80 کروڑ ڈالر ادا کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ خط میں چیئرمین اڈانی گروپ کا کہنا تھا کہ ہم بنگلہ دیش کے ساتھ بجلی کی فراہمی کے معاہدوں کو پورا کر رہے ہیں اس لیے قرض دہندگان بھی ہم سے ادائیگی کا مطالبہ کررہے ہیں۔

حزب اللہ کی سرنگوں نے شمالی کوریا کا نظام اپنایا، نئی معلومات سامنے آگئیں

اسرائیلی دفاعی افواج حماس کی تقریباً 80 فیصد سرنگوں کو ختم کرنے میں کامیاب ہوگئی ہیں، رپورٹ

بیروت (این این آئی) حزب اللہ نے ایک ویڈیو کلپ میں دکھایا ہے اس نے حال ہی میں سرنگوں کے نیٹ ورک کا ایک ماڈل شائع کیا ہے جس میں تصاویر کے مطابق میزائل لانچرز اور بھاری ہتھیار شامل ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق ماہرین کا خیال ہے کہ ان تنصیبات نے مغربی انٹیلی جنس اور خاص طور پر اسرائیل میں اس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کی طلب پیدا کی تھی۔ ان سرنگوں کی اہمیت اور اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان کسی بھی جنگ میں فرق کرنے کی صلاحیت کی تحقیق کی طرف لوگوں کو ابھارا۔ ویڈیو صوتی اور بصری اثرات کے ساتھ چار منٹ تک پھیلی ہوئی ہے۔ اس میں عماد 4 نامی ایک قلعہ بند سہولت دکھائی گئی ہے جس میں فوجی وردی میں ملبوس افراد، میزائلوں سے لدی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں وسیع اور روشن سرنگوں کے اندر چل رہے ہیں۔ اس ٹیپ کا عنوان ہمارے پہاڑ ہمارے خزانے ہیں تھا۔ غزہ میں ایک سال کے قریب سے حماس کے خلاف اسرائیل کی جنگ کے باوجود اسرائیلی سیکورٹی ماہرین خطرے کی گھنٹی بجاتے رہتے ہیں کہ اسرائیل کو درپیش سب سے بڑا خطرہ شمال میں لبنان سے ہی ہے۔ یہاں حزب اللہ نے ترقی کر کے سرنگ کا نظام بنا لیا ہے۔ فاکس نیوز کی ایک رپورٹ کے مطابق حزب اللہ نے گزشتہ دو دہائیوں کے دوران پورے جنوبی لبنان میں مجموعی طور پر 100 میل سے زیادہ طویل سرنگوں کا نیٹ ورک تیار کیا ہے، ویڈیو صوتی اور بصری اثرات کے ساتھ چار منٹ تک پھیلی ہوئی ہے۔ اس میں عماد 4 نامی ایک قلعہ بند سہولت دکھائی گئی ہے جس میں فوجی وردی میں ملبوس افراد، میزائلوں سے لدی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں وسیع اور روشن سرنگوں کے اندر چل رہے ہیں۔ اس ٹیپ کا عنوان ہمارے پہاڑ ہمارے خزانے ہیں تھا

اے سی چمن امتیاز علی بلوچ انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز پولیو ٹیموں کی کام کا جائزہ اور سکیورٹی چیک کر رہے ہیں

نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی
ریجنل ہیڈ آفس نادرا اسلام آباد
NADRA PAKISTAN

اطلاع عام

مندرجہ ذیل افراد کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اس اشتہار کی اشاعت کے پندرہ (15) یوم کے اندر اپنے متعلقہ نادرا زونل آفس یا نادرا ریجنل ہیڈ آفس جی نائن فور اسلام آباد میں تمام دستاویزات کے ہمراہ حاضر ہوں۔ بصورت دیگر نادرا اتھارٹی نہ صرف آپ بلکہ آپ کے اہل و عیال کے جملہ افراد کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لانے کی مجاز ہوگی۔

سیریل نمبر	نام	والد/شوہر	پتہ	سیریل نمبر	نام	والد/شوہر	پتہ
1	مراد خان	بہادر خان	سٹریٹ نمبر 12 محلہ تاج آباد پشاور	9	نواب خان	دواجان	غوث آباد سیٹلائٹ ٹاؤن، بلاک 5، محلہ شہید بابا ڈاک خانہ ویسہ حضرو اٹک
2	ابراہیم	شہزادگل	سٹریٹ نمبر 14 محلہ تاج آباد پشاور				
3	آمنہ	بہادر خان	سٹریٹ نمبر 14 محلہ تاج آباد پشاور	10	ملال خان	دواجان	بلاک 5، غوث آباد، سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ/شہید بابا ویسہ حضرو اٹک
4	اسماعیل خان	بہادر خان	سٹریٹ نمبر 14 محلہ تاج آباد پشاور				
5	نیاز گل	بہادر خان	سٹریٹ نمبر 14 محلہ تاج آباد پشاور	11	دواجان	طور خان	شہید بابا ویسہ حضرو اٹک / بلاک 5، غوث آباد، سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ
6	شہزادگل	بہادر خان	سٹریٹ نمبر 14 محلہ تاج آباد پشاور				
7	کوثر بی بی	بہادر خان	سٹریٹ نمبر 14 محلہ تاج آباد پشاور	12	صدر اعظم	دواجان	بلاک 5 غوث آباد سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ
8	حکیم خان	دواجان	شہید بابا ویسہ محلہ خاص اٹک / بلاک 5، غوث آباد، سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ	13	عمران خان	دواجان	بلاک 5 غوث آباد سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ

PID (I) 1829/24

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 12 ستمبر 2024ء

سیاسی منظرنامہ: جارحانہ بیانات سلجھاؤ کی بجائے الجھاؤ کا محرک!!

بدقسمتی کہیں یا المیہ مگر تلخ حقیقت یہی ہے کہ ہمارے قومی سیاسی منظرنامے پر آئے روز کچھ نہ کچھ ایسا وقوعہ پذیر ہو ہی جاتا ہے جس سے بے پر کی اڑانے والوں کو نئے موضوعات مل جاتے ہیں دور دور کی کوڑیاں لائی جاتی ہیں ایک دوسرے کے خلاف تندو تیز بیانات معاملات کو مزید الجھانے کا باعث بن جاتے ہیں اور نتیجتاً سیاسی منظرنامے پر غیر یقینی کی بادل چھا جاتے ہیں استحکام مفقود ہوجاتا ہے اور پہلے سے موجود مسائل حل ہونے کی بجائے مزید گھمبیر اور سنگین ہوجاتے ہیں ان دنوں پی ٹی آئی اور حکومت کے مابین چلی آرہی کشمکش اور چپقلش ایک نئے مرحلے میں داخل ہوچکی ہے پی ٹی آئی لیڈرشپ نے گزشتہ اتوار کو منعقدہ جلسے کے دوران جو زبان استعمال کی اور اس دوران جو حالات وواقعات پیش آئے اس کے بعد قانون حرکت میں آیا پی ٹی آئی رہنماؤں کی گرفتاریاں ہوئیں تو اگلے روز پارلیمنٹ میں اس بناء پر اپوزیشن اراکین کا شدید احتجاج سامنے آیا کہ کیونکر پولیس نے پارلیمنٹ میں داخل ہوکر اراکین کو گرفتار کیا اپوزیشن رہنماؤں نے گزشتہ روز اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے گزشتہ پیر کے دن کو جمہوریت کا نومئی قرار دیا اور اس پر شدید احتجاج کیا جبکہ حکومت کہتی ہے کہ قانون کے برخلاف کچھ بھی نہیں ہوا گرفتار ارکان قومی اسمبلی کے پروڈکشن آرڈر جاری کردیے گئے ہیں اور توقع ہے کہ اگلے اجلاس میں وہ پیش ہوں گے بدھ کے روز قومی اسمبلی کے اجلاس میں اس معاملے کی صدائے بازگشت چھائی رہی اس موقع پر ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے حکومت اور اپوزیشن کے اراکین پر زور دیا ہے کہ انہیں بیٹھنا چاہئے اور آپس میں بیٹھ کر میثاق پارلیمنٹ پر اتفاق کرنا چاہئے ہمیں بھولنا چاہئے کہ ماضی میں کیا ہوتا رہا، ہماری لیڈرشپ چاہے آپس میں بیٹھے یا نہ بیٹھے مگر کیا ہمارے پارلیمنٹیریز آپس میں بیٹھ کر میثاق پارلیمنٹ پر اتفاق نہیں کرسکتے، کیا ہم بہتری کی طرف نہیں جاسکتے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں لوگوں کے حقوق اور مسائل کی بات باہر جانے کی بجائے اس ایوان میں کرنا چاہئے، مگر آئین کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے بات کرنا چاہئے ان کا کہنا تھا کہ قومی اسمبلی میں سکیورٹی کی ذمہ داری سارجنٹ ایٹ آرمز اور ان کے ساتھ موجود اہلکاروں کی تھی جس پر انہیں معطل کیا غلط چیزیں کسی چیز کو درست نہیں کرسکتیں، جو بھی مناسب ہوگا میں اپنی ذمہ داریاں ادا کروں گا اور اس واقعہ کی تہہ تک جاؤں گا اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آئین کی بالادستی کے بغیر پارلیمنٹ سمیت کوئی ادارہ نہیں چل سکتا، سیاست اپنی جگہ لیکن ہمیں ورکنگ ریلیشن شپ رکھنا ہے عوام نے اپنے نمائندوں کو منتخب کیا، ہم نے سیاست کو گالی بنادیا ہم باہر جو سیاست کریں وہ ہمارا مسئلہ ہے، لیکن ایوان کے اندر ہمیں ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا، آئین کی بالادستی کے بغیر پارلیمنٹ سمیت کوئی ادارہ نہیں چل سکتا ہمیں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی ہیں، حکومت کا کام آگ بجھانا ہے، مزید آگ لگانا نہیں، اپوزیشن کا بھی یہ کام نہیں کہ ہر وقت گالی دے، ہمیں اپنی ذمہ داریوں کو دیکھنا ہوگا، انہیں ادا کرنا ہوگا اگر حکومت یہ سوچے گی کہ اینٹ کا جواب پتھر سے دینا ہے تو یہ ایک دن کی خوشی ہوگی، اگلے دن آپ بھی اسی جیل میں ہوں گے، اگر ہم آپس کی لڑائی میں لگے رہے تو ملک کیسے آگے بڑھے گا۔ چیئرمین پیپلزپارٹی نے کہا کہ ہمارا ابھی حکومت سے اختلاف رائے ہوتا ہے، الیکشن مہنگائی کے نکتے پر لڑا، جہاں مناسب سمجھا تنقید کی، لیکن وقت آگیا ہے کہ حکومت کی کارکردگی کا جائزہ لیں ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ سیاسی اختلافات جمہوریت کا حسن ہے، میثاق جمہوریت پاکستان کی جمہوریت میں پیش رفت تھی کہ پہلی مرتبہ دو متحارب پارٹیوں نے مل کر پارلیمانی جمہوریت کو آگے بڑھانے کی سوچ کی بنیاد رکھی، اس میں رخنے بھی آئے لیکن ہم نوے کی دہائی کی تلخی کی طرف نہیں بڑھے، رابطے بھی رہے، اختلافات بھی ہوئے انہوں نے پی ٹی آئی جلسے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جلسے میں اس طرح کی تقاریر نہیں ہوتیں، اگر یہ گرفتاریاں الگ سے ہوتیں تو میں بھی اس کی مذمت کرتا، لیکن جب آپ حدود کو عبور کرتے ہیں، فیڈریشن، آئین کو چیلنج کرتے ہیں، جمہوریت کی بنیادوں کو کمزور کرتے ہیں، اس طرح کی باتیں خودکشی کے مترادف ہیں خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی احتجاج کرے لیکن حدود کو عبور نہ کرے نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے قومی اسمبلی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاست ضرور کریں لیکن ریڈ لائن کراس نہ کریں انہوں نے حکومت کی جانب سے کمیٹی کی تجویز کو سراہتے ہوئے کہا کہ کمیٹی ضرور بننی چاہئے اور اس میں تمام پارٹیز کو شامل کیا جائے اور ان کو ایک ایسا اختیار دیں کہ وہ تمام صورتحال کا مکمل طور پر جائزہ لے اور اس میں راستہ ڈھونڈا جائے کہ ہم ملک کے لئے کیا بہتر کرسکتے ہیں نائب وزیراعظم کی بات سے ہمیں بھی اتفاق ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ اس وقت سیاسی قیادت کو بنیادی غور ہی اس نکتے پر کرنا چاہئے کہ ہم ملک کے لئے کیا بہتر کرسکتے ہیں اس وقت ہمارا ملک ہر طرف سے مسائل میں گھرا ہوا ہے ایک طرف مہنگائی اور بے روزگاری جیسے مسائل ہیں تو دوسری جانب دہشت گردی اور دیگر مسائل یہ مسائل ایک دم سے چٹکی بجاتے حل نہیں ہوں گے ان مسائل کے حل میں وقت لگ سکتا ہے مگر کامیابی اسی صورت ملے گی کہ جب ہم سب یکسو ہوں اگر سیاسی جماعتیں سیاسی منظرنامے کو مستحکم نہیں رکھ سکتیں تو عوام الناس کی امیدیں بار آور نہیں ہو پائیں گی سیاسی استحکام ہوگا تو معاشی استحکام آئے گا اور عوام کی امیدیں و توقعات پوری ہوں گی عوام کی امیدوں و توقعات پر پورا اترنے کے لئے حکومت ہر چند کہ کوشاں ہے اور اب تک بہتر انداز میں آگے بڑھ رہی ہے مگر یہ اقدامات کوششیں اور کاوشیں تبھی ثمر آور ثابت ہوں گی جب سیاسی استحکام ہوگا بدقسمتی سے آٹھ فروری سے لے کر اب تک سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کو زچ کرنے کے لئے ہر حد تک جاتی نظر آرہی ہیں تنقید اور اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے احتجاج بھی عین جمہوری ہے مگر یہ ظلم ہے کہ آپ بے جا الزام تراشیاں کریں عوام کو مشتعل کرنے کی کوشش کریں اور ایسا ماحول بنائیں جس میں پہلے سے موجود مسائل مزید گھمبیر و سنگین ہوں پس حکومت اور اپوزیشن قائدین کی فہم وفراست کا یہ امتحان ہے انہیں چاہئے کہ جارحانہ سیاسی بیانات اور الزام تراشیوں پر استوار سیاسی رویے ترک کریں قوم کو ترقی کی منازل تک پہنچانے کے لئے مثبت وتعمیری کردار ادا کریں مسائل میں کمی کی کوشش کی جائے مسائل کو گھمبیر وسنگین بنانے کی روش افسوسناک ہے۔

پی ٹی آئی رہنماؤں کی گرفتاریاں اور چال بازیاں

جائزہ

زاہد حسین

اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی جانب سے طاقت کے حالیہ مظاہرے کے بعد سینئر پارٹی رہنماؤں کی گرفتاری کی نئی لہر اس بات کو واضح کرتی ہے کہ اس وقت ملک کس قدر سیاسی تناؤ کی زد میں ہے۔ اب جو کچھ ہو رہا ہے یہ اچانک نہیں ہوا بلکہ اس پر کام کچھ عرصے سے ہو رہا تھا، دونوں فریق ہی واقف تھے کہ یہ کسی نہ کسی موڑ پر سنگین رخ ضرور اختیار کرے گا۔ 8 ستمبر کی ریلی اور پی ٹی آئی رہنماؤں کی جانب سے کی گئیں سخت تقاریر نے محرک فراہم کیا۔ اسلام آباد میں عوامی اجتماعات کو 'ریگولیٹ' کرنے کا ایک متنازع قانون جو کہ اپوزیشن کے جلسے سے چند روز قبل مجلس میں منظور کیا گیا، اسے اب کریک ڈاؤن کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔ لیکن اب بات الفاظ کی جنگ سے آگے بڑھ چکی ہے اور یہ یہاں رکے گی بھی نہیں۔ اپوزیشن کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے باوجود ان کے پاور شو نے حکمران اتحاد کو بے چین کردیا ہے۔ پی ٹی آئی کے اعلیٰ رہنماؤں کی گرفتاریاں انتظامیہ کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی عکاسی کرتی ہیں۔

پی ٹی آئی کے چند اراکین کو پارلیمنٹ لاجز کے اندر سے گرفتار کیا گیا جو کہ واضح طور پر ایوان کے ضابطوں اور تقدس کی پامالی ہے۔ یہ تو واضح ہے کہ پولیس کبھی بھی حکام کے احکامات کے بغیر پارلیمنٹ کی عمارت میں داخل نہیں ہوسکتی۔ وزیر دفاع نے اس اقدام کا دفاع کیا، کہا کہ ایسا پی ٹی آئی رہنماؤں کی اشتعال انگیز تقاریر کی وجہ سے ہوا۔ وفاقی کابینہ کے ایک سینئر وزیر کی جانب سے غیرقانونی اقدام کا دفاع کرنے سے زیادہ مضحکہ خیز کچھ نہیں ہوسکتا۔

زیر حراست کچھ افراد پر انسداد دہشت گردی کے قوانین کے تحت الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ ہماری پارلیمانی تاریخ میں اس طرح قانون کی پامالی کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ پولیس کو پارلیمانی حدود میں داخلے کی اجازت دے کر حکومت نے جمہوری سیاسی عمل کو بہت بڑا دھچکا پہنچایا ہے جبکہ ماورائے آئین قوتوں کو مضبوط کیا ہے۔

اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے پی ٹی آئی کے گرفتار اراکین اسمبلی کو رہا کرنے کا جو حکم جاری کیا گیا ہے وہ قابل تعریف اقدام ہے لیکن یہ ایوان کا تقدس بحال کرنے کے لیے کافی نہیں۔ یہ ان لوگوں کے خلاف کچھ نہیں کرتا جن کے حکم پر اس طرح کی کارروائی کی گئی۔ رواں ہفتے کے واقعات سے ملک میں پہلے سے زیادہ تقسیم پیدا ہوئی ہے۔ سب سے زیادہ تشویش ناک وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو مبینہ طور پر اسلام آباد میں کئی گھنٹے تک روکے رکھنے کی اطلاعات تھیں۔ اس طرح کی کارروائیاں صوبے میں عدم استحکام کو مزید بڑھا سکتی ہے جہاں پہلے ہی حالات مثالی نہیں۔ یہ قوم کے اتحاد کے لیے منفی ثابت ہوگا۔ یہ سب سے بڑی اپوزیشن جماعت کے لیے بھی امتحان کا وقت ہے جو اندرونی اختلافات کا سامنا کررہی ہے۔ پارٹی کو بلاشبہ بے پناہ عوامی حمایت حاصل ہے لیکن اس کے باوجود کوئی مربوط قیادت نہیں جو پارٹی کا چارج سنبھال سکے۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا اور چند دیگر اراکین کی جانب سے کی گئی اشتعال انگیز تقاریر نے پی ٹی آئی کے مقصد کو بڑی حد تک نقصان پہنچایا ہے۔ اس طرح کی نفرت انگیز بیان بازی پارٹی کی اندرونی تقسیم میں اضافے کا باعث بنے گی۔ یہ پارٹی صرف اس لیے ابھی تک کھڑی ہے کیونکہ اس کے سپورٹرز کی توجہ جیل میں قید اپنے لیڈر پر مرکوز ہے۔ تاہم عمران خان کے جیل سے جلد باہر آنے کے امکانات انتہائی کم ہیں، ایسے میں پارٹی کی صفوں میں اضطراب میں اضافہ ہو رہا ہے۔ صرف قانونی جنگ ہی نہیں بلکہ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ لڑائی کی وجہ سے بھی عمران خان ابھی تک جیل میں قید ہیں۔ سابق وزیراعظم پر 9 مئی کے پُرتشدد فسادات اور فوجی تنصیبات پر حملوں کے مبینہ ماسٹر مائنڈ ہونے کے الزام میں فوجی عدالت میں مقدمہ چلانے کی بھی بازگشت ہورہی ہے۔ بعض وفاقی وزرا کے بیانات نے اس امکان کی جانب اشارہ کیا جس سے قیاس آرائیوں کو تقویت ملی ہے۔ دوسری جانب سابق آئی ایس آئی سربراہ لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید کی گرفتاری اور ٹرائل نے بھی ان خدشات کو تقویت دی کہ عمران خان اور دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کے گرد گھیرا تنگ ہو رہا ہے۔ میڈیا کے کچھ سیکشنز یہ رپورٹ کررہے ہیں کہ سابق آئی ایس آئی چیف مبینہ طور پر 9 مئی کے واقعات میں ملوث تھے۔ یہ بلاشبہ ایک تشویش ناک صورت حال ہے۔

عمران خان کی گرفتاری کے بعد پھوٹنے والے 9 مئی کے فسادات کو 16 ماہ سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے۔ اسے جی ایچ کیو راولپنڈی اور کور کمانڈر ہاؤس لاہور سمیت ملک کی مختلف فوجی تنصیبات پر منظم اور مربوط حملے کے طور پر دیکھا گیا۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ حساس سیکیورٹی تنصیبات پر حملہ ایک سنگین معاملہ ہے۔ لیکن دیکھا جائے تو گمان ہوتا ہے کہ جیسے 9 مئی کے واقعات کو سیاسی چال بازیوں کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔ پی ٹی آئی کارکنان کی بڑی تعداد کو گرفتار کیا گیا۔ ملٹری ترجمان کے مطابق واقعے سے تعلق کے الزام میں دیگر افراد کے خلاف بھی ایکشن لیا گیا جن میں ٹو اور تھری اسٹار آفیسر بھی شامل ہیں۔ لیکن ابھی تک کسی کو بھی سزائیں نہیں سنائی گئی۔ جبکہ حراست میں لیے گئے بہت سے افراد کو بعد میں عدالتوں نے رہا کردیا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ قومی سلامتی کے اتنے اہم معاملے پر بھی عوامی سطح کی کوئی انکوائری نہیں کی گئی لیکن اس کے باوجود 9 مئی پی ٹی آئی کے خلاف حکمران اتحاد اور اسٹیبلشمنٹ کے سیاسی بیانیے کا حصہ ہے۔ یہ مسئلہ سیاسی کشیدگی میں بار بار اٹھایا جاتا ہے۔ فیض حمید کی گرفتاری نے ایک بار پھر 9 مئی کے معاملے کو سیاسی بحث کا حصہ بنادیا ہے۔

اب عمران خان پر آرمی ایکٹ کے تحت مقدمہ چلائے جانے کے امکانات کی بات ہورہی ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو یہ پہلا موقع ہوگا کہ پاکستان کا کوئی سابق وزیراعظم فوجی عدالت میں پیش ہو۔ ایسے کسی بھی امکان کے جمہوری عمل اور قومی استحکام کے لیے سنگین اور طویل مدتی نتائج مرتب ہوں گے۔ ضروری ہے کہ 9 مئی کے واقعے کی تحقیقات کروائی جائیں اور ذمہ داروں کو سزا دی جائے۔ لیکن یہ پورا واقعہ اہم دفاعی تنصیبات کی حفاظت میں سیکیورٹی فورسز کی ناکامی پر بھی سوال اٹھاتا ہے۔ غیرمسلح لوگوں کا ایک نسبتاً چھوٹا ہجوم بغیر کسی مزاحمت کے ایسے حساس مقامات میں داخل ہوکر سکیورٹی کی خلاف ورزی کیسے کرسکتا ہے؟ حساس فوجی احاطے میں ایک ہجوم کیسے داخل ہوسکتا ہے؟ فوج کے مطابق کئی افسران کے خلاف کارروائی کی گئی جس کی وجہ سے بہت سے مبصرین نے یہ پوچھا کہ کیا 9 مئی کی سازش میں اندر سے لوگ شامل تھے۔ قصوروار پائے جانے والوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہوگی لیکن یہ واضح نہیں ہے کہ آیا ایسی سازش میں خراب ریکارڈ رکھنے والے فوجی اہلکار بھی شامل تھے یا نہیں۔ اس کی بھی تحقیقات ہونی چاہئیں کہ کیا ان افسران اور پی ٹی آئی کی قیادت کے درمیان کوئی تعلق تھا۔ ان سوالات کے جوابات ملنے چاہئیں۔ اور یہ سلسلہ یہیں ختم نہیں ہونا چاہیے بلکہ سیکورٹی کی اس سنگین خلاف ورزی کی ذمہ داری بھی اعلیٰ افسران پر عائد ہوتی ہے۔ 9 مئی کے واقعے پر سیاست کرنے کے بجائے ہمیں اس انتہائی سنگین سیکیورٹی معاملے کی آزادانہ انکوائری کروانی چاہیے۔

رحم دلی کے بدلتے نظریات

تاریخ کی شہادت

ڈاکٹر مبارک علی

عام طور پر رحم دلی کو نیکی کی ایک صفت سمجھا جاتا ہے۔ لیکن اس کا تاریخی کردار کیا ہے اور اس اخلاقی قدر کو کس طرح سیاسی اور سماجی طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ رحم دلی کی اخلاقی قدر ایک ایسی سوسائٹی میں پیدا ہوتی ہے۔ جس میں طاقتور اور کمزور طبقات ہوں۔ طاقتور طبقہ رحم دلی کے نام پر کمزور احساس کمتری میں مبتلا ہو کر اپنی عزت اور وقار ختم کردیتا ہے۔ جب سوسائٹی میں کسی غریب بھوکے اور بے بس شخص کو دیکھا جائے تو اس پر رحم ضرور آتا ہے۔ مگر یہ کوشش نہیں ہوتی کہ غربت کا خاتمہ کیا جائے اور سوسائٹی میں سب کو مساوی درجہ دیا جائے۔ جب حکمران اور مذہبی فرقے اپنے مخالفین کو اذیت دیتے ہیں تو وہ رحم دلی کو نظرانداز کردیتے ہیں۔ اس کی مثال کیتھولک فرقے میں شمولیت (inclusion) کی رہی ہے۔ یہ ان افراد کو اذیتیں دیتے تھے اور زندہ جلادیتے تھے جو مذہب سے منحرف ہوتے تھے۔ ان کی دلیل یہ تھی کہ وہ ان منحرفین کو سزائیں دیتے ہیں تاکہ آخرت میں وہ پاک صاف ہوکر جائیں اور اپنی نجات کا باعث بنیں۔ حکمران طبقے اپنے سیاسی حریفوں کو اس لیے اذیتیں دیتے تھے تاکہ ان کی مزاحمت ختم ہوجائے اور وہ حکمرانوں کے وفادار بن جائیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ سیاسی حریفوں کو اذیتیں دینے کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ خاص طور سے آمرانہ حکومتوں میں سیاسی حریفوں کو ملک دشمن اور قوم کا غدار سمجھا جاتا ہے، تاکہ ریاستی ادارے انہیں اذیت دیتے وقت ان پر کوئی رحم نہ کریں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی رحم دلی کا سیاسی استعمال بھی ہوتا ہے۔ حکمران کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ قید کی مدت میں کمی کردے اور موت کی سزا پانے والوں کو رحم دلی کی بنیاد پر معاف کردے۔ روس کے مشہور ناول نگار دوستوفسکی (وفات: 1881) لکھتا ہے کہ طالب علمی کے زمانے میں وہ ان طلبہ میں سے تھا جو زار کے خلاف تھے۔ روسی پولیس نے ان کو گرفتار کرکے مقدمہ چلایا اور عدالت نے ان کو سزائے موت دی۔ انہیں ایک لائن میں کھڑا کردیا گیا۔ ان کے سامنے فائرنگ سکواڈ تھا جو حکم کا منتظر تھا۔ عین اس وقت زار کا قاصد آیا اور اس نے زار کی جانب سے قیدیوں کی سزائے موت کو منسوخ کردیا۔ اس کے بعد ان سب کو سائبیریا منتقل کردیا گیا۔ امریکہ کی ریاستوں میں گورنر کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ سزائے موت سے معافی دے دے، اور قیدیوں کی قید کی مدت میں کمی کردے۔ اس رحم دلی کے جذبے کو استعمال کرکے وہ اپنی ریاست میں مقبول ہوجاتا ہے۔

رحم دلی کے ایک اور نظریے کو ہم ایک مشہور ڈرامہ نگار فریڈرخ شلر (وفات: 1905) کے ڈرامے 'ڈاکو' میں دیکھتے ہیں جو ایک ڈاکو کی کہانی ہے۔ یہ لوٹ مار اور کئی لوگوں کے قتل میں ملوث تھا۔ لیکن بالآخر گرفتار ہوا اور اسے سخت اذیتیں دی گئیں، جنہوں نے اس کو جسمانی اور روحانی طور پر ناتواں کر دیا۔ ایک دن وہ جیل کے فرش پر سہمی سے بیٹھا ہوا تھا کہ چرچ کا ایک عہدیدار اس کے پاس آیا۔ اسے دیکھ کر ڈاکو نے کہا، 'فادر مجھ پر رحم کرو'۔ فادر نے اس کے جواب میں کہا، 'تم رحم کے قابل نہیں ہو۔ تم اس دنیا میں بھی اذیتیں اٹھاؤ گے، اور آخرت میں جہنم میں جلائے جاؤ گے' 1930 کی دہائی میں جب جاپان نے چین پر حملہ کیا تو اس نے درندگی اور خونریزی کے وہ مظاہرے کیے جو تاریخ میں سب سے بڑھ کر ہیں۔ رحم دلی کے بارے میں مفکرین کے کئی نظریات ہیں۔ مثلاً ایک نظریہ یہ ہے کہ رحم دلی کا جذبہ انصاف کی راہ میں رکاوٹ ہوتا ہے۔ مجرموں کو ان کے جرم کی سزا ملنا چاہیے، ان پر رحم نہیں کرنا چاہیے۔

اس نظریے کا حامی جرمن فلسفی امانوئل کانٹ (وفات: 1804) ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ سزاؤں کے ذریعے سماج کو انتشار سے بچایا جاتا ہے، اس لیے اگر رحم دلی کو اختیار کیا گیا تو سوسائٹی میں سزا کا ڈر ختم ہوجائے گا۔ ایک دوسرے نظریے کے مطابق جنگوں میں فوجیں جب ایک دوسرے کو قتل کرتی ہیں تو ان میں رحم کا کوئی جذبہ نہیں ہوتا ہے۔ لہٰذا تاریخ میں جب فاتحین نے شکست خوردہ حریفوں کو قتل کیا۔ ان کا مال و اسباب لوٹا تو رحم دلانہ جذبات سے دور رہے۔

1930 کی دہائی میں جب جاپان نے چین پر حملہ کیا تو اس نے درندگی اور خونریزی کے وہ مظاہرے کیے جو تاریخ میں سب سے بڑھ کر ہیں۔ خاص طور سے اس نے نان جنگ شہر کے عام لوگوں، عورتوں اور بچوں کا قتل عام کیا۔ اسی بیرحمی کی پالیسی کو اس نے فلپائن اور کوریا میں بھی استعمال کیا۔ موجودہ دور میں سربیا والوں نے بوسنیا کے مسلمانوں کا قتل عام کیا تو اسرائیل 1947 سے فلسطینیوں کی نسل کو ختم کیے جارہا ہے اور رحم دلی کے جذبات کو نظرانداز کیے ہوئے ہے۔

اگرچہ رحم دلی کو نیکی سمجھا جاتا ہے مگر سوال یہ ہے کہ انسانی فطرت میں وہ کون سے عوامل ہیں جو رحم دلی کو چھوڑ کر خونریزی کو اپناتے ہیں، اور اس پر اپنی پشیمانی کا اظہار بھی نہیں کرتے؟ اس لیے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا انسانی سماج بھی تعصب اور نفرت اور خونریزی سے نجات پائے گا یا یہ سلسلہ کسی نہ کسی شکل میں جاری رہے گا؟

پی ٹی آئی کا جلسہ اور اس کے آفٹر شاکس: پانچ حقائق

دانش کدہ

نسیم زہرہ

پاکستان کی حکومت اور مقتدر حلقوں نے بالآخر آٹھ ستمبر کو تحریک انصاف کو جلسہ کرنے کی اجازت دے ہی دی۔ جلسہ اسلام آباد کے مضافات میں ہونا تھا اور تقریباً 40 شرائط کی بنیاد پر پی ٹی آئی کو جلسے کے لیے این او سی تھمایا گیا۔ متعدد وجوہات کی بنا پر پی ٹی آئی کو یہ این او سی ملنا اور آٹھ ستمبر تک اس این او سی کا برقرار رہنا سیاسی طور پر پی ٹی آئی کے لیے ایک کامیابی تھی، اور پاکستان کی سیاست اور پاور پلے کے زاویے سے یہ ایک اہم قدم تھا۔ آخر کار نومئی کے بعد پی ٹی آئی کو اپنی عوامی حمایت دکھانے کا یہ پہلا موقع دیا گیا تھا۔ نومئی کے بعد پی ٹی آئی کے وجود پر گہرے بادل چھائے ہوئے تھے۔ وہی مقتدر حلقے جن سے پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین عمران خان نے (جو گذشتہ 14 ماہ سے پابند سلاسل ہیں) ذاتی مفاد کے لیے مضبوط تعلقات بنائے تھے۔ لیکن جب اعتماد اور سیاسی طاقت کا شیرازہ بکھرا اور عمران خان کی حکومت اپریل 2022 میں عدم اعتماد کے ووٹ کے نتیجے میں ختم ہوئی، تو یہ تعلقات بھی بکھر گئے۔ یوں جب جنگ چھڑ گئی تو دوستی، آئین اور اخلاقیات کہاں رہیں؟ اس کے بعد تو پاور پلے کا اکھاڑ کھل گیا، اور قوم ایک شدید اور خطرناک مقابلے کا مشاہدہ کرنے لگی۔ اس جنگ نما مقابلے میں جائز و ناجائز کا خیال نہیں رکھا گیا۔ یہ قصہ طویل ہے اور ماضی میں طاقتوروں کی غیر آئینی دوستی ہمیشہ زوال کا باعث بنی ہے۔ یہ پاکستان کی تاریخ کا حصہ ہے۔ وجوہات چاہے جو ہوں، غیر آئینی تعلقات کا نتیجہ ہمیشہ سیاست دانوں کے لیے سیاسی رسوائی ہی نکلا ہے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک سادہ سبق ہے کہ تمام سیاست دانوں کو مل بیٹھ کر آئین کی روح کے مطابق چارٹر آف ڈیموکریسی بنانا چاہیے تاکہ خود اور ادارے آئینی دائرہ کار میں رہیں۔ آج کل ملک کا بچہ بچہ یہ بات سمجھتا ہے کہ یہ جوڑ توڑ، اتار چڑھاؤ، دوستی اور دشمنی پاکستان اور اس کے عوام کے لیے نقصان دہ ثابت ہوئی ہے۔ بہرحال، آٹھ ستمبر سے جڑے کچھ ایسے اہم اور متضاد حقائق ہیں جو کہ موجودہ سیاسی حالات اور پاور پلے کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ان میں سے پانچ اہم ہیں:

1. جلسے میں عوام کی بھرپور شمولیت، چاہے وہ انفرادی طور پر آئے ہوں یا قافلوں کی صورت میں اور عمران خان کے ساتھ کھڑے رہنا، اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ پی ٹی آئی کا مینڈیٹ اب بھی قائم ہے۔ ایک عینی شاہد کے طور پر یہ کہنا درست ہوگا کہ عمران خان کے 31 مارچ 2022 کے پریڈ گراؤنڈ کے جلسے کا جوش و خروش اور شرکت آٹھ ستمبر کو بھی دکھائی دے رہی تھی۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ اور عوام کی فطرت یہی بتاتی ہے کہ کمزور کے ساتھ کھڑے رہنے کی روایت مضبوط ہے۔

2. جلسے میں عوام کی بھرپور موجودگی اور مینڈیٹ کے برقرار رہنے پر پی ٹی آئی کی قیادت، خاص طور پر عمران خان کے چہیتے رہنما خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے، اپنی غیر مناسب زبان اور خواتین صحافیوں اور دیگر مخالفین پر بے جا الزامات سے جلسے کی کامیابی کو نقصان پہنچایا۔ انہی حلقوں سے جن سے مذاکرات کی کوشش میں رہنا، ذاتی طور پر ملتے رہنا، انہی پر لفظی گولے داغنا، دھمکیاں دینا، سیاسی کم عقلی اور ذہنی پسماندگی کا مظاہرہ تھا۔ وزیراعلیٰ صاحب کی زبان اور دھمکیاں غیر مہذب اور سیاسی ناپختگی کا ثبوت تھیں۔ کم از کم غیر مشروط معافی تو بنتی تھی۔

سوچ یہ ہے کہ جماعت کی اعلیٰ ترین قیادت یعنی عمران خان نے جیل میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے اپنے وزیراعلیٰ کو معافی مانگنے کا نہیں کہا۔ قیاس آرائیاں تو بہت ہوئیں کہ آخر عمران خان نے کہا کیا لیکن پی ٹی آئی کے موجودہ چیئرمین بیرسٹر گوہر خان کی جانب سے پہلے گنڈاپور کی غیر اخلاقی باتوں پر معذرت کرنا اور پھر بعد میں یہ کہہ دینا کہ گنڈاپور نے کچھ غلط نہیں کہا اور معافی مانگنے کی کوئی ضرورت نہیں، یقینی طور پر عمران خان کی ہی مرضی کی عکاسی تھی۔ تہذیب کو بالائے طاق رکھ کر سیاسی جنگ لڑنا پی ٹی آئی کا ایک پرانا طریقہ ہے۔ اس پارٹی میں اور پارٹیوں کے مقابلے میں عموماً گالم گلوچ پر کچھ زیادہ ہی انحصار کیا جاتا ہے۔

3. جلسے کے دوران وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے جس انداز سے سٹیج سے گفتگو کی اور جس قسم کے الفاظ استعمال کیے، اس کے باوجود تحریک انصاف کی قیادت نے انہیں تحفظ دیا۔ بیرسٹر گوہر خان نے بھی وزیراعلیٰ کو معذرت کرنے سے روک دیا، جو پارٹی کی پالیسی کی عکاسی کرتا ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے دنیا ٹی وی کے ایک پروگرام میں کہا کہ وزیراعلیٰ حکومت اس کے اداروں یعنی انٹیلی جنس ایجنسیوں وغیرہ سے گفتگو کر رہے تھے، اس وجہ سے جلسے کے بعد ان کا ان سے رابطہ نہیں ہو پایا تھا۔ راجہ صاحب نے پروگرام میں بتایا کہ وزیراعلیٰ ان اداروں سے اہم معاملات یعنی سکیورٹی، سیاست اور عمران خان کی رہائی پر بات کر رہے تھے۔

4. پی ٹی آئی کو اجازت نامے کے ساتھ جو 40 شرائط دی گئی تھیں ان میں ایک یہ تھی کہ جلسہ سات بجے شام ختم کرنا ہوگا اور ساتھ ہی اسلام آباد جلسوں کے حوالے سے ایک قانون لایا گیا جس کی خلاف ورزی پر لوگوں کو قید کیا جائے گا، یقینی طور پر پی ٹی آئی کے لیے ایک پھندا اور حکومت اور اداروں کے لیے کارآمد ہتھیار ثابت ہوا۔ پی ٹی آئی نے اس شرط کی خلاف ورزی کی۔ اس کے نتیجے میں متعدد پی ٹی آئی رہنماؤں کو حراست میں لے لیا گیا۔

5. جلسے کے بعد حکومت اور مقتدر حلقوں نے پی ٹی آئی قیادت کے خلاف کارروائیاں شروع کیں، جس میں متعدد پارلیمنٹیرین کو گرفتار کیا گیا۔ اس کے بعد پارلیمنٹ کے تقدس اور ارکان کے حقوق پر سوالات اٹھائے گئے۔ حکومت اور تمام اداروں نے تحریک انصاف کے عوام کی شمولیت کی حد تک بہت کامیاب جلسے کے بعد پی ٹی آئی قیادت سے نمٹنے کا طریقہ کار اپنایا۔ جلسے کی کوریج کے سلسلے میں میڈیا میں عمومی طور پر منفی ہی خبریں دی گئیں۔ عوام کی بھرپور شراکت کو یہ کہہ کر کابینہ کے ارکان نے رد کرنے کی کوشش کی کہ یہ جلسہ نہیں جلسی تھی۔ البتہ پی ٹی آئی اور پولیس کی جھڑپوں کی نمایاں کوریج کی گئی۔

اس کے بعد نو ستمبر کو پی ٹی آئی کے مرکزی رہنماؤں کی پکڑ دھکڑ شروع ہوئی۔ پارلیمان کی عمارت میں ان کا پیچھا کیا گیا اور بعض خبروں کے مطابق کچھ کو پارلیمان کی حدود میں سے گرفتار کیا گیا۔ اب سپیکر سردار ایاز صادق پارلیمنٹ اور پارلیمنٹیرین کے حقوق اور تقدس کا تحفظ کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ یہ 2014 میں پارلیمان کے تقدس کو پامال کرنے والی حرکات کا باب دوم ہے۔ 2014 میں اسٹیبلشمنٹ کی مدد سے عمران خان اور ڈاکٹر طاہر القادری یہی کر رہے تھے۔ اب عمران خان کہتے ہیں کہ مجھ سے اسٹیبلشمنٹ نے دھوکہ کیا ہے۔ یعنی اسٹیبلشمنٹ اور حکومت نے این او سی بھی دیا لیکن جلسے کے بعد کے معاملات کا انتہائی بگاڑ سب کے سامنے ہے۔ کس کی کیا غلطی ہے وہ تو سامنے ہی ہے، اس کا ذکر بھی ہوا۔ سوال اب ایک ہی ہے کہ گنڈاپور صاحب کی اسٹیبلشمنٹ سے گفتگو کے نتیجے میں کیا پی ٹی آئی اور اسٹیبلشمنٹ کے معاملات کچھ بہتری کی طرف جائیں گے اور آگے مذاکرات پر مبنی کوئی راستہ اپنایا جائے گا، یا یہ محاذ آرائی یوں ہی جاری رہے گی؟

دیت کا قانون اور ملزمان کی با آسانی رہائی

نظریات

علی حسن

جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے اس ملک میں اکثر دولتمند افراد کی کرتوتوں پر ان کی دولت پردہ ڈال دیتی ہے۔ کراچی میں ہونے والے سڑک کے حادثہ میں جاں بحق ہونے والے باپ و بیٹی کی ہلاکت کے ذمہ دار دیت کی ادائیگی کے بعد عدالت سے رہا ہوگئی ہے۔ رہائی کے بعد حادثہ کی ذمہ دار نتاشہ نامی خاتون نے عدالت سے باہر آتے ہی ماضی کے ایک واقعہ کی نقل کی جس میں شاہ رخ جتوئی نامی نوجوان اپنی انگلیوں کی وکٹری بناتا ہے۔ ان دونوں کے لئے واقعہ کسی بڑی کامیابی کی علامت ہوسکتا ہے لیکن وکٹری کے پیچھے ان کے والدین کی دولت کی دیوار کھڑی ہے۔ جاں بحق عمران عارف اور آمنہ عارف کے ورثا نے حلف نامے میں ملزمہ کی درخواست ضمانت کی سماعت کے موقع پر پیش کی۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے باپ بیٹی کے ورثا کی جانب سے ملزمہ کی درخواست ضمانت پر نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ جمع کرایا جائے گا، این او سی حادثے میں جاں بحق ہونے والے عمران عارف کی اہلیہ کی جانب سے جمع کرایا جائے گا۔ عمران عارف کے بیٹے اسامہ عارف اور بیٹی کی جانب سے بھی این او سی جمع کرائے جائیں گے حلف نامے میں کہا گیا کہ ہمارے درمیان معاملات طے پا گئے ہیں ہم نے ملزمہ کو معاف کردیا ہے، ہم نے اللہ کے نام پر معاف کیا ہے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ ساڑھے پانچ کروڑ روپے سے زائد رقم دیت کے طور پر ادا کی گئی۔ ایک رشتے دار کو نتاشہ کی کمپنی میں ملازمت بھی دی جائے گی، واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد کے درمیان بھی صلح ہوگئی زخمیوں کو الگ سے رقم بھی ادا کردی گئی، فریقین کے درمیان دیت کا معاہدہ شرعی قوانین کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے، ذرائع کا دعوی متاثرہ فیملی کے حلف نامے میں کہا گیا ہے کہ ملزمہ کو ضمانت دینے پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے، جو حادثہ ہوا تھا وہ جان بوجھ کر نہیں کیا گیا، ہم نے بغیر کسی دباؤ کے یہ سرٹیفکیٹ دیا ہے، ہم نے حلف نامے میں جو کچھ کہا ہے بالکل درست کہا ہے۔ 20 اگست کو کارساز روڈ کر تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار باپ بیٹی جاں بحق ہوگئے تھے، حادثے میں جاں بحق ہونے والی آمنہ عارف گھر میں سب سے چھوٹی اور لاڈلی تھی، والد نے اسے پلاٹ فروخت کرکے تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا تھا۔ حادثے کے بعد پولیس نے خاتون ملزمہ کو حراست میں لے لیا تھا اور بعد ازاں خاتون ملزمہ کی میڈیکل رپورٹس میں آئس نشے کی موجودگی کی تصدیق ہوئی تھی۔

امریکی ایجنٹ ریمنڈ ڈیوس یا کوئی اور، پیسے والے لوگ دیت کے نام پر رہائی حاصل کر کے آزادی حاصل کرلیتے ہیں۔ ناظم جوکھیو کے نام پر بھی ایسا ہی ہوا۔ آپ ناظم جوکھیو کیس کو ہی دیکھ لیں، جس میں ناظم جوکھیو کو ممبر اسمبلی جام اویس اور جام عبدالکریم نے مبینہ طور پر قتل کیا تھا مگر دیت کا قانون سامنے آیا اور معاملات لے دے کے ساتھ ختم ہوگئے اور ملزم باعزت بری ہوگئے۔ اس کی بے بس بیوہ تماشہ دیکھتی رہ گئی۔

نتاشہ کیس میں تو ملزمہ کو دوران علاج ہی ضمانت مل گئی تھی۔ اسے اپنی دولت پر اس قدر ناز تھا کہ اس نے سب ہی کچھ کہہ اور کردیا تھا۔ ملزمہ کے خون اور پیشاب کے نمونوں میں آئس کے نشے کے کیمیکل دیکھے گئے تھے، اور ابتدائی رپورٹس کے مطابق ڈاکٹر نے ملزمہ نتاشہ کو مکمل تندرست قرار دیا تھا، لیکن ہندو ڈاکٹر چنی لعل نے میڈیکل رپورٹ میں پیسے کی لالچ کے باوجود ملزمہ کو مکمل فٹ قرار دیا تھا اور یہ غلط ثابت کیا تھا کہ ملزمہ ذہنی مریضہ ہے۔ اس میڈیکل رپورٹ کے بعد تو کہا جارہا تھا کہ نتاشہ کے جلد جیل سے باہر آنے کے امکانات معدوم ہوگئے ہیں۔ پولیس نے مقدمہ میں ناقابل ضمانت قتل بالسبب کی دفعہ 322 کا اضافہ کردیا تھا (یہ دفعہ 322 ناقابل ضمانت ہے اور اس دفعہ کے تحت سزا 10 سال سے عمر قید اور دیت ادائیگی کی سزا ہوسکتی ہے۔ اس وقت دیت کی رقم فی کس 68 لاکھ 50 ہزار روپے ہے۔ جو کسی بھی ملزم کو مقتول کے ورثا کو ادا کرنا ہوتی ہے)۔ حالانکہ ابتدا میں پولیس کی جانب سے کافی کمزور مقدمہ بنایا گیا۔ ملزمہ کو پولیس و وکیل صفائی کی جانب سے نفسیاتی مریضہ قرار دے دیا گیا۔ پھر یہ کہا گیا کہ ملزمہ کے پاس برطانیہ کا ڈرائیونگ لائسنس موجود تھا، خیر اگلے روز جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں سماعت کے دوران مقدمہ کے تفتیشی افسر سب انسپکٹر ریحان احمد کی جانب سے ملزمہ نتاشا کی عدم پیشی سے متعلق رپورٹ اور جناح اسپتال کے شعبہ نفسیات کے انچارج ڈاکٹر چنی لعل کا ملزمہ سے متعلق میڈیکل سرٹیفکیٹ جمع کرایا گیا جس میں کہا گیا کہ ملزمہ ٹھیک ہے، متعلقہ عدالت میں بھی پیشی کے موقع پر پولیس نے ملزمہ کو پروٹوکول فراہم کیا۔ ملزمہ کو ہتھکڑی بھی نہیں پہنائی گئی تھی۔ جبکہ اسے خواتین و مرد اہلکاروں نے حصار میں لیکر عدالت میں پیش کیا تھا۔ اس سماعت کے بعد عدالت نے ملزمہ نتاشا کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دیا تھا۔ جبکہ پولیس کو مقدمہ کی تفتیش مکمل کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔ قانون اس قدر کمزور دکھایا گیا ہے کہ خوف آتا ہے کہ پاکستان میں کس قدر آسانی سے جس طرح چاہو موڑ لو۔ اس سارے کھیل میں وکلاء حضرات کو خصوصی جلدی ہوتی ہے تاکہ ان کے ملزم یا ملزمہ کسی نہ کسی طرح فراغت پا سکیں اور وہ اپنی وصولی کی گئی

حکومت کا تحریک انصاف کو سبق سکھانے کا ارادہ

برملا

نصرت جاوید

'صحافت' کے حوالے سے اگر خود کو ان دنوں کا 'بطل حریت' ثابت کرنا ہے تو سینہ ٹھوک کر یوٹیوب پر بیٹھ جائیں اور گریبان پھاڑنے کا ڈرامہ رچاتے ہوئے دنیا کو بتائیں کہ پاکستان کی تاریخ میں 'پہلی بار' پولیس نے 'منتخب نمائندوں' کو گرفتار کرنے کے لئے پارلیمان کا گھیراؤ کیا۔ جن معزز اراکین پارلیمان کی گرفتاری مقصود تھی انہوں نے اپنا 'آئینی حق' استعمال کرتے ہوئے گزرے اتوار کے دن اسلام آباد کے نواحی سنگ جانی کے ایک میدان میں جہاں 'مویشی منڈی' لگائی جاتی ہے ایک جلسے میں شرکت کی تھی۔ مذکورہ جلسے کی اجازت وفاقی حکومت نے بہت کاوشوں کے بعد فراہم کی۔ بالآخر 'مجبور' اس وجہ سے ہوئی کیونکہ مذہبی انتہا پسندوں کے چند گروہ اگست 2024ء کے آخری دس دنوں میں ہر صورت اسلام آباد کے 'ریڈ زون' میں در آنے کا ارادہ باندھے ہوئے تھے۔ ایک حساس ترین اور نہایت جذباتی معاملے کی بابت نظر بظاہر ملک کی اعلیٰ ترین عدالت کے فیصلے نے انہیں مشتعل بنادیا تھا۔ مذہب کی بنیاد پر ابھرے جذبات سے خوفزدہ حکومت کو مزید فکر اس وجہ سے بھی لاحق ہوگئی کہ تحریک انصاف بھی اسلام آباد میں 22 اگست کے دن ایک جلسہ کرنا چاہ رہی تھی۔ مقامی انتظامیہ کے لئے جذبات سے مغلوب ہوئے ایک نہیں بلکہ دو گروہوں سے نبرد آزما ہونا ممکن نہیں تھا۔ راتوں رات ٹلیاں کھڑکیں۔ 'آزادی صحافت' کی موجودہ بہار میں پیشہ ور صحافی ہی نہیں بلکہ موبائل فون کا مالک تقریباً ہر شہری خود کو رپورٹر تصور کرتا ہے۔ ہم ابھی تک روایتی یا سوشل میڈیا کی بدولت لیکن یہ جان ہی نہیں پائے ہیں کہ بالآخر ہماری ریاست وحکومت کے کس شخص نے یہ فیصلہ کیا کہ عمران خان کی 'منت سماجت' کرتے ہوئے انہیں 22 اگست کا جلسہ موخر کرنے کو مائل کیا جائے۔

مجھ جیسے قلم گھسیٹ اپنی بے خبری کا اعتراف کرنے کی جرات سے قطعاً محروم ہیں۔ فقط یہ جان کر 'تجزیہ نگاری' میں مصروف ہوجاتے ہیں کہ 22 اگست کے جلسے کے انعقاد سے چند ہی گھنٹے قبل اڈیالہ جیل راولپنڈی کا پھاٹک کھل گیا۔ تحریک انصاف کے ایک اہم رہنما جو عمران حکومت کی برطرفی کے چند ہفتے بعد حکومتی احتساب کی زد میں آکر ملک میں 'حقیقی آزادی' کے طلب گاروں کے لئے مشعل راہ بنے تھے اپنے قائد سے ملاقات کے لئے جیل میں داخل ہوئے۔ عمومی حالات میں وطن عزیز کی جیلوں میں مقید عام قیدیوں کے ملاقاتی ان سے دن کے دس بجے سے قبل ملاقات نہیں کرسکتے۔ قیدی نمبر 804 مگر 'عام قیدی' نہیں۔ کرشمہ ساز ہیں۔ ان کے مداحین عقیدت میں ان کے لئے 'تک دا کوکا' جیسے نغمے تخلیق دیتے ہیں۔ بہرحال ان سے ملاقات کے لئے صبح کے سات بجے جیل کا پھاٹک کھل گیا۔ سواتی صاحب کو ان کے رہنما نے جلسہ ملتوی کرنے کی ہدایت دی۔ جیل سے نکل کر سواتی صاحب نے ان کا پیغام لوگوں تک پہنچادیا تو مقامی انتظامیہ نے فی الفور تحریک انصاف کو ستمبر 8 کی شب سنگ جانی میں جلسے کی اجازت فراہم کردی۔ اس کے انعقاد کے لئے اگرچہ تحریک انصاف کو ایک معاہدے پر دستخط کرنا پڑے۔ اس معاہدے میں 'ہدایت نامہ خاوند' کی طرح مذکورہ جلسے کے منتظمین کے لئے 41 شرائط کی کامل پیروی کو یقینی بنانا تھا۔ ذات کا رپورٹر ہوتے ہوئے میں نے ان شرائط کو تین سے زیادہ مرتبہ نہایت توجہ سے پڑھا۔ ملکی سیاست وثقافت کا دیرینہ شاہد ہوتے ہوئے مجھے ان پر عمل پیرائی ناممکن دکھائی دی۔ ہم مگر مفروضوں پر ایمان رکھنے والی سادہ لوح قوم ہیں۔ معاہدوں پر عملدرآمد کی ویسے بھی ہمیں عادت نہیں۔ 'داؤ' اور 'ڈیکاؤ' لگانا ہمارے ہاں قابل رشک ہنر شمار ہوتا ہے اور عوامی اجتماعات کے انعقاد کے حوالے سے تحریک انصاف 'ڈیکاؤ' لگانے کے ضمن میں اپنا کمال 2011ء سے ایک مرتبہ نہیں بلکہ سینکڑوں بار ثابت کرچکی ہے۔ اسلام آباد کی انتظامیہ اور اس کے 'صاحبان' کو البتہ کامل یقین رہا کہ ستمبر 8 کے روز تحریک انصاف جی حضوری کا چلن اختیار کرے گی۔

7 ستمبر کی شام مگر انتظامیہ 'ہوش' میں لوٹی نظر آئی۔ شاید خفیہ اداروں کی بھیجی رپورٹوں کی بنیاد پر اس نے طے کرلیا کہ سنگ جانی میں اجتماع کے بعد تحریک انصاف کے رہنما وہاں موجود کارکنوں کو اسلام آباد پر دھاوا بولنے کو اکسائیں گے۔ رات ساڑھے گیارہ بجے کے بعد 'اچانک' اسلام آباد میں داخلے کے تقریباً 29 مقامات پر کنٹینر لگا دیے گئے۔ 8 ستمبر کی صبح ہوئی تو اتوار کی صبح عموماً پائے کھانے کا عادی یہ قلم گھسیٹ اسلام آباد کے F-8 سیکٹر سے ڈرائیور کے ہمراہ اپنی پسندیدہ دوکانوں کی جانب رواں ہوا تو محسوس ہوا کہ جس شہر میں 1975ء سے مقیم ہوں وہ کسی ممکنہ 'یلغار' سے گھبرایا ہوا ہے۔ راستوں کی بندش نے شہر کو دہشت سے سمٹا ہوا دکھایا۔ اتوار کے ناشتے کی لذت محسوس ہی نہ کرپایا۔ اکتا کر اپنے کمرے میں محصور ہوگیا۔ ملکی سیاست کا دیرینہ شاہد ہوتے ہوئے مگر یہ طے کرلیا کہ اسلام آباد میں داخل ہونے کے راستے بند کرتے ہوئے انتظامیہ نے تحریک انصاف کے جلسے کو 'کامیاب' کروادیا ہے۔

شام میں جلسہ ہوا تو اس کے آغاز سے قبل سرکاری ترجمان وہاں موجود افراد کی تعداد کو کیمروں کے مختلف زاویوں سے دکھا کر طنز کا نشانہ بناتے رہے۔ یہ حقیقت یاد نہ رکھی کہ پانچ کروڑ کی آبادی کو چھونے کے قریب پہنچا ہمارا ایک صوبہ خیبرپختونخوا ہے۔ اس کے پشاور، مردان، نوشہرہ، چارسدہ حتیٰ کہ سوات ایسے شہر بھی اب بنیادی طور پر نواز شریف کے دور ہی میں بنائی سڑکوں کے سبب اسلام آباد سے فقط دو یا تین گھنٹے کے فاصلے پر ہیں۔ راستوں سے رکاوٹیں ہٹاتی کرینوں کے ہمراہ خیبرپختونخوا کا منتخب وزیراعلیٰ سرکاری پروٹوکول کے ساتھ ایک قافلے کی قیادت کرتا ہوا اسلام آباد پہنچنا چاہے تو اسے روکنا وفاقی اور پنجاب پولیس اور مقامی انتظامیہ کے بس میں نہیں۔

نواز شریف کی تیسری حکومت کے دوران بھی وزیر اعلیٰ پرویز خٹک نے اسلام آباد میں داخل ہونے کی کوشش کی تھی۔ موصوف ان دنوں کے وزیر داخلہ چودھری نثار علی خان کے ایچی سن کالج لاہور میں طالب علمی کے دوران قریب ترین دوست ہوا کرتے تھے۔ چودھری نثار نے مگر پرویز خٹک کی قیادت میں آئے قافلے کو آنسو گیس کی بھرمار سے روکنے کی کوشش کی۔ بالآخر ناکام رہے۔

اس دور کے واقعات یاد کریں تو پنجاب اور اسلام آباد کی انتظامیہ کو علی امین گنڈاپور کا شکرگزار ہونا چاہیے تھا کہ انہوں نے سنگ جانی کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے 'باغیانہ' لب ولہجہ اور الفاظ تو استعمال کیے مگر اسلام آباد پر دھاوا بولنے سے گریز کیا۔ وفاقی حکومت مگر خفا ہوچکی ہے۔ تحریک انصاف کو سبق سکھانے کا ارادہ باندھا جاچکا ہے۔ یہ کالم ختم ہونے تک علی امین گنڈاپور بھی رات سے 'مسنگ' بتائے جارہے ہیں۔

گنڈاپور نے ایسا کیوں کیا؟

شہر یاراں

نجم ولی خان

یہ معاملات اگست کے مہینے سے چل رہے تھے۔ پی ٹی آئی 22 اگست کو اسلام آباد میں جلسہ کرنا چاہتی تھی اور حکومت اس پر راضی نہیں تھی۔ جلسے سے ایک روز پہلے این او سی کینسل کردیا گیا اور اس کی وجہ امن و امان کی حالت بتائی گئی مگر دوسری طرف یہ بات بھی طے شدہ ہے کہ پی ٹی آئی اس جلسے کے لئے ہرگز تیار نہیں تھی۔ ہم 21 اگست کی رات منصور علی خان کے پروگرام میں بیٹھے ہوئے تھے اور اسلام آباد سے پی ٹی آئی کے رہنما شوکت بسرا بھی موجود تھے۔ اس سے پہلے پولیٹیکل رپورٹر نے اس پر بریف کیا کہ جلسہ گاہ میں جلسہ کرنے والی کوئی بھی ضرورت کی شے نہیں ہے یعنی نہ کرسیاں، نہ سٹیج اور نہ ہی کوئی ساؤنڈ سسٹم۔ شوکت بسرا سے پوچھا گیا کہ کل دوپہر جلسہ ہے اور ابھی تیاری زیرو، یہ سب کیسے کریں گے، کرسیوں والے یا ڈی جے کا ہی بتا دیں جس سے بکنگ کی ہو تو ان کا جواب تھا کہ میں نہیں بتاؤں گا کہ اسے پکڑ لیا جائے گا۔ ان کی بات تسلیم کرلی گئی اور اگلی پیشکش کی گئی کہ اس کا نام اور نمبر وٹس ایپ ہی کردیں، ہم فون کرکے ٹی وی سکرین پر اعلان کروا دیتے ہیں کہ ان کی بکنگ موجود ہے مگر انہوں نے اس 'سہولت' کا فائدہ بھی نہیں اٹھایا۔ میرا دوٹوک موقف تھا کہ یہ جلسہ نہیں ہوگا۔ اگلی صبح مزید بریکنگ نیوز تھیں کہ ساڑھے سات بجے جیل کا دروازہ کھلا اور اعظم سواتی سمیت دیگر بانی پی ٹی آئی تک پہنچ گئے۔ انہیں سپریم کورٹ کے باہر مذہبی جماعتوں کے اجتماع کے بارے بریفنگ دی اور ساڑھے نو بجے تک جلسہ منسوخ کرنے کی باقاعدہ پریس کانفرنس کردی۔

بہت ساروں نے سوال اٹھایا کہ یہ ایمرجنسی ملاقات کیسے ہوگئی۔ اڈیالہ کے دروازے صبح سات بجے کیسے کھول دیئے گئے جو گیارہ بجے بھی گھنٹوں انتظار کے بعد کھلتے ہیں یعنی جتنے منہ تھے اتنی باتیں تھیں اور بعد میں عمران خان نے خود تسلیم کیا کہ ان سے جلسہ ملتوی کروانے کا کہا گیا اور انہوں نے یہ بات مان لی۔ جلسے کے لئے اگلی تاریخ آٹھ ستمبر کی مقرر ہوئی۔ ایک عمومی تاثر یہ تھا کہ جب تک نو مئی کی معافی نہیں مانگی جاتی پی ٹی آئی اسلام آباد یا پنجاب کی حدود میں کوئی سیاسی سرگرمی نہیں کرسکتی مگر اس کے باوجود جب دن قریب آتے گئے تو معمول کے کچھ کنٹینر لگانے کے سوا کوئی دوسرا کام نہیں کیا گیا۔ ہزاروں کی تعداد میں پی ٹی آئی کے کارکن اسلام آباد پہنچ گئے اور جلسہ شروع ہوگیا۔ ایک چھوٹا یہ ہوا کہ چھبیس نمبر چونگی پر تصادم ہوا۔ میں نہیں جانتا کہ پہلے کارکنوں نے پتھراؤ کیا یا پولیس نے شیلنگ مگر یہ دونوں ہوئے اور بہت سارے زخمی بھی۔ پی ٹی آئی نے ضابطے کی دوسری خلاف ورزی یہ کی کہ جلسہ سات بجے تک ختم نہ کیا بلکہ رات دیر تک چلائے رکھا یہاں تک کہ علی امین گنڈاپور جن کے بارے سوچا جارہا تھا کہ نہیں پہنچیں گے وہ بھی سرکاری مشینری کے ساتھ پہنچ گئے۔ یہاں تک کا منظرنامہ بہت معمول کا تھا کہ اگر چھبیس نمبر چونگی والا معاملہ نہ ہوتا اور اس کے ساتھ جلسہ سات، ساڑھے سات ختم کردیا جاتا تو سب ہنسی خوشی اپنے اپنے گھر چلے جاتے۔ میں نے اب تک جو لکھا ہے اس میں پی ٹی آئی کو ایک بہت بڑا فائدہ مل رہا تھا کہ وہ مقتدر حلقوں سے رعایتیں لینے لگی ہے۔ یہ بات الگ ہے کہ اس جلسے کو کروانے میں عدلیہ کی بھی بہت بڑی کنٹری بیوشن ہے مگر بہرحال، جب عمران خان خود تسلیم کر رہے ہوں کہ ان سے جلسہ ملتوی کروایا گیا اور انہوں نے کوئی بھی چوں چراں کئے بغیر ملتوی بھی کردیا تو لگ رہا تھا کہ رابطے ہو رہے ہیں۔ اس کے بعد اگلا جلسہ لاہور کا پلان ہو رہا تھا۔ لاہور کے جنرل سیکرٹری حافظ ذیشان رشید بائیس ستمبر کو مینار پاکستان پر جلسے کے لئے درخواست دے چکے تھے اور اگر یہ جلسہ بغیر کسی تنازعے کے ختم ہوجاتا تو اگلے جلسے کی راہ ہموار ہوجاتی۔ اس سے پی ٹی آئی کی پولیٹیکل آکسیجن بحال ہوجاتی، وہ سانس لینے لگتی، حرکت کرنے لگتی۔

یہاں اس بات کو بھی ذہن میں رکھیں کہ بائیس اگست والا جلسہ ملتوی کروانے پر علیمہ خان اور پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ایکٹوسٹ بھی علی امین گنڈاپور پر برہم تھے اور ایک موقع آیا کہ علیمہ خان اور کے پی حکومت ایک دوسرے کے آمنے سامنے آگئے مگر یہاں اگلا کھیل شروع ہوگیا۔ جیسا میں نے کہا کہ اگلا جلسہ پائپ لائن میں تھا اور پی ٹی آئی ڈیڑھ برس کے بعد (عمران خان کے پچیس مارچ 2022ء کے جلسے کے بعد) پہلی مرتبہ سیاسی سرگرمیاں شروع کرنے ہی لگی تھی کہ علی امین گنڈاپور نے ایک عجیب وغریب تقریر کر دی۔ اس تقریر میں ان کے تین ٹارگٹ تھے۔ پہلا ٹارگٹ فوج تھی جسے انہوں نے فیض حمید کیس کے حوالے سے نشانہ بنایا حالانکہ یہ باتیں جلسے میں کرنے والی ہی نہیں تھیں۔ دوسرا ٹارگٹ صحافی تھے اور ان میں وہاں محنت مزدوری کرنے اور ان کی گڈی چڑھ جانے والے بیٹ رپورٹرز بھی تھے اور خاتون صحافی بھی جنہیں لفافی تک کہا گیا۔ تیسرا ٹارگٹ شریف فیملی کی لاڈلی صاحبزادی اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز تھیں۔

علی امین گنڈاپور روٹی کو چوچی کہتے ہیں اور نہ خود اتنے بچے ہیں کہ انہیں ان تینوں کے ردعمل کا اندازہ نہ ہوتا۔ انہوں نے جو بھی تقریر کی وہ جان بوجھ کر کی اور اس کے کچھ خاص مقاصد تھے۔ گنڈاپور اپنے مقاصد میں کامیاب رہے اور تینوں طرف سے جوابی کارروائیاں شروع ہو گئیں۔ سب جانتے ہیں کہ علی امین گنڈاپور ساری رات کہاں رہے اور کس حال میں رہے۔ انہوں نے حکومت کو بھی مجبور کیا کہ وہ کریک ڈاؤن کرے اور بدکلامی کی سزا دے۔ اس کے ساتھ ہی جیل میں بیٹھے ہوئے عمران خان بھی میدان میں آگئے۔ انہوں نے معافی نہ مانگنے اور وہ مذاکرات ختم کرنے کا اعلان کردیا جو بھی شروع ہی نہیں ہوئے تھے۔

اب اس پورے منظرنامے کو جمع تفریق میں دیکھیں کہ جب پی ٹی آئی اور پی ٹی آئی پر بیان کئے ہوئے بہت سارے حوالوں میں بہت پلس جاری تھی تو گنڈاپور نے ایسی تقریر کیوں کی جس سے سب مائنس ہوگیا۔ 22 اگست کے جلسے سے پہلے شروع ہونے والے کانفیڈنس بلڈنگ میژرز 8 ستمبر کی رات کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیئے گئے۔ ارکان اسمبلی کی گرفتاریاں ہوئیں اور ایک پرامن کل کی امید پھر مٹی میں مل گئی۔ آپ سوچیں کہ اس میں فائدہ کس کا تھا۔ کیا عمران خان کا تھا جو مقتدر حلقوں کے کہنے پر جلسے تک ملتوی کر رہے تھے؟ کیا باہر بیٹھی پی ٹی آئی قیادت یا ان کارکنوں کا تھا جن کی ہر مرتبہ پکڑ دھکڑ شروع ہوجاتی تھی مگر اب صورتحال بہتر ہونے لگی تھی، یا کسی اور کا تھا۔ اس بارے سوچئے، غور کیجئے اور نتیجہ مجھے بھی بتایئے۔

ایسا کب تک چلتا رہے گا؟

اظہار خیال



ایاز امیر

جس جماعت کے پیچھے خیبرپختونخوا اور پنجاب کے عوام کھڑے ہیں سب کو معلوم ہے عوامی ٹیسٹ کا کوئی بھی امتحان ہو وہی جماعت سرخرو ہوگی۔ لیکن وہ جماعت اپنی مرضی کے انتخابات نہیں کرا سکتی اور نہ ہی یہاں بنگلہ دیش کرسکتی ہے۔ اس کیلئے وہ حالات ہی نہیں' بے چینی ہوگی لیکن یہاں نمبر پچر بنگلہ دیش والا ابھی تک پیدا نہیں ہوا۔ اس کے برعکس بھی صورتحال اسی تک ہے۔ پی ٹی آئی کو دبایا تو ہوا ہے' پکڑ دھکڑ ہوئی ہے اور جاری بھی ہے' لیکن اس جماعت کو ختم نہیں کیا جاسکا۔ لاکھ کوششیں کی گئی ہیں لیکن یہ مقصد پورا نہیں ہوا۔ جس کا مطلب ہے کہ قومی صورتحال ایک سٹیلمیٹ (Stalemate) کا شکار ہے۔ سیاسی حالات منجمد ہیں اور حکمرانی یا جسے انگریزی میں گورننس کہتے ہیں اس کا ستیاناس ہوکر رہ گیا ہے۔

یہ تو ایسے ہی ہے کہ دیگچی کو ڈھانپ کر دبا دیا جائے اور اندر ہنڈیا میں چیزیں پکتی رہیں۔ منہ سے تھالی ہٹے بھاپ تو پھر نکلے گی اور کئی دفعہ بھاپ نکلنے سے نقصان بھی ہو جاتا ہے۔ یہ صورتحال نارمل نہیں' منجمد کا مطلب چیزیں رکی ہوئی ہیں۔ ملک کا پہلے ہی بہت نقصان ہوچکا ہے اور ہر گزرتے دن بڑھتا جارہا ہے۔ سمجھنے کی کچھ ضرورت ہے' کہ نہ سرکش جماعت نے بدلنا ہے نہ دائرہ طاقت کی سوچ میں تبدیلی کا کوئی امکان ہے۔ نہ خوئے بغاوت میں کمی نہ سوئے دار میں تبدیلی۔ رگڑے میں قوم ہے اور قوم رگڑی جارہی ہے۔

گو پنجاب بنگلہ دیش کی طرف نہیں جارہا لیکن مجموعی طور پر ملک میں کچھ اور ہو رہا ہے۔ خیبرپختونخوا اور بلوچستان کی صورتحال خطرے کی طرف جانہیں رہی' جاچکی ہے۔ اب ہونا تو یہ چاہیے کہ قومی سوچ کا مرکز ان دو صوبوں کی صورتحال ہو لیکن چونکہ مختلف محاذ کھلے ہوئے ہیں' قومی سوچ انتشار کا شکار ہوگئی ہے۔ جو توجہ طویل مغربی سرحد پر ہونی چاہیے وہ ادھر ادھر بکھری پڑی ہے۔ اعلیٰ اجلاسوں میں چہروں پر ایک نظر ڈالی جائے تو تناؤ کے اثرات صاف نظر آتے ہیں اور یہ کوئی عجوبہ نہیں کیونکہ قومی صورتحال واقعی گمبھیر ہوچکی ہے۔ اس کا کوئی حل ہونا چاہیے' کتنی دیر انتشار اور افراتفری کے راستے پر ہم چلتے رہیں گے؟ یہی اسلام آباد والا جلسہ دیکھ لیجئے۔ ایک جلسہ ہی تھا' نارمل طریقے سے کرایا جاسکتا تھا اور ایسا ہوتا تو آسمانوں نے کچھ گرنا نہیں تھا۔ لیکن انتظامیہ کی بوکھلاہٹ کا وہ عالم کہ لگتا تھا کوئی تاتاری فوج آرہی ہے اور شاید دارالحکومت پر حملے کا ارادہ رکھتی ہے۔ کنٹینروں کا تو کیا پکڑا اور استعمال کیا گیا کہ کروڑوں کا خرچہ اس پر آیا ہوگا۔ اب سوچنے کی بات ہے کہ اصل خطرے کی صورتحال دو مغربی صوبوں میں ہے لیکن ساری ٹینشن معتوب جماعت کے حوالے سے ہے۔

پھبتی کہنے کی بات نہیں لیکن یہ جو ظاہری طور پر حکومت میں ہیں یہ پتلے ہیں' ان کے ہاتھوں میں کچھ نہیں۔ اول تو یہ کچھ کرنا نہیں چاہتے' وہ صلاحیت ہی نہیں' لیکن کرنا چاہیں بھی تو نہیں کرسکتے کیونکہ طاقت کا جو توازن ہے ہم سب اس سے باخبر ہیں۔ لہٰذا اس جمود کی صورتحال کو توڑنے کی خاطر اگر کچھ کرنا ہے تو یہ پہل کہیں اور سے ہوگی۔ یہ تو بہت اچھا کہا گیا ہے کہ سیاسی رویوں کو دشمنی میں تبدیل نہیں ہونا چاہیے لیکن جیسا کہ قوم کو بخوبی علم ہے یہاں رویے ہی ایسے رہے ہیں کہ تفریق کی لائنیں بہت گہری ہوگئی ہیں۔ مل بیٹھ کر ابھی حل کا سوچا جانا چاہیے' اس کی اشد ضرورت ہے۔

ایک تو بات واضح ہوگئی کہ نو مئی 2023ء کے بعد جو بھی صورتحال پیدا ہوئی مطلوبہ مقاصد حاصل نہیں ہوسکے اور معتوب جماعت تابعداری کے راستوں پر چلنے کیلئے آمادہ نہیں ہوئی۔ اس مقصد کیلئے جو طور طریقے آزمائے گئے قوم کو ان کا بخوبی علم ہے۔ بہرحال ہم جب فوج میں تھے تو ایک جملہ کو اکثر سنتے کہ ناکامی کو تقویت نہیں پہنچانی چاہیے (Never reinforce failure) یعنی کسی چیز میں ناکامی ہوئی ہے تو پھر ناکامی پر زور نہیں دینا چاہیے۔ معتوب جماعت کو بھی پتا چل گیا ہوگا کہ گو عوام اس کے ساتھ ہیں' بنگلہ دیش والی صورتحال نہیں پیدا ہورہی۔ عوامی حمایت تب ہی کارگر ہو اگر کوئی اسے راستہ ملے' راستے ہی بند ہوں اور زور زبردستی سے کام لیا جارہا ہو عوامی حمایت بے دلی یا غصے میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ سنگجانی والا بہت بڑا جلسہ تھا لیکن جلسے تو پہلے بھی ہوتے رہے ہیں' عوام نے اپنی اصل رائے کا اظہار انتخابات میں بھی کردیا' لیکن جماعت تو مشکل حالات سے گزر رہی ہے اور لیڈر بدستور سلاخوں کے پیچھے ہے۔

بانی پی ٹی آئی کا یہ کہنا کچھ مناسب نہیں لگتا کہ موت کی چکی کے اندر مرجاؤں گا' غلامی نہیں قبول کروں گا۔ استقامت کے اظہار کے طور پر تو ایسا کہنا ٹھیک ہے لیکن قوم کے لیڈروں پر اصل فرض یہ بنتا ہے کہ وہ قوم کو کسی منزل تک پہنچائیں۔ جدوجہد میں لوگ مرتے تو رہتے ہیں لیکن کوئی چیئرمین ماؤ یا فیڈل کاسترو ان کا کام قوم کو آگے لے جانا ہوتا ہے۔ برما کی بیچاری لیڈر کب سے اندر ہے' مصر میں محمد مرسی سلاخوں کے پیچھے مرگیا۔ نہیں' پاکستان کو ایک معیار کی ضرورت ہے۔ ملکی حالات کی صورت میں جو یہاں کھلواڑ بن چکا ہے اس نے آسانی سے ٹھیک نہیں ہونا۔ اب اس کھلواڑ کو درست کرنا کسی عام حکومت یا روزمرہ کے لیڈروں کا کام نہیں رہا۔ لہٰذا جدوجہد تو ضروری ہے لیکن ساتھ ساتھ سوچ بچار کی بھی ضرورت ہے۔ یہ جو علی امین گنڈاپور نے کہا کہ پندرہ دنوں میں اڈیالہ سے رہا کرالوں گا' کیا ایسی بات کہنی چاہیے تھی؟ سال بعد ایک عوامی اکٹھ ہورہا ہے تمام رکاوٹوں اور دشواریوں کے باوجود انفرادی طور پر لوگ آئے اور اس انداز سے کہ بہت ہی بڑا جلسہ ہوگیا۔ جذباتی باتیں جلسوں میں ہوجاتی ہیں لیکن غصے کے اظہار کے علاوہ قومی صورتحال کا کچھ احاطہ کیا جاتا اور کسی حکمت عملی کی طرف اشارہ آتا۔ وہاں جذباتی باتیں ہوئیں اور یہاں سرکار حرکت میں آگئی اور پکڑ دھکڑ کا سلسلہ پھر شروع ہوگیا۔

سرکار کو بھی سوچنا چاہیے' پکڑ دھکڑ سے کام چلنا تو جماعت ختم ہوگئی ہوتی' اس کا نام لینے والے سامنے نہ آتے اور دبک کے اپنے اپنے کونوں میں بیٹھے رہتے۔ لیکن جیسے عرض کرچکے کہ ایسا نہیں ہوا' عوام وہیں کھڑے ہیں جہاں تھے۔ اب ہم کسی بیرونی دشمن سے تو مخاطب نہیں' یہ تو ہماری اندرونی صورتحال ہے اور ہماری مجموعی ناکامی ہے کہ بحران در بحران میں پھنسے ہوئے ہیں۔ یہاں کسی کو جرمنی بننے کی ضرورت نہیں کیونکہ آگے سے نازی جرمنی نے حملہ نہیں کیا ہوا۔ مفروضے غلط ثابت ہوئے ہیں' حکمت عملیاں ناکام ہوئی ہیں۔ ایسے میں سوچ میں تبدیلی آنی چاہیے' کچھ لچک کا مظاہرہ ہونا چاہیے۔ اور کچھ نہیں تو محاذ آرائی ختم ہونی چاہیے۔ اب یہ جو مقدمات بنائے گئے ہیں ان میں کوئی جان ہوتی پھر تو اور بات تھی' لیکن عدالتوں میں ٹھہر نہیں پا رہے اور اڑائے جارہے ہیں لیکن پھر بھی عدالتی کارروائیاں جاری ہیں

چمن، انتظامیہ ختم نبوت موومنٹ کی جانب سے گستاخ رسول کیخلاف کوئٹہ چمن شاہراہ کو احتجاجاً بند کیا گیا ہے

ہنگلزئی اور نیچاری قبیلہ کے مابین جاری جھگڑے کا تصفیہ

قلات (یو این اے) ہنگلزئی اور نیچاری قبیلہ کے مابین جاری جھگڑے کا تصفیہ دونوں فریقین شیر و شکر ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ ایک مہینے پہلے دشت مغلوئی کے مقام پر نیچاری اور ہنگلزئی قبائل کے دو فریقین کے درمیان تلخ کلامی اور ہاتھا پائی کی وجہ سے نیچاری قبیلہ کا ایک شخص شدید زخمی ہوا تھا جس کے بعد دونوں فریقین کے درمیان کافی نازک صورتحال پیدا ہو گئی تھی

چمن، جگہ جگہ تجاوزات، غلط پارکنگ، ٹریفک جام روز کا معمول

اکثر شاہراہیں بند، چند منٹ کا راستہ اب گھنٹہ میں بھی طے نہیں ہوتا

چمن (نامہ نگار) چمن شہر میں ٹریفک کے ناقص نظام کی وجہ سے اب کالج کے طلباء کو لے جانے والے بس کا سڑک سے گزرنا بھی مشکل ہو چکا ہے اور چند منٹ کا راستہ اب گھنٹہ میں بھی طے نہیں ہوتا کیونکہ جگہ جگہ تجاوزات اور غلط پارکنگ کی وجہ سے اکثر شاہراہیں اندرونِ وقت کے لیے بند ہو چکی ہے جبکہ ٹریفک پولیس صرف مال روڈ کے دو چوک تک محدود ہے جہاں سے نو ڈی گاڑیاں لوڈ ہوتی ہیں اور وہاں پر پولیس ہر وقت اپنے کام میں مصروف نظر آتے ہیں۔ جبکہ بازار کے سڑکوں کی بندش پر ان کا کوئی نظر نہیں پڑتا ہے۔

سینئر صحافی ظفر مغل کی گرفتاری ناقابل برداشت ہے

سبی (اے این این) ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی نے میرپور آزاد کشمیر کے سینئر صحافی ظفر مغل کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کشمیر حکومت اور آئی جی کشمیر سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سینئر صحافی ظفر مغل کو فوری رہا کیا جائے اور صحافیوں کے خلاف درج جھوٹا مقدمہ خارج کیا جائے۔ مرکزی صدر حقنت حسین گیلانی سیکرٹری جنرل ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان عابد حسین مغل بلوچستان کے صوبائی صدر سید طاہر علی نے کہا کہ سینئر صحافی ظفر مغل کی گرفتاری آزادی صحافت پر پابندی ہے، حکومت آزادی اظہار رائے پر پابندی لگا رہی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔

جامعہ بلوچستان سب کیمپس خاران رخشان ڈویژن کی ضرورت ہے، سیکرٹری ایریگیشن

خاران میرا گھر ہے دیگر شعبوں سمیت ایجوکیشن کے فروغ کیلئے جتنا ممکن ہوسکا کردار ادا کرونگا، حافظ عبدالماجد

علاقے میں تعلیمی نظام تنزلی کا شکار، ایسے اداروں کے قیام سے ہی نوجوانوں میں علمی و تحقیقی شعور بیدار کیا جاسکتا ہے

خاران (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری ایریگیشن بلوچستان حافظ عبدالماجد نے کہا کہ بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران رخشان جیسے پسماندہ ڈویژن کی ضرورت ہے تعلیم سے ہی نسل نو کی شعوری پرورش ممکن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے حافظ عبدالماجد نے اپنے دفتر میں بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران کے نان ٹیچنگ اسٹاف کے وفد ریاض احمد توتانی، امانت حسرت فخرالدین عیسیٰ زئی اور غلام علی بلوچ سے دوران ملاقات کی وفد نے بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران کے بنیادی مسائل سمیت مالی بحران باہر سے آئے ہوئے لیکچرارز و زیر تعلیم طلباء و طالبات کی رہائش، پچھلے چار مہینوں سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی سے متعلق آگاہ کیا۔ سیکرٹری ایریگیشن حافظ عبدالماجد نے وفد کو یقین دہانی کرتے ہوئے کہا کہ خاران میرا گھر ہے دیگر شعبوں سمیت ایجوکیشن کے فروغ کیلئے جتنا ممکن ہوسکے اپنا کردار ادا کرتا رہونگا البتہ رخشان ایک وسیع پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں پر مشتمل ڈویژن ہے یہاں کے لوگوں میں دوسرے ڈویژن کے مقابلے میں تعلیمی نظام بھی تنزلی کا شکار ہے ایسے اداروں کے قیام سے ہی نوجوانوں میں علمی و تحقیقی شعور بیدار کیا جاسکتا ہے خاران میں تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے ذاتی طور پر کوشاں ہوں گوٹھ انٹر کالج سمیت سب کیمپس کے مجموعی مسائل کو حل کرنے کے لیے ذمہ داران سے بات کرتے ہیں اس وقت خاران کیمپس تنزلی کا شکار احکام کی توجہ کا طلب ہے۔ بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران کو ڈی ڈی او کوڈ جاری کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ادارہ خود مختار ہو کر اپنے معاملات کو سنبھالنے کے قابل ہوسکے۔

جمعیت علماء اسلام نصیر آباد کے انتخابات، مولانا دین محمد جنگ امیر منتخب

نظام الدین لہڑی آئندہ پانچ سال کے لیے بلا مقابلہ ضلعی جنرل سیکرٹری ہونگے

نو منتخب امیر و سیکرٹری کا جے یو آئی کو نصیر آباد میں مزید فعال اور مستحکم بنانے کا عزم

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نصیر آباد کے انتخابات مکمل ہو گئے مولانا دین محمد جنگ نصیر آباد کے امیر اور حاجی میر نظام الدین لہڑی آئندہ پانچ سال کے لیے بلا مقابلہ ضلعی جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے بلوچستان کے صوبائی ناظم انتخابات مولانا کمال الدین کی نگرانی میں جمعیت علماء اسلام ضلع نصیر آباد کے انتخابات مکمل ہوئے نتائج کے مطابق کسی نے ان کے مقابلے میں حصہ نہیں لیا اس طرح جمعیت علماء اسلام ضلع نصیر آباد کے ضلعی امیر کے لیے مولانا دین محمد جنگ اور جنرل سیکرٹری کے لیے حاجی نظام الدین لہڑی آئندہ پانچ تک کے لیے بلا مقابلہ منتخب ہو گئے جمعیت علماء اسلام کے نو منتخب ضلعی امیر مولانا دین محمد جنگ اور جنرل سیکرٹری حاجی میر نظام الدین لہڑی نے جمعیت اسلام کے تمام دوستوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہم پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ پانچ سال کے لیے ضلع کا امیر اور ضلع جنرل سیکرٹری منتخب کیا

ایم پی اے انجینئر زمرک خان اچکزئی سے انوار الامان اللہ ملاقات کر رہے ہیں

علی محمد جنگ سیاسی شخصیت ہیں اور نہ ہی بلوچی روایات سے واقف، شکیل بلوچ

منگچر (این این آئی) بی این پی عوامی کے مرکزی رہنما و میئر میونسپل کارپوریشن منگچر شکیل احمد بلوچ نے اپنے جاری کردہ بیان میں صوبائی اسمبلی کے فلور پر علی محمد جنگ نامی شخص کی جانب سے بی این پی عوامی کے مرکزی صدر راجی راہشون وجیہ میر اسداللہ بلوچ کے خلاف غیر سیاسی زبان کے استعمال کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ علی محمد جنگ نا سیاسی شخصیت ہیں اور نا بلوچی روایات سے واقف ہیں بلکہ اپنا قد آور حیثیت بڑھانے کے چکر میں راجی راہشون وجیہ میر اسداللہ بلوچ جیسے عظیم رہنما کی شخصیت پر سوال اٹھا رہے ہیں تاکہ سستی شہرت مل سکے بیان میں کہا گیا کہ علی محمد جنگ کے الفاظ سے نا صرف بی این پی عوامی بلکہ پورے بلوچ قوم کی دل آزاری ہوئی ہے۔

کانگریس جمہوری پارٹی لورالائی کا اجلاس 15 ستمبر کو ہوگا

لورالائی (نامہ نگار) کانگریس جمہوری پارٹی لورالائی کا اہم اجلاس 15 ستمبر 2024 بروز اتوار شام 4 بجے مجید پلازہ میں ہوگا اجلاس میں ضلعی کابینہ کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا کانگریس جمہوری پارٹی کے تمام کارکنان اس اہم اجلاس میں شرکت کو یقینی بنائیں

بعدالت جناب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج V کوئٹہ

مثل نمبر 03/2024 تاریخ پیشی 20/9/2024

نازش نورین دختر قادر زمان قوم اعوان سکنہ جوائنٹ روڈ کوئٹہ بنام خلیل احمد

دعویٰ دیوانی (U/O 37 Rule 2 CPC)

اشتہار بنام۔ 1۔ خلیل احمد ولد مجاہد اقبال سکنہ فلیٹ نمبر 01 بلاک نمبر 03 محلہ یوسف انٹرپرائزز سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ ہر گاہ عنوان بالا دیوانی 37 عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی 20/9/2024 کو مقرر ہو چکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ پر حاضر عدالت ہو کر مقدمہ ہذا کی پیروی کریں ورنہ تمہارے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس بابت تاکید جانیں

مازرن ADVT..........

بعدالت جناب تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل کاریزات ضلع پشین

اشتہار بنام عوام الناس

ہر گاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی تو غرل (Tughrul) کرومایٹ کمپنی کلی صالحزئی خانوزئی کاریزات ضلع پشین نے ایک عدد تحریری درخواست محررہ 26 اگست 2024 کو ڈائریکٹر مائنز بغرض الاٹمنٹ کرومایٹ زدہ خانوزئی تحصیل کاریزات رقبہ تعدادی 50-2090 ایکڑ پر الاٹمنٹ کرانا چاہتے ہیں اور سیریل نمبر 1 پر مسمی جنید شاہ ولد احمد شاہ قوم کاکڑ پانیزئی ساکن خانوزئی سیریل نمبر 2 مسمی شبیر احمد ولد عبدالغفار قوم کاکڑ حصہ دار ہے اس الاٹمنٹ پر اگر کسی فرد یا ادارہ کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر زیر دستخطی کو مطلع کریں مقررہ معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا محررہ 10/9/2024 کو میرے مہر و دستخط سے جاری ہوا

نمائندہ خانوزئی..........

بعدالت سید محمد شاہ کاظمی نائب تحصیلدار چھتر

اشتہار بنام عوام الناس

فلسطین وغزہ" کے عنوان سے مشترکہ کانفرنس ماہ اکتوبر میں منعقد کی جائیگی اس سلسلے میں ملی یکجہتی کونسل کے رہنما علامہ مقصود علی ڈومکی کی سربراہی میں کمیٹی قائم کی گئی کمیٹی نے تیاریوں ومنصوبہ بندی اور تقسیم کار کے حوالے سے جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر میں پہلا اجلاس بھی کیا اجلاس میں منصوبہ بندی کی گئی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اس غزہ وفلسطین کانفرنس میں ملی یکجہتی کونسل کے مرکزی صدر ودیگر قائدین، علماء کرام دینی طبقات کو خصوصی دعوت دی جائیگی

بقیہ 55 — آمنہ بلوچ

آمنہ بلوچ چین میں پاکستانی قونصل جنرل رہ چکی ہیں، وہ یورپی یونین، بیلجیم اور ملائیشیا میں پاکستانی سفیر رہ چکی ہیں۔ ممتاز زہرا بلوچ نے بتایا کہ آمنہ بلوچ پاکستان کی دوسری خاتون سیکرٹری خارجہ ہیں، اس سے قبل تہمینہ جنجوعہ سیکرٹری خارجہ کے عہدے پر فائض رہ چکی ہیں۔ آمنہ بلوچ اس سے قبل بھی بیرون ممالک پاکستانی مشنز میں اہم عہدوں پر فائض رہ چکی ہیں، انہوں نے چین میں بطور قونسل جنرل اور ملائیشیا میں ہائی کمشنر کی ذمے داریاں بھی نبھائی ہیں۔

بقیہ 56 — سینیٹ

میں سیکرٹری منصوبہ بندی کمیٹی کو اپنی وزارت کی کارکردگی سے آگاہ کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ کمیٹی کو تیرہویں پانچ سالہ منصوبے کے بارے میں بھی بریفنگ دیں گے

بقیہ 57 — صوبہ

آئی ہے میٹرک اور ایف ایس سی کے سالانہ نتائج میں 90 فیصد سے زائد رزلٹ اس امر کی غمازی کرتا ہے کہ ان کے قائدانہ وژن اور اصلاحاتی ایجنڈا کی بدولت صوبہ میں تعلیمی اہداف کے حصول میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کی گئی ہے یہاں میں کہا گیا ہے ان چند اقدامات میں سکول ایجوکیشن کی متحرک ٹیم ورک اور اصلاحات کی بدولت صوبہ بھر میں مختصر دورانیہ میں 470 سے زائد غیر فعال اسکولوں کو مکمل طور پر فعال کردیا گیا ہے جو کسی اعزاز سے کم نہیں، بیان میں کہا گیا ہے کہ محکمہ سکول ایجوکیشن میں اساتذہ کی کمی کا سامنا ہے لیکن ان بند اسکولوں کو فعال کرنے کیلئے اساتذہ کی دستیابی کو پورا کرنے کے لئے مختلف اضلاع میں ان سکولوں سے اساتذہ کی پوسٹنگ ممکن کی گئی ہے

بقیہ 58 — معیشت

خاطر اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا گیا ہے۔ کریک ڈاؤن کے دوران کم تا 8 ستمبر ملک بھر سے 126.4 میٹرک ٹن چینی، 4 میٹرک ٹن آٹا، 3252 سگریٹ کے اسٹاکس، 58 کپڑے کے تھان اور 0.959 ملین لیٹر ایرانی تیل برآمد ہوا۔ متعلقہ اداروں نے کراچی سے 1098 اور کوئٹہ سے 2154 سگریٹ کے اسٹاکس ضبط کیے۔ اسی طرح ملتان سے 120 اور کوئٹہ سے 6.4 میٹرک ٹن چینی ضبط ہوئی

بقیہ 59 — علاقہ کیٹنوں

نوجوانان کے عہدے داران اور علاقائی مشران شامل تھے۔ اس موقع پر صوبر کاکڑ نے یقین دہانی کرائی کہ تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کے بعد قبضہ ثابت ہونے پر فوری کارروائی کی جائے گی

بقیہ 60 — سندھ ہائی کورٹ

سید برکت علی اورنگی ٹاؤن سے لاپتہ ہیں، بازیابی کے لیے متعدد جے آئی ٹیز اور صوبائی ٹاسک فورس کے اجلاس ہوچکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تفتیش سے معلوم ہوا ہے کہ شہری ازخود لاپتہ ہوئے ہیں، محمد طارق خان عوامی کالونی سے لاپتہ ہوا ہے، تحقیقات سے معلوم ہوا، شہری ماہی گیروں کے ساتھ مختلف علاقوں میں جاتا رہتا تھا

بقیہ 61 — گورنر سندھ

تحریر کئے۔ بعد ازاں گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد اعظم جرات، عزم و استقلال جیسی خوبیوں کے حامل تھے، قائد کے اتحاد، یقین محکم اور نظم وضبط کے اصول انتہائی ناگزیر ہیں، بانی پاکستان ساری زندگی جمہوری اصولوں کی سربلندی پر کاربند رہے، بابائے قوم کے رہنما اصول ہمارا نصب العین ہے۔ گورنر سندھ نے مزید کہا کہ آج پاکستان اپنی تاریخ کے اہم موڑ پر کھڑا ہے، قائد اعظم کے نظریہ کے تحت ملک میں شدت پسندی اور انتہا پسندی کی کوئی جگہ نہیں، موجودہ حکومت ملک کو قائد کا پاکستان بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 62 — صادق سنجرانی

میں حلقہ پی بی 32 چاغی سے کامیاب امیدوار محمد صادق سنجرانی، (سابق چیئرمین سینیٹ) کے خلاف میر امان اللہ نوتیزئی کی جانب سے دائر کردہ انتخابی عذرداری کیس کا محفوظ فیصلہ سنا دیا، جسکے مطابق معزز ٹربیونل نے تمام گواہان کی بیانات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کرتے ہوئے اس نتیجے پر پہنچا کہ الیکشن پٹیشن قابل رفتارنہ ہونے کی باعث اور عدم ثبوت اور ناقص شہادتوں کی بنیاد پر خارج کر دیا۔ صادق سنجرانی کی جانب سے کیس کی پیروی اسکے وکلا قاضی نجیب الرحمٰن، بلوچ خان، راشد ایوب اور عبدالجلیل بلوچ اور علامرزاق، ایڈوکیٹ جبکہ امان اللہ نوتیزئی کی جانب سے کیس کی پیروی عبدالستار اور محمد اسحاق نوتیزئی، ایڈوکیٹ نے کی

بقیہ 63 — پی آئی اے

اتھی آمد اور روانگی کی 2 پروازیں پی کے 117 اور 218 منسوخ کر دی گئی ہیں۔ کراچی سے اسلام آباد کی پرواز پی کے 30 دو گھنٹے جبکہ کراچی سے اسلام آباد کی پرواز پی کے 306 ایک گھنٹہ تاخیر کا شکار ہے۔ جدہ سے لاہور کی غیر ملکی ایئر لائن کی پروازوں ایس وی 738 اور 739، غیر ملکی ایئر لائن کی لندن سے اسلام آباد کی پروازیں پی اے 260 اور 261 ایک گھنٹہ تاخیر کا شکار ہیں۔ اسلام آباد سے جدہ کی پی آئی اے کی پرواز پی کے 741 ڈیڑھ گھنٹے جبکہ اسلام آباد سے اسکردو کی پرواز پی کے 251 تین گھنٹے تاخیر سے صبح 10 بجے جائے گی۔

بقیہ 64 — پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

ہوئے اسے آمرانہ قوتوں کی جانب سے آئینی اداروں کی پامالی کی بدترین مثال قرار دیا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ ملکی آئین سب سے اہم دستاویز ہے، جس کے ذریعے عوام کے نمائندوں کے انتخاب کرکے ایک جمہوری پارلیمنٹ کے ذریعے امور مملکت کو چلایا جاتا ہے لیکن گزشتہ روز فارم 47 کی مسلط اور نام نہاد حکومت نے غیر جمہوری طرز عمل اختیار کرتے ہوئے جس انداز میں پارلیمنٹ پر حملہ کیا اور اراکین پارلیمنٹ کو گرفتار کیا

بقیہ 65 — وزیر خزانہ

مطابق وزیر خزانہ نے پائیدار معاشی نمو اور استحکام کے لیے سٹرکچرل ریفارمز کو یقینی بنانے پر زور دیا، سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کے مسلسل معاشی تعاون کو سراہا ہے اور انہوں نے سعودی سرمایہ کاروں کے پاکستان کے نجی شعبے میں تعاون اور دلچسپی کے اظہار پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ ملاقات میں وزیر خزانہ نے رواں برس واشنگٹن میں سعودی وزیر خزانہ محمد الجدعان اور سعودی فنڈ فار ڈویلپمنٹ کے سی ای او عبدالرحمان المرشد سے ہونے والی مفید ملاقاتوں کا تذکرہ بھی کیا

بقیہ 66 — پنجاب

نے اسلام آباد کے صارفین کیلئے بجلی کے بلوں پر سبسڈی واپس لینے کی تصدیق کی اور کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز اسلام آباد کے صارفین کو سبسڈی دینا چاہتی تھیں مگر آئی ایم ایف کیساتھ معاہدے کی وجہ سے وفاقی علاقے کے صارفین کو یہ ریلیف نہیں مل سکا۔ تاہم پنجاب کے صارفین کیلئے سبسڈی 30 ستمبر تک برقرار رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات کررہے ہیں

بقیہ 67 — پاکستان

ہے، دشمن ممالک خاص طور پر بھارت کبھی بھی نہیں چاہتا کہ پاکستان ترقی کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر علامہ شاہ نواز فاروقی، مولانا خالد محمود قاسمی، سید سمیع اللہ حسینی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا حفیظ الرحمن کشمیری، میاں محمد طیب ایڈووکیٹ سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔

بقیہ 68 — پاکستان

کے درمیان تجارت اور ترقی کے منصوبے زیر غور آئیں گے۔ وزارت تجارت جام کمال خان کی سربراہی میں خطے میں اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لیے اجلاس کی میزبانی کررہی ہے۔ ایس سی او وزراء خطے میں پائیدار ترقی اور تجارتی تعلقات مضبوط کرنے پر غور کریں گے۔ وزارتی اجلاس کے نتائج پر آئندہ حکومتی سربراہان کی کونسل کے اجلاس میں بحث ہوگی۔ پاکستان شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان کی کونسل کا موجودہ چیئر ہے۔ ایس سی او دنیا کی نصف آبادی اور عالمی جی ڈی پی کا بڑا حصہ ہے۔ پاکستان علاقائی تجارتی شراکت داری کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت اقتصادی چیلنجوں سے نمٹنے کی حکمت عملی پر بات ہوگی۔ اجلاس کا مقصد خطے میں اقتصادی مواقع سے فائدہ اٹھانے کے طریقے تلاش کرنا ہے۔

بقیہ 69 — اسلام آباد

بھی آپریشن میں حصہ لیا۔ سپریم کورٹ نے مونال ریسٹورنٹ کی انتظامیہ کو تین ماہ کی مہلت دی تھی۔ اس مہلت کے بعد مونال ریسٹورنٹ کے مالک نے سپریم کورٹ کو 11 ستمبر کی تاریخ دی تھی۔ مونال ریسٹورنٹ کا تنازع کچھ سال پہلے سی ڈی اے اور ایک عسکری ادارے کے درمیان شروع ہوا تھا۔ شروع میں مونال ریسٹورنٹ کا کرایہ سی ڈی اے کو جاتا تھا لیکن بعد میں ایک عسکری ادارے نے یہ دعویٰ کیا کہ یہ جگہ ان کی ہے جس کے بعد کرایہ انہیں جانا شروع ہوگیا تاہم یہ معاملہ بڑھتے بڑھتے سپریم کورٹ تک پہنچ گیا اور پھر سپریم کورٹ نے اسے ہمیشہ کے لیے بند کرنے کا حکم دے دیا

بقیہ 70 — امیر مقام

بھی شامل تھے۔ اجلاس میں سیکرٹری وزارت امور کشمیر و گلگت بلتستان ویسم اجمل چوہدری، ایڈیشنل سیکرٹری امور کشمیر خالد علی رضا گردیزی اور جوائنٹ سیکرٹری گلگت بلتستان کونسل سعد حیر خان خٹک نے شرکت کی۔ وزارت کے حکام نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان ایک جامع شراکت داری ہے جو اعتماد، اقتصادی تعاون، سیکورٹی تعاون، ثقافتی تبادلے، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عالمی تعاون پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی گلگت بلتستان کے ساتھ تقریباً 595 کلومیٹر طویل سرحد ہے، سرحدی خطہ اقتصادی اور ثقافتی اہمیت کا حامل ہے

بقیہ 71 — ایوان

37 ہزار روپے نہیں دی جارہی جس پر وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی وی میں کم از کم اجرت کی خلاف ورزی ہو رہی تھی ہم نے ریڈیو پاکستان اور پی ٹی وی میں کم از کم اجرت دینے پر عمل شروع کردیا ہے اس حوالے سے پی ای ای او اے پی این ایس سے بھی بات کی ہے کہ کم از کم اجرت پر عمل کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کیا قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ کی سربراہی میں منعقد ہوا

بقیہ 72 — قیام

قائد اعظم جمہوریت کے سنہرے اصولوں مساوات آزادی سماجی انصاف پر غیر متزلزل یقین رکھتے تھے انہوں نے کہا ہے کہ قائد اعظم کی فکر کے عین مطابق قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو نے قوم کو آئین کی کتاب کا تحفہ دیا پیپلز پارٹی قائد کے افکار کے مطابق آئینی و انسانی حقوق کی پاسبان ہے قائد اعظم کا فلسفہ تفریق امتیازی سلوک اور دوہرے معیار کی بجائے برابری اور مساوات ہے نیر بخاری نے مزید کہا ہے کہ زبردستی نظریات مسلط کرنا قائد اعظم کی فکر کی نفی ہے قائد اعظم کے فلسفے پر عمل پیرا رہنے کے عہد کی تجدید کی اشد ضرورت ہے

بقیہ 73 — مزدور فیڈریشن

کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر نعمت اللہ کرد کے خلاف کوئی ثبوت موجود ہے تو انہیں گرفتار کرکے عدالت میں پیش کیا جائے اس طرح رات کے اندھیرے میں گھر پر چھاپہ مارنا اور خوف و ہراس پھیلانا انسانی حقوق کی پامالی اور قابل مذمت عمل ہے انہوں نے کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی نجکاری یا ملازمین کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے اقدام سے تعبیر کرتے ہوئے کہا کہ پی این پی برگز ملازمین اور مزدور طبقہ کے خلاف نجکاری کی سازش پر خاموش نہیں بیٹھے گی کسی بھی محکمے میں یونین اور مزدور فیڈریشن کی تشکیل اس محکمہ کے ملازمین کا قانونی اور آئینی حق ہے لہذا کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی یونین کے خلاف کوئی بھی کارروائی ناقابل قبول ہے کوئٹہ شہر کی صفائی اور عوام کی خدمت کیلئے میٹروپولیٹن کے ملازمین دن رات کوشاں ہیں

بقیہ 74 — صدر پاکستان

کے وکیل نے کہا کہ سینیٹ میں صوبے کے 11 سیٹوں پر انتخابات ہونے ہیں، خیبر پختونخوا اسمبلی کا الیکٹرول ابھی پورا نہیں۔ جسٹس وقار احمد نے کہا کہ اب آپ اتنے معصوم نہ بنے، سینیٹ کے انتخابات کیوں نہیں ہورہے، جس پر درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ یہ آئین کو نہیں مانتے ہیں۔ چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ اشتیاق ابراہیم نے ریمارکس دیے کہ جس کو جہاں ضرورت ہوتی ہے ویسے ہی آئین کو مانا جاتا ہے۔ جسٹس وقار احمد نے کہا کہ ملک کی کون سی اسمبلی ہے

بقیہ 75 — اتحاد و یکجہتی

مہم دوران رابطہ عوام ممبر سازی پر خصوصی توجہ دیں نبی پاک ﷺ کی شان میں گستاخی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی عوام علماء کرام اور ہر طبقہ متحد ہوجائے تو عدالتیں بھی فیصلوں پر نظرثانی کیلئے مجبور ہوجاتی ہیں حقوق کا حصول، عدل و انصاف کا قیام اتحاد ویکجہتی کی صورت میں ممکن ہے حکومت ادارے اور سیکورٹی فورسز عوام کی جان و مال کی حفاظت کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں نفرتوں تعصب کا خاتمہ اتحاد و یکجہتی کی فضا سازگار بنانے کی ضرورت ہے

بقیہ 76 — مسلم امہ

مولوی رحمت اللہ حقانی صوبائی سیکرٹری مالیات مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی سالار حاجی شیر جان کاکڑ ڈپٹی سیکرٹری شیر جان صالح نے گستاخ رسول ﷺ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شاتم رسول ﷺ نے شان اقدس میں گستاخی سے مسلم امہ کی دل آزاری کی اس گستاخانہ وناپاک جسارت کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے ہر مسلمان ناموس رسالت ﷺ کے تحفظ کیلئے مرمٹنے کا جذبہ رکھتا ہے توہین کی جسارت سے قوم شدید غم و غصہ، ذہنی انتشار اور بے قراری کا شکار ہے توہین کی ناپاک جسارت کرنے والے شخص کو جلد از جلد پھانسی دے کر نشان عبرت بنایا جائے C-295 کا قانون موجود ہے جو توہین رسالت ﷺ کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچاتا ہے انہوں نے کہا کہ حرمت رسول ﷺ کا تحفظ امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے متحد ہوکر شاتم رسول ﷺ کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے محدثین و فقہاء کا اجماع ہے کہ شاتم رسول ﷺ توبہ کے باوجود قتل کی سزا کا مستحق ہے شاتم رسول ﷺ فسادی الارض کا مرتکب ہوتا ہے اور اسکی توبہ سے اس بگاڑ اور فساد کی تلافی اور ازالہ نہیں ہوتا جو اس نے لوگوں کے دلوں میں پیدا کیا

بقیہ 77 — سپیکر ایاز صادق

کے جعلی اور درباری وزراء سے یہی توقع کی جاسکتی ہے۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف کا کہنا تھا کہ جعلی حکومت کچھ بھی کرلیں مگر غیر قانونی ترامیم پاس نہیں ہونے دیں گے، جعلی حکومت 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن پر بہت واویلا مچاتے ہیں مگر اپنے گھر پارلیمان کی بے توقیری پر خوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جعلی وزراء 9 مئی کے ڈرامے پر مگرمچھ کے آنسو بہانا بند کریں، آج اصلی حکومت ہوتی تو پارلیمان کی اس طرح بے توقیری کبھی نہ ہونے دیتی، سپیکر ایاز صادق آئیں بائیں شائیں سے کام نہ لیں

پاکستان کا سب سے بڑا اثاثہ ملک کے باصلاحیت نوجوان ہیں، وزیراعظم

انٹرنیشنل مکس مارشل آرٹس فیڈریشن ایشین چیمپئن شپ میں 12 میڈل جیت کر ملک وقوم کا سر فخر سے بلند کیا

آپ سب کی صلاحیتوں کو دیکھ کر اطمینان ہوتا ہے شہباز شریف سے پاکستان مکس مارشل آرٹس فیڈریشن کے عہدیداران کی ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کا سب سے بڑا اثاثہ پاکستان کے باصلاحیت نوجوان ہیں' انٹرنیشنل مکس مارشل آرٹس فیڈریشن ایشین چیمپئن شپ میں پاکستان کے کھلاڑیوں نے 12 میڈل جیت کر ملک وقوم کا سر فخر سے بلند کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان مکس مارشل آرٹس فیڈریشن (MMA) کے عہدیداران اور کھلاڑیوں نے وزیراعظم......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر علی مدد جتک اور پارلیمانی سیکرٹری میر برکت رند ملاقات کر رہے ہیں

سینیٹ قائمہ کمیٹی نے ٹیکرو فیلیا کو جرم قرار دینے کیلئے قوانین کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے ٹیکرو فیلیا کو جرم قرار دینے کے لیے قوانین کی منظوری دے دی۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس سینیٹر شہادت اعوان کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ اجلاس میں سینیٹر عرفان الحق صدیقی اور ثمینہ ممتاز زہری سمیت متعلقہ محکموں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران کمیٹی کو مختلف پرائیویٹ ممبرز بلز کا جائزہ لینا تھا تاہم بل پیش کرنے والے اراکین کی عدم موجودگی کی وجہ سے کارروائی موثر کرنی پڑی۔ اجلاس کے دوران زیادہ تر بل ملتوی ہونے کے سبب......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

قائداعظمؒ نے برصغیر کے مسلمانوں کو غلامی سے نجات کا راستہ دکھایا' بخت کاکڑ

ہمیں بانی پاکستان کے افکار ونظریات کو مشعل راہ بنا کر ملک کو ترقی کی جانب گامزن کرنا ہے صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح ایک مدبر رہنما اور متحرک سیاسی شخصیت کے حامل شخص تھے ان کے ولولہ انگیز قیادت نے برصغیر کے مسلمانوں کو غلامی سے نجات کا راستہ دکھایا بانی پاکستان کی انتھک محنت اور کوششوں سے برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی کی نعمت نصیب ہوئی قائداعظم محمد علی جناح کی یوم وفات 11 ستمبر کی مناسبت سے اپنے پیغام میں انہوں......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کیلئے محکمہ ترقی نسواں سرگرم ہے' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

محکمہ صنعت سے تربیت یافتہ افراد کو انکیوبیشن سینٹرز کے ذریعے مواقع فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ محکمہ صنعت سے تربیت یافتہ افراد کو کاروباری صلاحیتیں نکھارنے کے لئے محکمہ ترقی نسواں اپنے انکیوبیشن سینٹرز کے ذریعے مواقع فراہم کرنے کو تیار ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ انڈسٹریز کے دورے کے موقع پر کیا۔ ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز انیس گورگیج نے صوبائی مشیر محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو محکمے کے امور پر جامع بریفنگ دی اس......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی، نئے ٹراما سینٹر کی تعمیر اور بڑے ہسپتالوں کی انتظامی خودمختاری سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قائداعظم نے ہمیں انگریزوں کی غلامی سے آزاد کرایا' جمال رئیسانی

پاکستان ایک خوبصورت گلدستہ یہاں آباد اقوام پھولوں کی مانند ہیں' رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کا احسان ہے کہ انہوں نے ہمیں انگریزوں کی غلامی سے آزاد کرایا، پاکستان ایک خوبصورت گلدستہ یہاں آباد اقوام مختلف قسم کے پھولوں کی مانند آباد ہے، ہمارا فرض ہے کہ وطن کی بقاء کی خاطر تن من دھن لگا دیں......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

اقدامات کے باوجود پاکستان میں ایرانی پیٹرول کی ترسیل روکی نہیں جاسکی' محمد عبدالقادر

ایران سے پاکستان لائی جانے والی پیٹرول کو قانونی تحفظ فراہم کیا جائے' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں ایرانی پیٹرول کا کاروبار وسیع پیمانے پر کیا جاتا ہے۔ تمام تر حکومتی اقدامات کے باوجود پاکستان میں ایرانی پیٹرول کی ترسیل روکی نہیں جاسکی اگر ایران سے لائی جانے والی پیٹرول کے کاروبار کو روک دیا گیا تو لاکھوں لوگ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے 4000 سے زائد افراد کو فورتھ شیڈول میں شامل کیا گیا ہے، اختر مینگل

فورتھ شیڈول میں شامل کرنا بلوچستان میں جمہوریت کے پھلنے پھولنے کی علامت یا یہ انتقامی کارروائی کے مترادف ہے؟

بلوچستان اور سندھ دونوں صوبوں میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، جہاں پر امن مظاہروں کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے

ہمیں تسلیم کرنا چاہیے کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے بھی اس ملک کو اس مقام تک پہنچانے میں برابر کا کردار ادا کیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل نے سماجی ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ نہایت ہی احترام کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان اور سندھ دونوں صوبوں میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، جہاں پرامن مظاہروں کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ لیاری اور ملیر کے بلوچ مرد، خواتین اور بچے، جو ہمیشہ پیپلز پارٹی کو ووٹ دیتے آئے ہیں، انہیں صوبائی......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی رکن اسمبلی کو وطن واپسی پر گرفتار نہ کیا جائے، اسلام آباد ہائیکورٹ

کس قانون کے تحت آپ ان کے نام اس لسٹ میں ڈالتے ہیں، رولز 22 وفاق کا دائرہ اختیار ہے آپ کیسے استعمال کرتے ہیں؟ بابر ستار

رولز 22 کے تحت ہم نام لسٹ میں ڈالتے ہیں، وفاقی کابینہ نے اختیار تفویض کیا ہوا ہے رولز میں لکھا ہے، ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹ

اسلام آباد (مڈ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت دی ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے ممبر قومی اسمبلی مبین عارف کو ملک واپسی پر گرفتار نہ کیا جائے۔ جسٹس بابر ستار پی ٹی آئی کے ممبر قومی اسمبلی مبین عارف کی پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (پی سی ایل) سے نام نکلوانے کی درخواست پر سماعت کی اس موقع پر درخواست گزار کی جانب سے رضوان اختر اعوان ایڈووکیٹ عدالت......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان چائنہ کے وزیر تنگ جی سے مصافحہ کر رہے ہیں

تربت شہر میں بم دھماکے کی مذمت کرتے ہیں، میر ظہور بلیدی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ تربت شہر میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہیں جس میں بے گناہ لوگ زخمی ہوئے......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ریاض حسین پیرزادہ کا وزارت کی گاڑیاں اور اسٹاف غیر قانونی لے جانے پر نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ نے وزارت کی گاڑیاں اور اسٹاف کے غیر قانونی استعمال پر نوٹس لے لیا۔ ریاض حسین پیرزادہ نے رخصت ہونے والے سینئر افسران کے گاڑیاں اور اسٹاف ساتھ لے جانے......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ایران جانے والے زائرین کی واپسی بھی تفتان بارڈر سے ہی ہوگی' ڈی سی گوادر

جیونی گبد ردان بارڈر استعمال کرنے والے زائرین کیخلاف سخت کارروائی ہوگی' حمود الرحمان

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر حمود الرحمان نے زائرین کے سالاروں کے لئے ایک اہم پریس ریلیز جاری کی ہے، جس میں ہدایت دی گئی ہے کہ تفتان سے ایران جانے والے زائرین کی واپسی بھی تفتان بارڈر سے ہی ہوگی جیونی گبد ردان بارڈر استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، اور خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ مزید برآں ان بارڈرز پر کسٹم اور ایف آئی اے کلیئرنس نہیں دی جائے گی، اور زائرین کو تفتان بارڈر واپس بھیج دیا جائے گا۔

سینیٹ، قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس ممبران کی عدم دستیابی کے باعث ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس ممبران کی عدم دستیابی کے باعث ملتوی کر دیا گیا۔ سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس سینیٹر شہادت اعوان کی زیر صدارت ہوا۔ چیئرمین کمیٹی نے سیکریٹری داخلہ کو پارلیمنٹ سے ہونے والی گرفتاریوں کی تفصیلات منگوانے کی ہدایت......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

محمد علی جناحؒ عظیم لیڈر و ذہین ترین انسان تھے' ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

قیام پاکستان قائداعظم کی انتھک کاوشوں کا نتیجہ ہے' سیدال خان کا برسی کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح عظیم لیڈر اور ذہین ترین انسان تھے، قیام پاکستان ان کی انتھک کاوشوں کا نتیجہ ہے بدھ کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق قائداعظم محمد علی جناحؒ کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں سیدال خان نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح ایک عظیم لیڈر اور ذہین ترین انسان تھے انہوں نے اپنے اعلیٰ کردار، مستقل مزاجی اور جدوجہد مسلسل سے برصغیر کے......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی میڈیا کی جانبداری عمران خان کے ایجنڈے کی عکاس ہے، مشیر قانون وانصاف

اسرائیلی میڈیا پاکستانی حکومت و فوج مخالف بیانیے کو نمایاں کرکے پیش کررہا ہے' بیرسٹر عقیل ملک

بانی پی ٹی آئی اسرائیل سے تعلقات کیلئے موزوں ترین' مولانا فضل الرحمان و حکیم سعید نے عمران خان کو پہلے ہی ایجنٹ قرار دیا تھا

اسلام آباد (آن لائن) مشیر قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ اسرائیلی میڈیا مسلسل بانی پی ٹی آئی اور انکی پارٹی کی حمایت کر رہا ہے، ٹائمز آف اسرائیل اور یروشلم پوسٹ کی جانبداری عمران خان کے اسرائیلی ایجنڈے کی عکاسی ہے، اسرائیلی میڈیا کی یہ حمایت مولانا فضل الرحمان اور حکیم محمد سعید کی عمران خان سے متعلق کی گئی پیشن گوئیوں کو درست ثابت کرتی ہے مشیر قانون وانصاف بیرسٹر عقیل......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی محکمہ انڈسٹریز کی تیارکردہ مصنوعات کا معائنہ کر رہے ہیں

آمنہ بلوچ نے سیکریٹری خارجہ کی ذمے داریاں سنبھال لیں

اسلام آباد (این این آئی) آمنہ بلوچ نے سیکریٹری خارجہ کی ذمے داریاں سنبھال لیں اس حوالے سے ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے بتایا کہ آمنہ بلوچ 33 ویں خارجہ سیکریٹری تعینات ہوئی ہیں، وہ ایک تجربہ کار سفارت کار ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی و ترقی کا اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی و ترقی کا اجلاس آج ہوگا۔ یہ اجلاس آج جمعرات 12 ستمبر دن ساڑھے دس بجے پارلیمنٹ ہاؤس کی کمیٹی روم نمبر چار میں چیئرمین سینیٹر قرۃ العین مری کی صدارت میں منعقد ہوگا جس......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا حصہ بننا سیاسی موت کے سوا کچھ نہیں' حافظ حمد اللہ

حکومت کی حمایت کرنا ہماری مجبوری نہیں' مرکزی رہنما جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما، حافظ حمد اللہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومت کا حصہ بننا آ بیل مجھے مار کی مانند جو سیاسی موت کے سوا کچھ نہیں ہے جے یو آئی اپوزیشن کا حصہ ہے اور اپوزیشن میں ہی رہے گی، حکومت کی حمایت کرنا یا حصہ بننا ہماری مجبوری نہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت پر عوام کا اعتماد نہیں سب جانتے ہیں حکومت کون چلا رہا ہے پارلیمنٹ خودمختار حیثیت کھو چکی ہے، جے یو آئی کی جدوجہد ایک خودمختار پارلیمنٹ کیلئے ہے

گورنر سندھ کی بابائے قوم کی 76 ویں برسی پر مزار پر حاضری

پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی بھی کی۔ مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات تحریر کئے

آج ہم سب کو قائد کے نقش قدم پر چلنے کی ضرورت ہے۔ گورنر سندھ کی میڈیا سے بات چیت

کراچی (آن لائن) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی 76 ویں برسی کے موقع پر مزار پر حاضری دی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور اراکین صوبائی اسمبلی بھی موجود تھے۔ گورنر سندھ نے مزار پر پھولوں کی چادر رکھی اور فاتحہ خوانی کی اور مہمانوں کی کتاب میں عظیم قائد کے لئے اپنے تاثرات......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ ہائی کورٹ نے لاپتہ شہریوں کی تازہ ٹریول ہسٹری طلب کرلی

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائی کورٹ نے کراچی کے مختلف علاقوں سے لاپتہ شہریوں کی تازہ ٹریول ہسٹری طلب کرلی۔ سندھ ہائی کورٹ میں کراچی کے مختلف علاقوں سے لاپتہ ہونے والے شہریوں کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر سماعت ہوئی، متعدد لاپتہ شہریوں کے اہلخانہ عدالت پیش نہ ہوسکے۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ سید طاہر علی اور......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

حضور ﷺ کی شان میں گستاخی بدبختی کی بدترین مثال ہے' مولانا عبدالرحمان رفیق

گستاخ رسول ﷺ کو شریعت و قانون کے مطابق فیصلہ کر کے قرار واقعی سزا دی جائے' رہنما جمعیت

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق نے کوئٹہ کے علاقے جبل نور میں ایک شخص کی جانب سے مبینہ ویڈیو کلپ کے ذریعے پیغمبر اسلام ﷺ کی شان میں بدترین گستاخی پر شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حضور ﷺ کی شان میں گستاخی بدبختی کی بدترین مثال ہے شہر کو تباہی سے بچانے کیلئے علماء کرام کا کردار قابل ستائش ہے گستاخ عبدالعلی عرف لالا ولد عبدالباقی نے سرور دو جہاں حضرت محمد ﷺ کی شان......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی ترقی کے بغیر پاکستان خوشحال نہیں ہوسکتا' جمال شاہ کاکڑ

قومی اسمبلی اجلاس میں ایک دن بلوچستان کے مسائل پر بحث کیلئے رکھا جائے' رہنما مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی میں ایک دن بلوچستان کے مسائل کیلئے رکھا جائے، بلوچستان پاکستان کا اہم صوبہ جس کی ترقی کیلئے بغیر یہ ملک ترقی نہیں کرسکتا، صوبے میں امن وامان، بے روزگاری، مہنگائی سمیت دیگر امور خصوصی وتیجہ خیز بحث کی......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل نے غزہ کو قیدخانہ بنا کر رکھ دیا' ملی یکجہتی کونسل بلوچستان

"یکجہتی فلسطین و غزہ" کے عنوان سے مشترکہ کانفرنس اکتوبر میں منعقد کی جائیگی' رہنماؤں کا فیصلہ

کوئٹہ (آئی این پی) ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کے ممبر جماعتوں جماعت اسلامی، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ﷺ، جماعت اہل حدیث، پاکستان ملی مسلم لیگ، جمعیت علماء پاکستان، مجلس وحدت المسلمین، جمعیت اتحاد العلماء کے رہنماؤں کے سربراہی اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ فلسطین غزہ میں طوفان الاقصیٰ کا ایک سال مکمل ہونے پر ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کی جانب سے غزہ میں یہودی اسرائیل مظالم کے خلاف اور مجاہدین غزہ سے یکجہتی کیلئے "یکجہتی......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے

تعیناتی کے منتظر علی اکبر بلوچ سیکرٹری محکمہ زراعت' یاسر اقبال دشتی ڈپٹی کمشنر خضدار تعینات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے' محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق تعیناتی کے منتظر علی اکبر بلوچ کو سیکرٹری محکمہ زراعت، یاسر اقبال دشتی کو ڈپٹی کمشنر خضدار، زاہد احمد کو ڈپٹی کمشنر پنجگور جبکہ داؤد بازئی، محمد عارف زرکون کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ خزانہ کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، شعیب نوشیروانی

محکمے کی بہتر کارکردگی سے صوبے کے مستقبل پر مثبت اثرات مرتب ہونگے، عوام کے مسائل حل کرنے میں رکاوٹ نہیں ہوگی

اجلاس میں صوبے کے ترقیاتی وغیر ترقیاتی بجٹ کے تحت اب تک تمام جاری شدہ فنڈز، پیش رفت، فنڈز کے خرچ کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی کے زیر صدارت محکمہ خزانہ کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں سیکرٹری خزانہ بابر خان، ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ اورنگزیب کاسی، ڈی جی ٹریژری محمد افضل خوستی ودیگر حکام نے بھی شرکت کی صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ محکمہ خزانہ صوبے کے مالی استحکام، ترقی وخوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں 18 سال سے کم عمر میں شادیوں کی شرح 45 فیصد قرار

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن (بی سی ایس ڈبلیو) کے مطابق بلوچستان میں کم عمری کی شادیوں کا رجحان پایا جاتا ہے اور لڑکوں کی نسبت لڑکیوں کی کم عمری میں شادیوں کا رجحان زیادہ ہے۔ بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں کم عمری کی شادیوں کے رجحان کے باعث زچگی میں اضافے......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

معیشت کی بحالی کیلئے ملک بھر میں اینٹی اسمگلنگ کریک ڈاؤن جاری

اسلام آباد (این این آئی) معیشت کی بحالی کے لیے ملک گیر سطح پر اینٹی اسمگلنگ کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔ حکومت کی جانب سے ملکی معیشت بحال کرنے کے لیے بڑے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ آٹا، چینی، کھاد اور تیل جیسی اہم اشیا کی اسمگلنگ کے باعث عوام کو بدترین حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عوام کی سلامتی اور مستحکم معیشت کی......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ڈائریکٹر پولیٹیکل افیئرز اینڈ پبلک ریلیشنز فیصل خان طارق سے حاجی اسلم خان ودیگر ملاقات کر رہے ہیں

راحیلہ درانی کی کاوشوں سے تعلیمی اداروں میں بہتری آئی ہے' محکمہ سکولز ایجوکیشن

صوبائی وزیر تعلیم کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے کہ 470 سے زائد غیر فعال اسکول مکمل فعال ہوگئے

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ موجودہ حکومت نے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی اور سیکرٹری سکول ایجوکیشن صالح محمد ناصر کی سربراہی میں مختصر دورانیہ میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی تعلیم دوست وژن کی بدولت تعلیم میں پالیسی سازی اور تعلیم کے فروغ کیلئے متعدد اقدامات اٹھائے گئے ہیں جس سے صوبہ بھر میں تعلیمی اداروں میں خاطر خواہ بہتری......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کلی ملک عمر خان واٹر سپلائی اسکیم پر مبینہ قبضے کیخلاف تحقیقاتی کمیٹی قائم

کمیٹی کی رپورٹ کے بعد قبضہ ثابت ہونے پر فوری کارروائی کی جائیگی' چیئرمین سی ایم آئی ٹی

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان معائنہ کمیٹی ٹیم کے چیئرمین صبور کاکڑ نے کلی ملک عمر خان واٹر سپلائی اسکیم ایئرپورٹ روڈ پر مبینہ قبضے کی تحقیقات کے لئے تحقیقاتی کمیٹی قائم کردی یہ بات سی ایم آئی ٹی کے چیئرمین صبور کاکڑ نے انجمن اتحاد نوجوانان کلی ملک عمر خان کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے بتائی وفد کی قیادت پشتونخوا نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر سابق ایم پی اے نصر اللہ خان زیرے کر رہے تھے۔ وفد میں تاج الدین خان انجمن اتحاد......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

میر صادق سنجرانی کیخلاف الیکشن ٹربیونل میں دائر درخواست خارج کر دی گئی

تمام گواہان کے بیانات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد الیکشن پٹیشن عدم ثبوت ناقص شہادتوں کی بنیاد پر خارج کی گئی

الیکشن ٹربیونل ون نے حلقہ پی بی 43 کوئٹہ VI سے متعلق دائر الیکشن پٹیشن قانونی سقم اور نقائص کی بنا پر خارج کر دی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ کے الیکشن ٹربیونل اے کے جج جسٹس عبداللہ بلوچ پر مشتمل بنچ میں الیکشن عزرداری کیس حلقہ پی بی-32 چاغی محمد صادق سنجرانی سابق چیئرمین سینیٹ کے خلاف میر امان اللہ نوتیزئی کی جانب سے دائر کردہ الیکشن پٹیشن عدم ثبوت کی اور ناقص شہادتوں کی بنیاد پر خارج کر دی گئی۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے جج جسٹس عبداللہ بلوچ پر مشتمل الیکشن ٹربیونل نمبر ون......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف تمام زونل کمانڈرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں 15 ستمبر کو جمہوریت کا عالمی دن منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں 15 ستمبر کو جمہوریت کا عالمی دن منایا جائے گا۔ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام یہ دن منانے کا مقصد دنیا بھر میں جمہوریت کو فروغ دینا ہے۔ اس دن پاکستان اور دنیا کے دیگر ممالک میں جمہوریت کے فروغ کے لیے تقاریب اور سیمینار کا انعقاد کیا جائے گا۔

دشمن پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن نہیں دیکھنا چاہتا' مرکزی علماء کونسل

لاہور (آن لائن) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ دشمن پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن نہیں دیکھنا چاہتا، حکومتوں سے سیاسی اختلافات ہوسکتے ہیں مگر ریاست سے اختلاف غداری کے زمرے میں آتا......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد کی مارگلہ پہاڑیوں کے دامن میں واقع مونال ریسٹورنٹ ہمیشہ کے لیے بند ہوگیا

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد کی مارگلہ پہاڑیوں کے دامن میں واقع مونال ریسٹورنٹ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند ہوگیا۔ بدھ کو ریسٹورنٹ کی مستقل بندش کے وقت جذباتی مناظر دیکھنے کو ملے۔ سٹاف کے سینکڑوں افراد روتے رہے اور ایک دوسرے کو دلاسہ دیتے رہے۔ ریسٹورنٹ کا ملبہ ہیوی مشینری سے ہٹا دیا گیا۔ سی ڈی اے کے عملے نے......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

IMF کا دباؤ، پنجاب کا اسلام آباد کے بجلی صارفین کیلئے ریلیف واپس

نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی علاقے کے صارفین کو ماہ ستمبر کے بل بجلی کم جولائی کے نرخوں کے مطابق جاری ہونگے

اسلام آباد (آن لائن) پنجاب حکومت نے آئی ایم ایف کے دباؤ پر اسلام آباد کے صارفین کیلئے بجلی کی قیمت پر 14 یونٹ سبسڈی واپس لے لی، جس کے نتیجے میں ستمبر کے بلوں میں وفاقی علاقے کے صارفین 14 روپے یونٹ سبسڈی کے حقدار نہیں ہونگے۔ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی علاقے کے صارفین کو ماہ ستمبر کے بل بجلی کم جولائی کے نرخوں کے مطابق جاری ہونگے۔ رابطے پر وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان آج ایس سی او وزرائے تجارت اجلاس کی میزبانی کرے گا

ایس سی او وزراء خطے میں پائیدار ترقی اور تجارتی تعلقات مضبوط کرنے پر غور کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان 12 ستمبر کو ایس سی او وزرائے تجارت اجلاس کی میزبانی کرے گا۔ اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کریں گے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے وزراء کا 23 واں اجلاس اسلام آباد میں ہوگا۔ ایس سی او وزارتی اجلاس میں تجارت کو بڑھانے اور اقتصادی خوشحالی پر بات ہوگی۔ وزارتی اجلاس کی تیاری 10 اور 11 ستمبر کو وزارت تجارت نے مکمل کی۔ اجلاس میں ایس سی او ممالک......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ بی اے پی کے رہنما ایم پی اے حاجی زابد علی ریکی، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت علی لہڑی کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

شاتم رسول ﷺ نے گستاخی کر کے امت مسلمہ کی دل آزاری کی ہے، جمعیت نظریاتی

ہر مسلمان ناموس رسالت ﷺ کے تحفظ کیلئے مر مٹنے کو تیار' توہین رسالت سے قوم میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے' مولانا عبدالقادر لونی

گستاخ رسول ﷺ کو جلد از جلد پھانسی دے کر نشان عبرت بنایا جائے' مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی' مولانا عبدالرؤف' سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مفتی شفیع الدین مفتی فدا محمد مولانا محمد انور صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی عبداللطیف مجاہد صوبائی سیکرٹری اطلاعات......... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

فارم 47 کی حکومت نے شہریوں سے تحریر وتقریر کا حق بھی چھین لیا، پشتونخوا میپ

پارلیمنٹ میں نقاب پوشوں کی جانب سے اراکین پارلیمنٹ کی غیر قانونی گرفتاریاں قابل مذمت ہے' عبدالقہار ودان

عوام ملک میں جاری جمہوری وآمرانہ قوتوں کی لڑائی میں مثبت کردار ادا کرتے ہوئے بھرپور ساتھ دیں' سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی سینئر نائب صدر ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی نائب صدر مجید خان اچکزئی، صوبائی سیکرٹری کبیر افغان ودیگر صوبائی ایگزیکٹوز نے اپنے مشترکہ بیان میں گزشتہ دنوں پارلیمنٹ کی بے توقیری اور پارلیمنٹ میں نقاب پوشوں کی جانب سے اراکین پارلیمنٹ کی غیر قانونی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی، قاری مہر اللہ، سید عبدالستار شاہ چشتی، مولوی رحمت اللہ مقامی سینٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی (آج) گندم کی درآمد کا جائزہ لے گی

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی آج گندم کی درآمد کا جائزہ لے گی۔ قائمہ کمیٹی برائے تحفظ خوراک کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس آج جمعرات 12 ستمبر کو دن 11 بجے پارلیمنٹ ہاؤس کی کمیٹی روم نمبر سات میں چیئرمین رانا محمد حیات خان کی صدارت میں منعقد ہوگا

کم سے کم اجرت نہ ملنے کا معاملہ ایوان میں پہنچ گیا

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں پیپلز پارٹی کے رہنما آغا رفیع اللہ نے کم از کم اجرت کا معاملہ ایک بار پھر قومی اسمبلی میں اٹھاتے ہوئے کہا کہ قومی اسمبلی کے کیفے ٹیریا میں بھی ملازمین کو کم از کم اجرت......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

قیام پاکستان قائد اعظم کا احسان عظیم ہے' نیر حسین بخاری

قائداعظم کی جمہوری جدوجہد سے پاکستان معرض وجود میں آیا' برسی پر پیغام جاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سیکرٹری جنرل سید نیر حسین بخاری نے بانی پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قیام پاکستان قائداعظم کا احسان عظیم ہے قائداعظم کی جمہوری جدوجہد سے پاکستان معرض وجود میں آیا۔ قائداعظم محمد علی جناح کی برسی پر جاری پیغام میں انہوں نے کہا کہ رہبر ملت قائداعظم نے سب سے پہلے دستور ساز اسمبلی کا افتتاح کیا اور آئین کی تشکیل کیلئے کوشاں رہنما پاکستان......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

صدر پاکستان کے انتخابات ہوگئے تو پھر سینیٹ کے کیوں نہیں ہورہے' پشاور ہائیکورٹ

خیبرپختونخوا اسمبلی کا الیکٹورل ابھی پورا نہیں' وکیل الیکشن کمیشن، اب آپ اتنے معصوم نہ بنیں

پشاور (آن لائن) پشاور ہائیکورٹ نے خیبرپختونخوا میں سینیٹ انتخابات کیس کی سماعت جمعرات تک ملتوی کردی۔ خیبرپختونخوا میں سینیٹ انتخابات کرانے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، پاکستان تحریک انصاف کے سابق سینیٹر اعظم سواتی کی درخواست پر چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس وقار احمد نے سماعت کی۔ دوران سماعت اعظم سواتی کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان سینیٹ انتخابات کرانا نہیں چاہتا۔ الیکشن کمیشن......... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کے آپریشنل مسائل، 6 پروازیں منسوخ

فلائٹ شیڈول کے مطابق مختلف ایئرپورٹس کی 13 ملکی اور غیر ملکی پروازیں تاخیر کا شکار بھی ہوگئیں

اسلام آباد، کراچی (این این آئی) قومی ایئرلائن پی آئی اے کے آپریشنل مسائل کے باعث آج بھی کراچی، اسلام آباد اور پشاور کی 6 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق مختلف ایئرپورٹس کی 13 ملکی اور غیر ملکی پروازیں تاخیر کا شکار بھی ہوئی ہیں۔ کراچی سے اسلام آباد کی پی آئی اے کی 2 پروازیں پی کے 301 اور 319، شارجہ سے اسلام آباد کی پی کے 182 اور ابوظبی سے اسلام آباد کی پی کے 262 کو منسوخ کردیا گیا۔ پشاور......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات

سعودی سرمایہ کاروں کے پاکستان کے نجی شعبے میں تعاون اور دلچسپی پر اظہار تشکر

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کے مسلسل معاشی تعاون کو سراہا اور سعودی سرمایہ کاروں کے پاکستان کے نجی شعبے میں تعاون اور دلچسپی کے اظہار پر بھی روشنی ڈالی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات ہوئی، وزارت خزانہ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

امیر مقام سے ایک اعلیٰ سطحی چینی تجارتی وفد کی ملاقات

جی بی میں سرمایہ کاری سے چین اور پاکستان دونوں کو فائدہ ہوسکتا ہے

اقتصادی ترقی، علاقائی روابط اور مضبوط شراکت داری کو فروغ مل سکتا ہے، امیر مقام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان اور سیفران انجینئر امیر مقام سے سنکیانگ آئرن برادرز کمپنی لمیٹڈ پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی چینی تجارتی وفد نے چار دیگر اہم چینی کاروباری اداروں کے ساتھ بدھ کو یہاں وزارت میں ملاقات کی۔ وفد کی قیادت مسٹر یو آن جیان من (سینئر اور معروف ماہر اقتصادیات) نے کی اور اس کے ساتھ مختلف کاروباری اداروں کی نمائندگی کرنے والے اراکین......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

اداروں کی نجکاری پر خاموش تماشائی بنے نہیں بیٹھیں گے، اے پی این

کوئٹہ میٹروپولیٹن گرینڈ الائنس کے صدر نعمت اللہ کرد کے گھر پر چھاپہ اور عورتوں کو ہراساں کرنا ناقابل برداشت عمل ہے' موسیٰ بلوچ' غلام نبی مری

کسی بھی محکمے میں یونین و مزدور فیڈریشن کی تشکیل ملازمین کا قانونی و آئینی حق ہے' نسیم جاوید ہزارہ' عطاء اللہ کاکڑ

کوئٹہ (آئی این پی) اے این پی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، ممبر سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی و ضلعی اے این پی کوئٹہ صدر غلام نبی مری، انفارمیشن سیکرٹری نسیم جاوید ہزارہ اور لیبر سیکرٹری عطاء اللہ کاکڑ نے گزشتہ دنوں کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے صدر نعمت اللہ کرد کے گھر پر رات کے تین بجے چھاپہ مارنے، چادر و چار دیواری کے تقدس کو پامال کرنے، اہل خانہ کے بچوں اور عورتوں کو ہراساں کرنے......... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

عدل وانصاف کا قیام اتحاد ویکجہتی کی صورت میں ممکن ہے' مولانا ہاشمی

پاک ﷺ کی شان میں گستاخی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی' امیر صوبہ جماعت اسلامی

کوئٹہ (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی، جنرل سیکرٹری زاہد اختر بلوچ، نائب امراء مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر، ڈاکٹر عطاء الرحمان، بشیر احمد ماندائی، امیر محمد عاصم سنجرانی، حافظ محمد اسماعیل مینگل، پروفیسر محمد ایوب منصور نے مشترکہ بیان میں کہا کہ امرائے اضلاع وذمہ داران حق دو بلوچستان......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پی بی 43 کے ایم پی اے میر لیاقت لہڑی کیخلاف عذرداری خارج ہونے کے بعد جلیل بلوچ ایڈووکیٹ، بلوچ خان ایڈووکیٹ ودیگر حمایتوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی محکمہ خزانہ کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پارلیمنٹ پر شب خون مارنے والوں پر آرٹیکل 6 لگایا جانا چاہیے، بیرسٹر سیف

پارلیمان کی بے توقیری پر جعلی وزراء کی ڈھٹائی حیران کن اور پریشان کن ہے، جعلی حکومت اور وزراء پارلیمنٹ کی بے توقیری پر بھی خوش ہیں

جعلی وزراء 9 مئی کے ڈرامے پر مگرمچھ کے آنسو بہانا بند کریں، آج اصلی حکومت ہوتی تو پارلیمان کی اس طرح بے توقیری کبھی نہ ہونے دیتی

پشاور (مڈ) مشیر اطلاعات خیبرپختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ پر شب خون مارنے والوں کیخلاف آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کرنی چاہیے۔ مشیر اطلاعات بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ پارلیمان کی بے توقیری پر جعلی وزراء کی ڈھٹائی حیران کن اور پریشان کن ہے، بعض بانی پی ٹی آئی اور تحریک انصاف میں جعلی حکومت اور وزراء پارلیمنٹ کی بے توقیری پر بھی خوش ہیں، جعلی حکومت......... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر